# خصائصِ علی علیہ السلام

از

امام نسائی

ترجمہ حضرت علامہ

صائم چشتی

چشتی کتب خانہ

فیصل آباد

مناقب حضرت علی علیہ السلام میں

مستند مجموعۂ احادیث

# خصائصِ علی علیہ السلام

از

## امام نسائی رحمۃ اللہ علیہ

ترجمہ

حضرت علامہ صائم چشتی رحمۃ اللہ علیہ

چشتی کتب خانہ جھنگ بازار فیصل آباد

Marfat.com

Marfat.com

١

مناقب حضرت علی علیہ السلام میں

مستند مجموعۂ احادیث

# خصائصِ علی علیہ السلام

از

## امام نسائی رحمۃ اللہ علیہ

ترجمہ

حضرت علامہ صائم چشتی رحمۃ اللہ علیہ

چشتی کتب خانہ جھنگ بازار فیصل آباد

Marfat.com

جملہ حقوق محفوظ ہیں

98115


| | |
|---|---|
| کتاب | خصائص علی |
| مؤلف | امام عبدالرحمٰن احمد بن شعیب نسائی |
| مترجم | علامہ صائم چشتی رحمۃ اللہ علیہ |
| پہلی بار | جمادی الاول 1405ھ |
| آٹھویں بار | جولائی 2006ء |
| طابع | محمد شفیق مجاہد |
| ہدیہ | 160/= |

ملنے کا پتہ

**شبیر برادرز**

اُردو بازار لاہور


Marfat.com

# انتساب

اُن عاشقانِ مولائے کائنات کے نام
جنہوں نے آپ کی محبت وحمایت میں اپنی
جانوں کے نذرانے پیش کیے

صائم چشتیؒ

# نذرِ عقیدت

عاشق مصطفیٰ و مرتضیٰ اِمام الواصلین خیرالتابعین
حضرت اویس قرنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے حضور
جنہوں نے اپنی جان مولائے کائنات کے قدموں
پر نچھاور کر کے حق و باطل میں تفریق فرمادی۔

صائم چشتیؒ

Marfat.com

# فہرست مضامین


تعارف مصنف وتصنیف ۸
شہادت ۱۸
حضرت علی کی نماز کا بیان ۱۹
ناقلین کے اختلاف کا بیان ۲۰
آپ کی عبادت کا بیان ۲۳
مقام علی نگاہِ خدا میں ۲۳
ناقلین کا اختلاف ۳۳
عمران بن حصین کی حدیث ۳۷
حضرت حسن کی حدیث ۳۷
اللہ علی کو کبھی رسوا نہیں کرے گا ۳۸
سورہ توبہ علی لے کر جائیں ۴۰
دنیا وآخرت میں محبت کرنیوالا ۴۰
علی سب سے ایمان لائے ۴۱
اہل بیت کو جس سے پاک کردیا ۴۱
حضرت علی نے اپنی جان کو بیچ دیا ۴۱
علی تم میرے خلیفہ ہو ۴۲
تمام مومنوں کے ولی ۴۳
سوائے علی کے تمام دروازے بند ۴۳
علی مسجد میں آسکتے ہیں ۴۴
جس کا میں مولا ہوں اُس کا علی مولا ہے ۴۴
اللہ راضی ہے ۴۴
علی کے لئے بخشش ہے ۴۶
غم دور کرنے والے کلمات ۴۶
علی کیلئے بخشش کے کلمات ۴۷


Marfat.com

- اللہ نے علی کے دل کا امتحان لے لیا ہے ۴۹
- خدا تیرے دل کی راہنمائی کرے گا ۵۱
- اللہ تمہاری زبان کو ثابت رکھے گا ۵۲
- حضور کی دعا ۵۲
- اللہ تمہارے دل کی راہنمائی فرمائے گا ۵۳
- حضرت علی کا سوال ۵۴
- اللہ راہنمائی فرمائے گا ۵۵
- سوائے علی کے مسجد میں کھلنے والے سب دروازے بند کردیئے جائیں گے ۵۶
- فرمانِ مصطفیٰ درشانِ مرتضیٰ ۵۷
- نہ میں نے کھولا نہ بند کیا ۵۹
- سب دروازے بند کردیئے جائیں ۵۹
- علی جنبی حالت میں بھی مسجد میں آسکتے ہیں ۶۰
- علی کا مقام دربارِ رسول میں ۶۱
- تم مجھے ایسے ہو جیسے موسیٰ کو ہارون ۶۱
- محمد بن المنکدر کا اختلاف ۶۳
- عبداللہ بن شریک کے اختلاف کا ذکر ۷۲
- ابی اسحٰق سے رواۃِ اختلاف کا ذکر ۷۸
- علی میری جان کی طرح ہے ۸۱
- علی کے لئے فرمانِ مصطفیٰ کہ تو میرا امین اور صفی ہے ۸۲
- اپنا پیغام میں خود پہنچاؤں گا یا علی ۸۲
- حضرت علی کو سورہ براۃ دے کر بھیجنا ۸۳
- جس کا میں ولی ہوں اس کا یہ ولی ۸۶


Marfat.com

علی میرے بعد ہر
مومن کا ولی ہے ۹۳
علی کو گالی دینا مجھے
گالی دینا ہے ۹۶
حضرت علی سے دوستی کی ترغیب
اور عداوت سے ترہیب ۹۷
حضور کو علی کے محبت کے لئے
دعا اور دشمن کے لئے بددُعا ۱۰۱
حضرت علی کی مثال ۱۰۶
دربار مصطفٰے میں قُرب و
مقام مرتضٰی ۱۰۶
اس حدیث کے الفاظ میں
اختلاف مغیرہ کا بیان ۱۱۴
مُرتضٰی بر شانہ مصطفٰے
خصوصیت حیدر کرار ۱۱۷
فاطمۃ الزہرا سے شادی ۱۱۹
سیّدہ فاطمہ کی اُمت کی عورتوں
پر سرداری ۱۲۵
فاطمۃ الزہرا حضور کا ٹکڑا ہیں ۱۲۹
ناقلین کے اختلاف کا بیان ۱۳۰
حسنین کریمین رسول اللہ کے بیٹے
دُنیا کی خوشبو جنت کے جوانوں کے
سردار ہیں ۱۳۲
حسنین میرے بیٹے ہیں ۱۳۲
جنت کے جوانوں کے سردار ۱۳۳
حسنین میری خوشبو ہیں ۱۳۴
میری دنیا کی خوشبو ۱۳۵
علی و فاطمہ رسول اللہ کے
عزیز و محبوب ہیں ۱۳۶
جو اپنے لئے مانگا وہ
علی کے لئے مانگا ۱۳۷
حضور کا حضرت علی کو
مخصوص کرنا ۱۳۸
حضرت علی سے گرمی اور سردی
دور ہونے کی خصوصیت ۱۳۹
حضور کا حضرت علی سے مشورہ ۱۴۱


Marfat.com

بد بخت ترین آدمی کا بیان ۱۴۲

حضور کو سب سے آخر میں

ملنے والے شخص کا بیان ۱۴۳

علی تو تنزیل قرآن کی طرح تاویل

قرآن پر بھی جنگ کریگا ۱۴۵

حضرت علی کی نصرت

کی ترغیب ۱۴۶

حضرت عمار کو باغی گروہ

قاتل کرے گا ۱۴۷

خارجیوں کو قتل کرنے والا

گروہ حق پر ہوگا ۱۵۲

خارجیوں سے جنگ کرنا

حضرت علی کی خصوصیت ۱۵۵

راویان حدیث کے متعلق ابو اسحاق

کے اختلاف کا بیان ۱۶۰

خارجی حضرت علی کی جن باتوں

کو ناپسند کرتے تھے ۱۷۰

متقدم الزکر اوصاف احادیث ۱۷۶


Marfat.com

# تعارف مُصنف و تصنیف

﴿از مترجم﴾

یہ کتاب امیر المؤمنین، امام المتقین، مشکل کشا، شیرِ خُدا، اسد اللہ الغالب حضرت علی ابنِ ابی طالب علیہ السلام کے فضائل و مناقب پر احادیث و آثار کا ایسا بیش بہا خزانہ ہے جس کی مثال پوری دُنیا میں نہیں ملتی یوں تو یہ کتاب سیّدنا شیرِ خُدا رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے فضائل و مناقب میں وارد ہونے والی احادیث کا ایک مختصر حصہ ہے مگر اپنی ثقاہت و صحت کے اعتبار سے اِس کی افادیت و اہمیت آپ کی شان میں لکھی جانے والی بڑی بڑی کتابوں سے کہیں زیادہ ہے اس لئے کہ اس کتاب کی تصنیف و تسوید ایک ایسے شخص نے کی ہے جو نہ صرف بلند پایہ محدث اور امام المحدثین ہے بلکہ اپنے ہم عصر آئمہ فن حدیث کا اُستاذ و امام بھی ہے اور خانوادۂ مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا جان نثار عاشق اور علم بردارِ صداقت بھی یہاں تک کہ اس کتاب کی تصنیف و تبلیغ نے اُس کی دنیوی زندگی چھین کر حیاتِ اُخروی اور سرمدی کا مالک بنا دیا۔

اِس کتاب کے مصنف ابو عبد الرحمٰن احمد بن شعیب المعروف امام نسائی ہیں اور یہ وُہی امام نِسائی ہیں جن کی کتاب سُننِ نِسائی شریف شوافع

Marfat.com

کی مشہور کردہ کتب حدیث صحاح ستہ میں سے ایک ہے۔

امام نِسائی کی جلالت علمی اور فن حدیث پر عبُورِ کامل اور اُن کی بلند پایہ شخصیت کے بارے میں اپنی طرف سے کچھ عرض کرنے کی بجائے چند آئمہ حدیث کے ریمارکس پیش کرنے پر اکتفاء کیا جاتا ہے۔

حافظ الحدیث مامون مصری کہتے ہیں کہ ہم ابوعبدالرحمٰن النِسائی کے ساتھ طرطوس کی طرف گئے بہت سے بزرگانِ دین جمع ہو گئے اور حفاظ حدیث میں سے عبداللہ بن احمد بن حنبل اور محمد بن ابراہیم وغیرہ بھی تشریف لائے اور آپس میں مشورہ کیا کہ شیوخ کے مقابلہ میں ان کے لئے کون شخص سب سے زیادہ مناسب ہے سب کا اتفاق ابواعبدالرحمٰن نِسائی پر ہو گیا اور سب نے اُنہیں کا انتخاب تحریر کر دیا۔

شیخ محقق شاہِ عبدالحق محدث دہلوی علیہ الرحمۃ والرضوان امام نسائی کے تعارف کا آغاز اس طرح کرتے ہیں۔

یکے از حفاظ حدیث و عالم و مشارٌ الیہ و مقدم و عمدہ و قدوہ بود بَین اصحاب الحدیث و جرح و تعدیل وے معتر بین العلماء و اول کتابے نوشتہ کہ آں راسُنن کبیر نسائی گویند و آں کتابے است جلیل الشان کو مثل آں نوشتہ نشدہ در جمع طرق حدیث و بیانِ مخرج آں

یعنی آپ محدثین کرام میں حفاظِ حدیث کی جماعت میں بلند پایہ حافظ حدیث مشہور عالم افضل و عمدہ اور مُقتدائے زمانہ تھے علمائے حدیث

Marfat.com

آپکی تعدیل و جرح کو معتبر مانتے ہیں آپ کی پہلی تصنیف کو سُننِ کبیر نسائی کہتے ہیں یہ وہ بلند مرتبہ کتاب ہے کہ جمع طرق حدیث اور بیان مخرج میں اس کی مثل کوئی کتاب نہیں لکھی گئی۔

امام عبداللہ یافعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں۔

امام ابوعبدالرحمٰن نسائی صاحب تصانیف اور اپنے زمانہ کے مُقتدا و پیشوا تھے آپ مصر میں سکونت پذیر تھے اوران کی تصنیفات اُن کے علاقہ میں مشہور و معروف تھیں اور بے شمار لوگ اُن سے افادہ استفادہ حدیث کرتے تھے۔

صاحب مستدرک ابوعبداللہ حاکم فرماتے ہیں۔

۱ ۔ ابوعبدالرحمٰن نسائی کی فقہ وحدیث کے بارے میں گفتگو بیان کرنے سے کہیں بڑھ کر ہے جو شخص بھی اُن کی کتاب سُنن میں غور کرے گا حیران رہ جائے گا۔

۲ ۔ اہل اسلام کے درمیان چار اشخاص کو حفاظ حدیث کے نام سے یاد کیا جاتا ہے جن میں پہلا نام ابوعبدالرحمٰن نسائی علیہ الرحمۃ کا ہے

مشہور محدث امام دارقطنی فرماتے ہیں۔

علم حدیث اور جرح و تعدیل کے لحاظ سے ابوعبدالرحمٰن نسائی رحمۃ اللہ علیہ اپنے زمانہ کے ہر شخص پر مقدم تھے۔

امام نسائی کے ہم عصر مشہور محدث ابوالحسین بن مظفر فرماتے ہیں۔

Marfat.com

مِصر میں ہمارے تمام مشائخ امام نسائی کے تقدم اور اُن کی امامت کا اعتراف کرتے تھے۔ مشہور محدث اور ناقد حافظ ابنِ حجر عسقلانی فرماتے ہیں کہ امام نسائی نقدِ رجال میں انتہائی محتاط معتمد اور اپنے تمام معاصرین پر مقدم تھے فنِ رجال میں ماہرین کی ایک جماعت نے امام نِسائی کو امام مسلم بن حجاج پر بھی ترجیح دی ہے اور دار قطنی وغیرہ نے ان کو فن اسماء رجال اور دیگر علوم حدیث میں امام الآئمہ ابو بکر بن خزیمہ صاحب صحیح سے بھی افضل گردانا ہے۔

مشہور ماہرِ رجال علامہ ذہبی لکھتے ہیں۔

امام نسائی حدیث علل حدیث اور اسمائے رجال کے علوم میں مسلم ترمذی اور ابو داوٗد سے بھی زیادہ ماہر ہیں اور اس میدان میں وہ ابو زرعہ اور بخاری سے کسی طرح بھی پیچھے نہیں

اِس کتاب کے مُصنف کی نادرِ روزگار شخصیت اور اُن کی علمی و جاحت کے مختصر تعارف کے بعد اب اُن سطور کی وضاحت کی جاتی ہے جن میں اشارہ کیا گیا تھا کہ یہ کتاب الخصائص عشق رسول اور محبتِ آلِ رسول کی وہ تفسیر ہے جس کی تسوید و تبلیغ نے مصنف کی ظاہری حیات چھین کر شہادت کا درجہ عطا کیا اور حیات جاودانی کا مالک بنا دیا۔

ثقہ محدثین اور مصنف کے اپنے بیان کے مطابق یہ کتاب بعض ناگزیر حالات میں اُس وقت تصنیف کی گئی جب وہ اپنے مسکن مصر سے دمشق

Marfat.com

تشریف لائے اور وہ ناگزیر اور ناگفتہ بہ حالات یہ تھے کہ اُس زمانہ میں بنوامیّہ کی حکومتوں کے مسلسل زیرِ اثر رہنے کی وجہ سے اہالیانِ دمشق کی اکثریت ناصبیت کا شکار ہو چکی تھی اور لوگ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے تمام گھرانے والوں کو بالعموم اور جناب شیرِ خُدا علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ الکریم کو بالخصوص کھُلے بندوں نشانۂ سب وشتم بناتے اور خاندانِ بنواُمیّہ کے جائز وناجائز فضائلِ ومناقب بیان کرتے۔

اِن شدید ترین حالات نے امام نسائی جیسے واقفِ حدیث وعلومِ حدیث اور صاحبِ بصیرت شخص کو دہلا کے رکھ دیا۔ چنانچہ انہوں نے معیارِ حدیث کو سامنے رکھتے ہوئے اُن تمام احادیث وآثار کو ایک جگہ جمع کر دیا جو مولائے کائنات حیدرِ کرّار اور دیگر اہلِ بیتِ رسول علیہم الصلوٰۃ کے فضائل و مناقب کی صورت میں اُن کے علم میں تھے اور ان کی ثقاہت اُن کے علم کے مطابق مسلّم تھی۔

چنانچہ امام نسائی کے ایک شاگرد محمد بن موسیٰ ماموِنی ان امور کی نشاندہی اِس طرح کرتے ہیں کہ امام نسائی نے فرمایا !

دخلتُ دمشق وَالمُنحرِف عن علی بها کثیر
فصنفت کتاب الخصائص رجوت ان یهدیهم الله

یعنی میں دمشق میں گیا تو وہاں لوگوں کی اکثریت کو دیکھا کہ وہ

Marfat.com

تاجدارِ ہل اتی حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم سے منحرف ہو چکی تھی۔ چنانچہ میں نے اِس امید پر کتاب الخصائص تصنیف کی کہ اللہ تعالیٰ ان لوگوں کو ہدائت نصیب فرمائے۔

شیخ عبدالحق محدث دہلوی فرماتے ہیں کہ امام عبداللہ یافعی اپنی تاریخ میں بیان کرتے ہیں کہ امام نسائی علیہ الرحمۃ نے امیر المومنین علی المُرتضیٰ اور اہل بیتِ کرام علیہم التحیۃ والسلام کے فضائل و مناقب میں کتاب الخصائص تصنیف فرمائی تو کسی نے کہا کہ آپ نے دیگر صحابہؓ کرام کے فضائل میں کیوں نہیں لکھا تو آپ نے فرمایا کہ اس تصنیف کا باعث یہ ہے کہ جب میں دمشق میں آیا تو وہاں کے لوگوں کو امیر المومنین حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم سے منحرف پایا۔

میں نے چاہا کہ اللہ تعالیٰ انہیں راہِ ہدایت پر لے آئے اس لئے میں نے یہ کتاب الخصائص تصنیف کی یافعی آوردہ کہ کتاب خصائص امیر المومنین علی واہلِ بیت علیہم التحیۃ والسلام تصنیف کرد تا او را گفت۔ چرا در فضلِ صحابہ دیگر نمی نویسی؟ گفت باعث من بر آں تصنیف آں بُود کہ چوں در دمشق در آمدم مردم آں ناحیہ را منحرف یافتم از امیر المومنین علی خواستم کہ خداوند تعالیٰ ایشاں را براہِ راست آورد بسبب آں کتاب مذکور را تالیف کردم

محدثین کرام فرماتے ہیں کہ امام نسائی کی شہادت کا باعث بھی دمشق کے لوگوں کے سامنے اس کتاب کو پڑھ کر سُنانا ہی بنا شاہ عبدالعزیز لکھتے ہیں

Marfat.com

اُن کی موت کا واقعہ یہ ہے کہ جب آپ مناقبِ مُرتضوی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کتاب الخصائص کی تصنیف سے فارغ ہوئے تو انہوں نے چاہا کہ اس کتاب کو دمشق کی جامع مسجد میں پڑھ کر سنائیں تاکہ بنی اُمیّہ کی سلطنت کے اثر سے عوام میں ناصبیت کی طرف جو رجحان پیدا ہو گیا تھا اُس کی اصلاح ہو جائے ابھی آپ اس کا تھوڑا سا حصہ ہی پڑھنے پائے تھے کہ ایک شخص نے پُوچھا امیر المومنین معاویہ کے مناقب کے متعلق بھی آپ نے کچھ لکھا ہے؟

امام نسائی نے جواب دیا کہ معاویہ کے لئے یہی کافی ہے کہ برابر سرابر چھوٹ جائیں اُن کے مناقب کہاں ہیں؟

بعض لوگ کہتے ہیں کہ یہ کلمہ بھی کہا تھا کہ مجھے ان کے مناقب میں سوائے اس حدیث لا اشبع اللہ بطنہ کے اور کوئی صحیح حدیث نہیں ملی یعنی حضور رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ معاویہ کے پیٹ کو نہ بھرے آپ کے یہ الفاظ سُنے تو لوگ اُن پر ٹوٹ پڑے اور شیعہ شیعہ کہہ کر مارنا پیٹنا شروع کر دیا اُن کے خصیتین میں چند شدید ضربیں ایسی پہنچیں کہ نیم جان ہو گئے تو خادم انہیں اُٹھا کر گھر لے آئے پھر فرمایا کہ مجھے ابھی مکہ معظمہ پہنچا دو تاکہ میرا انتقال مکہ یا اُس کے راستے میں ہو۔ کہتے ہیں کہ آپ کی وفات مکہ معظمہ میں ہوئی اور وہاں صفا مروہ کے درمیان دفن کیئے گئے۔

Marfat.com

دیگر محدثین اور امام نسائی کے سوانح نگاروں نے بھی تقریباً یہی تمام واقعہ نقل کیا ہے مگر تذکرۃ المحدثین کے فاضل مصنف علامہ ذہبی کے حوالہ سے امام نسائی کے ساتھ پیش آنے والے واقعہ کی گفتگو اردو ترجمہ کی صورت میں اس طرح بیان کرتے ہیں۔

خصائص کی تصنیف کے بعد امام نسائی نے دمشق کی جامع مسجد میں لوگوں کے سامنے اِس کو پڑھ کر سُنایا، چونکہ یہ کتاب وہاں کے لوگوں کے نظریات کے خلاف تھی اِس لئے اِس کتاب کوسُن کر وہ لوگ مشتعل ہو گئے مجمع سے کسی شخص نے کہا ہمیں آپ کوئی ایسی روایت سُنائیں جس سے حضرت معاویہ کی حضرت علی پر برتری ظاہر ہو؟

آپ نے فرمایا کیا معاویہ کے لئے علی کا مساوی ہونا کافی نہیں ہے جو تم برتری کا سوال کر رہے ہو؟[1]

حالانکہ امام ذہبی کی عربی عبارت یہ ہے۔

فسالۂ ان یحد ثھم بشی من فضل معاویۃ فقال

مایکفی معاویۃ ان ان یذھب راس براسا [2]

خط کشیدہ عبارت اگر ذہبی کی اس عبارت کا ترجمہ ہے تو کارِ طفلاں تمام خواہد بود۔ اگر مصنف کا سہو ہے تو ہولناک صورت حال ہے۔

---

[1] تذکرۃ المحدثین ص ۲۹۹ [2] تذکرۃ الحفاظ للذہبی ص ۶۹۹

Marfat.com

اور اگر دانستہ ایسا کیا گیا ہے تو ہم دوسروں کو کیا کہہ سکتے ہیں اور اس پر طرّہ کہ نسائی شریف کے ایک سُنی ترجمہ نگار نے یہی عبارت من وعن نسائی شریف کے مقدمہ میں نقل فرما کر بجائے تذکرۃ المحدثین کے تذکرۃ الحفاظ کا حوالہ نقل کر دیا ہے کاش یہی بزرگ اصل کتاب دیکھ کر ترجمہ درست کر لیتے بہر کیف تحکم ہو یا تساہل یہ اَمر شیوۂ اہلِ سنت نہیں تذکرۃ الحفاظ مترجم اردو میں اس عبارت کا ترجمہ یہ کیا گیا ہے۔

کسی نے اُن سے حضرت معاویہ اور ان کے فضائل کے متعلق سوال کیا تو بولے کیا معاویہ کے لئے اتنا کافی نہیں کہ برابر سرابر نجات پا جائیں چہ جائیکہ اُن کی فضیلت بیان کی جائے۔ [1]

شاہ عبدالعزیز اس کا ترجمہ فارسی زبان میں اس طرح کرتے ہیں۔

کہ معاویہ را ہمیں بس است کہ سربسر نجات جابد اُو رامناقب کجا است

شاہ عبدالعزیز کی اس فارسی عبارت کا ترجمہ عبدالسمیع دیوبندی اس طرح کرتے ہیں۔

معاویہ کے لئے یہی کافی ہے کہ برابر سرابر چھوٹ جائیں اُن کے مناقب کہاں ہیں۔ اشعتہ اللمعات میں اس عبارت کا آغاز اما یکفی کی بجائے اما رضیٰ سے ہوتا ہے تاہم اس کا ترجمہ علامہ محمد سعید نقشبندی نے اس طرح کیا ہے۔

---

[1] تذکرۃ الحفاظ اُردو ج ۲ ص ۴۸۷

Marfat.com

"معاویہ اس پر راضی نہیں کہ قیامت کے دن صرف نجات ہی حاصل کرلیں فضیلت کی بات تو بہت دور کی ہے"

بہرکیف اس سہو ترجمہ سے بات بہت دور نکل جانے کا امکان نہ ہوتا تو یہ حوالہ جات پیش کرنے کی ضرورت نہ تھی۔

امام نسائی جیسے بزرگ اور علوم حدیث کے ماہر شخص سے یہ امر بعید ہے کہ وہ حضرت علی اور امیر معاویہ دونوں کا درجہ مساوی اور برابر بیان کرتے حضرت علی السابقون الاولون سے ہیں۔ بدری صحابی ہیں عشرہ مبشرہ میں سے ہیں اور اس کے علاوہ آپ کے بے شمار فضائل ایسے ہیں جن میں کوئی دوسرا شریک نہیں چہ جائیکہ ان کو امیر معاویہ کے برابر کا درجہ دیا جاتا یہ تصور قرآن و حدیث کی نصوصِ صریحہ وقطعیہ کی تکذیب و تردید کے مترادف ہے جن کی تفصیل کی یہاں گنجائش نہیں اعلیٰ حضرت فاضل بریلوی علیہ الرحمۃ حضرت علی مرتضیٰ کرم اللہ وجہہ الکریم کے حضور میں ہدیۂ منقبت پیش کرتے ہوئے آپ کے ساتھ امیر معاویہ کا موازنہ اس طرح کرتے ہیں۔

کے رسد مولا بمہرِ تابناکت نجم شام
گو بنورِ صحبت اُو ہم صبح انور آمدہ

Marfat.com

# شہادت

امام نسائی کی وفات کے پس منظر کے پیش نظر یہ امر واضح کہ انہوں نے سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اہل بیت سے والہانہ محبت کا ثبوت محض اُن کی شان میں آنے والی روایات کو جمع کرنے سے ہی نہیں بلکہ ان کے حضور میں نذرانۂ زندگی پیش کر کے دیا ہے یہی وجہ ہے کہ اُن کی موت شہادت کا اعزاز حاصل کرنے کے بعد حیات سرمدی میں تبدیل ہوگئی حافظ ابنِ کثیر منقولہ بالا روایت نقل کرنے کے بعد لکھتے ہیں **فتوفی بمکة مقتولا شهيداً**

حضرت امام نسائی کی ولادت ۲۱۴ھ یا ۲۱۵ھ میں اور شہادت متفق علیہ ۳۰۳ھ میں مکہ معظمہ میں ہوئی اور وہیں پر اللہ تعالیٰ کے شعائر صفا مروہ کے درمیان مدفون ہوئے۔

Marfat.com

بسم الله الرحمن الرحیم

# حضرت امیر المومنین علی ابن ابی طالب کی نماز کا بیان

## پہلی حدیث!

راویان حدیث محمدبن المثنیٰ عبد الرحمن یعنی ابن المهدی

شعیب سلمہ بن کہیل کہتے ہیں کہ میں نے حبۃ العرنی سے سنا ، وہ کہتے تھے کہ میں نے حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم کو فرماتے سُنا کہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ نماز پڑھنے والا پہلا شخص ہوں۔

Marfat.com

## دوسری حدیث!

راویانِ حدیث ! محمد بن المثنیٰ عبد الرحمن شعبہ عمر و بن مرۃ ابی عمرۃ

حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ نماز پڑھنے والے پہلے شخص ہیں۔

# ناقلین کے الفاظ کے اختلاف کا بیان

## پہلی حدیث !

راویانِ حدیث ! محمد بن المثنیٰ محمد بن جعفر غندر شعبہ عمرو بن مرۃ ابی حمزہ

حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ اسلام لانے والے پہلے شخص حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم ہیں۔

## دوسری حدیث!

راویانِ حدیث عبد اللہ بن سعید ابن ادریس ابیٰ حمزۃ مولیٰ انصار

حضرت ابوحمزہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت زید بن ارقم رضی اللہ

Marfat.com

عنہ کو فرماتے سنا کہ حضرت رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ نماز پڑھنے والے پہلے شخص حضرت علی علیہ السلام ہیں اور ایک دوسرے مقام پر آپ نے اسلم علی رضی اللہ عنہ کے الفاظ استعمال کیے ہیں یعنی حضرت علی سب سے پہلے اسلام لائے۔

## تیسری حدیث!

**راویان حدیث ! محمد بن عبید بن محمد کوفی سعید بن خثیم اسد بن دواعہ ابی یحیٰ بن عفیف**

اپنے دادا عفیف سے روایت کرتے ہیں کہ میں زمانہ جاہلیت میں ایک دفعہ اپنے گھر والوں کے لئے کپڑے اور عطر خریدنے کے لئے مکہ آیا پس میں عباس بن عبدالمطلب جو ایک تاجر آدمی تھے کہ پاس پہنچا میں اُن کے پاس ایسی جگہ پر بیٹھا ہوا تھا جہاں سے مجھے کعبہ نظر آتا تھا آسمان میں سورج کے گرد ہالہ پڑا ہوا تھا پس وہ بلندہ ہوا اور چلا گیا ، کیا دیکھتا ہوں کہ اچانک ایک نوجوان آیا اور اس نے آسمان کی طرف دیکھا پھر کعبہ کی طرف منہ کر کے کھڑا ہو گیا پھر تھوڑی دیر ہی ٹھہرا تھا کہ ایک لڑکا آیا اور اور اُس نوجوان کے دائیں طرف کھڑا ہو گیا پھر تھوڑی دیر بعد ایک عورت آئی اور ان دونوں کے پیچھے کھڑی ہو گئی نوجوان نے رکوع کیا تو اس لڑکے اور عورت نے بھی رکوع کیا نوجوان نے رکوع سے سر اٹھا تو لڑکے اور عورت نے بھی اپنا اپنا

Marfat.com

سر اٹھایا نوجوان نے سجدہ کیا تو لڑکے اور عورت نے بھی سجدہ کیا میں نے کہا اے عباس بہت بڑا واقعہ ہوا ہے عباس نے کہا بہت بڑا واقعہ! کیا آپ جانتے ہیں کہ یہ نوجوان کون ہے؟

میں نے جواب دیا نہیں ، کہنے لگے یہ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بن عبداللہ ہے جو میرا بھتیجا ہے۔

کیا آپ جانتے ہیں کہ یہ لڑکا کون ہے؟

یہ علی کرم اللہ وجہہ الکریم ہے جو میرا بھتیجا ہے۔

کیا آپ جانتے ہیں کہ یہ عورت کون ہے؟

یہ خدیجہ بنت خویلد رضی اللہ تعالیٰ عنہما ہے جو اس نوجوان کی بیوی ہے میرے اس بھتیجے نے مجھے بتایا ہے کہ اس کا رب زمین و آسمان کا رب ہے اور جس دین پر وہ کاربند ہے اُس کے رب نے اُسے اِس کا حکم دیا ہے اور خدا کی قسم تمام رُوئے زمین پر ان تینوں کے سوا کوئی اِس دین کا پیروکار نہیں۔

## چوتھی حدیث!

راویان حدیث احمد بن سلیمان الرهادی عبد الله بن موسیٰ علا بن صالح منهال

حضرت عمرو بن عباد بن عبداللہ کہتے ہیں کہ حضرت علی کرم اللہ وجہہ

98115

Marfat.com

الکریم نے فرمایا کہ میں اللہ کا بندہ اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا بھائی ہوں اور میں صدیق اکبر ہوں اور میرے بعد جھوٹا آدمی اس بات کو نہیں کہے گا میں لوگوں سے سات سال پہلے ایمان لایا ہوں۔

# آپ کی عبادت کا بیان

## پہلی حدیث!

راویانِ حدیث علی بن نذر کونی ابنِ فضل اصلح

حضرت عبد اللہ ابن الھزیل حضرت علی علیہ السلام سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا کہ میں اس امت کے کسی ایک فرد کو بھی نہیں جانتا جس نے حضور رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بعد میرے سوا اللہ تعالیٰ کی عبادت کی ہو میں نے اس امت کے ہر فرد کی عبادت سے نو سال پہلے اللہ تبارک وتعالیٰ کی عبادت کی ہے۔

# مقامِ علی نگاہِ خُدا میں

## پہلی حدیث!

راویان : ھلال بن بشیر البصری ،محمد بن خالد، موسیٰ ابنِ یعقوب مھاجربن سما ربن سلمة

حضرت عائشہ بنت سعد کہتی ہیں میں نے اپنے باپ سے سُنا وہ کہتے تھے کہ میں نے جحفہ کے روز رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے

Marfat.com

سُنا آپ نے حضرت علی کرم اللہ وجہہ کا ہاتھ پکڑا اور خطبہ ارشاد فرمایا اور حمد وثنا کے بعد فرمایا اے لوگو میں تمہارا ولی ہوں لوگوں نے کہا یارسول اللہ آپ درست فرمارہے ہیں پھر آپ نے حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ، کا ہاتھ پکڑ کر بلند کیا اور فرمایا یہ میرا ولی ہے اور میری طرف سے میرا قرض ادا کرے گا اور جو اس سے دوستی کرے گا میں اس کا دوست ہوں گا اور جو اس سے دشمنی رکھے گا میں اس کا دشمن ہوں گا۔

## دوسری حدیث!

راویان ! قتیلہ بن سعید بلخی هشام بن عمار دمشقی حاتم بکیر بن سمار بن عامر

حضرت سعد بن ابی وقاص کہتے ہیں کہ معاویہ نے حضرت سعد کو امیر بنایا اور کہا ! کہ " ابوتراب کو گالیاں دینے سے تجھے کون سی بات مانع ہے ؟ حضرت سعد رضی اللہ عنہ، نے جواب دیا کہ مجھے رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بیان فرمودہ تین ایسی باتیں یاد ہیں کہ میں انہیں ہرگز گالی نہیں دوں گا اور اگر ان میں سے ایک بات بھی مجھ میں پائی جائے تو وہ مجھے سرخ اونٹوں سے زیادہ محبوب ہو۔

میں نے حضرت علی کے لئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے سُنا ہے آپ نے کسی غزوہ میں حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ، کو پیچھے

Marfat.com

چھوڑا تو حضرت علی نے عرض کیا یا رسول اللہ کیا آپ مجھے عورتوں اور بچوں میں پیچھے چھوڑے جا رہے ہیں تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا علی کیا تم اس پر خوش نہیں ہو کہ تم مجھے ایسے ہو جیسے موسیٰ کو ہارون علیہما السلام تھے مگر میرے بعد نبوت کا سلسلہ نہیں۔

اور جنگ خیبر کے روز میں نے آپ کو یہ فرماتے ہوئے سُنا کہ کل ہم اُس شخص کو جھنڈا عطا کریں گے جو اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول سے محبت رکھتا ہے اور اللہ تعالیٰ اور اُس کا رسول اُس سے محبت رکھتے ہیں پس ہم گردنیں بلند کر کے جھنڈے کی طرف دیکھتے تھے آپ نے فرمایا علی ﴿کرم اللہ وجہہ الکریم﴾ کو میرے پاس بلاؤ آپ آئے تو آپ کی آنکھیں دُکھ رہی تھیں آپ نے حضرت علی علیہ السلام کی آنکھوں میں لعاب دہن مبارک لگایا اور آپ کو جھنڈا عطا فرمایا۔

اور جب آیت کریمہ

اِنَّمَا یُرِیۡدُ اللّٰہُ لِیُذۡهِبَ عَنۡکُمُ الرِّجۡسَ اَهۡلَ الۡبَیۡتِ
وَیُطَهِّرَکُمۡ تَطۡهِیۡرًا

نازل ہوئی تو رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت علی بی بی فاطمہ حضرت حسن اور حضرت حسین علیہم السلام کو بلایا اور فرمایا اے اللہ یہ میرے اہل بیت ہیں۔

Marfat.com

## تیسری حدیث!

**راویان حرمی بن یونس بن محمد طرطوس ، ابو غسان، عبد السلام موسیٰ الصغیر، عبد الرحمن بن سابطہ .**

حضرت سعد رضی اللہ عنہٗ فرماتے ہیں کہ میں بیٹھا ہوا تھا کہ لوگ حضرت علی کے عیب بیان کرنے لگے تو میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم کے تین خصائص بیان فرماتے ہوئے سُنا ہے اگر اُن میں سے کوئی ایک خصلت بھی مجھے میسّر ہو تو وہ مجھے سرخ اونٹوں سے زیادہ محبوب ہوتی۔

آپ فرماتے تھے علی مجھے ایسے ہیں جیسے موسیٰ علیہ السلام کو ہارون علیہ السلام مگر میرے بعد نبی نہیں۔

اور میں نے آپ کو یہ بھی فرماتے سُنا کہ کل میں اُس شخص کو جھنڈا عطا کر دوں گا جو اللہ اور اس کے رسول سے محبت کرتا ہے اور اللہ اور اُس کا رسول سے محبت کرتے ہیں۔

اور میں نے آپ کو یہ بھی فرماتے سُنا کہ جس کا میں مولیٰ ہوں علی بھی اُس کا مولیٰ ہے

## چوتھی حدیث!

**راویان ! زکریا بن یحییٰ سجستانی ، نصر بن علی**

Marfat.com

**عبد اللہ بن داؤد،عبد الواحد بن ایمن ، عن ابیہ**

حضرت سعد رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا میں اُس شخص کو جھنڈا دوں گا جو اللہ اور اس کے رسول سے محبت کرتا ہے اور اللہ اور اس کا رسول اس سے محبت کرتے ہیں اور اللہ تعالیٰ اُس کے ہاتھ پر فتح عطا کرے گا چنانچہ آپ اصحاب نظریں اُٹھا اُٹھا کر جھنڈے کی طرف دیکھنے لگے تو آپ نے وہ جھنڈا حضرت علی علیہ السلام کو عنایت فرمادیا۔

## پانچویں حدیث !

**راویان ! زکریا بن یحییٰ حسن بن حماد، مسھر بن عبد الملک عیسیٰ بن عمر سدی**

حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس ایک پرندہ تھا آپ نے فرمایا اے اللہ تجھے اپنی مخلوق میں سے جو شخص سب سے زیادہ محبوب ہے اُسے میرے پاس بھیج تاکہ وہ میرے ساتھ اس پرندے کا گوشت کھائے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ آئے تو آپ نے انہیں واپس کر دیا پھر حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ آئے تو آپ نے انہیں واپس کر دیا پھر حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ آئے تو آپ نے انہیں بھی واپس کر دیا پھر حضرت علی آئے تو آپ نے انہیں اپنے پاس

Marfat.com

آنے کی اجازت فرمادی۔

## چھٹی حدیث!

**راویان احمد بن سلیمان رہا وی عبد اللہ ، ابنِ ابی لیلیٰ ، حکم بن منہال**

حضرت عبدالرحمٰن بن ابی لیلیٰ اپنے باپ ابی لیلیٰ سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم سے کہا اور وہ اُس وقت ان کے ساتھ ساتھ چل رہے تھے کہ لوگ آپ کی کچھ باتوں کو تعجب کی نظر سے دیکھتے ہیں آپ موسم سرما میں دو چادریں لئے باہر نکلتے ہیں اور موسم گرما میں موٹے اور کُھر درے کپڑے پہن کر باہر آتے ہیں تو آپ نے فرمایا کیا تو جنگِ خیبر میں ہمارے ساتھ نہ تھا؟ انہوں نے کہا میں آپ کے ساتھ تھا آپ نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو خیبر کے فتح کرنے کیلئے جھنڈا دے کر بھیجا تو وہ بغیر فتح کیے واپس آ گئے پھر حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو جھنڈا دے کر بھیجا تو وہ بھی بغیر فتح کیے واپس آ گئے پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا اب میں اس شخص کو جھنڈا عطا کروں گا جو اللہ اور اس کے رسول سے محبت کرتا ہے اور اللہ اور اس کا رسول بھی اس سے محبت کرتے ہیں اور وہ فرار ہونے والا نہیں ہے اور پھر آپ نے میری طرف پیغام بھیجا اور میں آشوب چشم میں مبتلا تھا۔

Marfat.com

آپ نے میری آنکھوں میں لعابِ دہن ڈال کر بارگاہِ خداوندی میں دعا کی کہ اے اللہ علی کی گرمی اور سردی سے حفاظت کر۔

حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم فرماتے ہیں کہ اس کے بعد مجھے نہ کبھی گرمی کا احساس ہوا ہے اور نہ کبھی سردی محسوس ہوئی ہے۔

## ساتویں حدیث!

**راویان ! محمد بن علی بن هبه الواقدی معاذبن خالد حسین بن واقد**

حضرت عبداللہ بن بریدہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے اپنے باپ بریدہ کو کہتے سُنا کہ ہم جنگ خیبر کے روز پہلو بہ پہلو چل رہے تھے حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے جھنڈا لیا مگر آپ سے خیبر فتح نہ ہوا دوسرے دن حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے جھنڈا لیا، آپ بھی لوٹ آئے اور فتح حاصل نہ ہوئی اور لوگوں کو بھی تنگی اور سختی محسوس ہوئی تو رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا میں کل اُس شخص کو اپنا جھنڈا دینے والا ہوں جو اللہ اور اس کے رسول سے محبت کرتا ہے اور اللہ اور اس کا رسول بھی اس سے محبت کرتے ہیں۔ وہ فتح حاصل کیے بغیر نہیں لوٹے گا ہم نے رات بہت خوشی سے گزاری کہ کل فتح حاصل ہونے والی ہے صبح کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے نمازِ فجر پڑھائی پھر آ کر کھڑے ہو گئے اور جھنڈا عطا کرنے کا ارادہ

Marfat.com

فرمایا لوگ اپنی اپنی ٹولیوں میں تھے ہم میں سے جو آدمی بھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی نظر میں اپنا کوئی مقام سمجھتا تھا وہ اس بات کا آرزومند تھا کہ جھنڈا اُسے ملے مگر آپ نے حضرت علی ابنِ ابی طالب کرم اللہ وجہہ الکریم کو بلایا تو اُن کو آشوب چشم کا عارضہ تھا آپ نے اُن کی آنکھوں میں لعاب دہن ڈال کر ہاتھ پھیرا اور ان کو جھنڈا عنایت فرمایا اور اللہ تعالیٰ نے آپ کو فتح عطا فرمائی وہ کہتے ہیں ہمیں یہ بات اُن لوگوں نے بتائی جو گردنیں لمبی کر کے جھنڈے کو دیکھ رہے تھے۔

## آٹھویں حدیث !

**راویان : محمد بن بشار ابن دار بصری محمد بن جعفر عوف بن میمون ابی عبد اللہ عبد السلام عبد اللہ بن بریدہ**

حضرت بریدہ اسلمی رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ جنگ خیبر کے دن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اہل خیبر کے ایک قلعہ میں اُترے اور آپ نے حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو جھنڈا عطا فرمایا کچھ لوگ حضرت عمر کے ساتھ گئے اور اہل خیبر کے ساتھ لڑے پس حضرت عمر اور ان کے ساتھی منتشر ہو کر رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس لوٹ آئے تو حضور رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے نے فرمایا میں اب اُس شخص کو جھنڈا دوں گا

Marfat.com

جو اللہ تعالیٰ اور اُس کے رسول سے محبت کرتا ہے اور اللہ تعالیٰ اور اُس کا رسول بھی اس سے محبت کرتے ہیں جب دوسرا دن ہوا تو حضرت ابو بکر رضی اللہ تعالیٰ عنہٗ اور حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہٗ نے اصرار کیا پس آپ نے حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم کو بلایا اور وہ آشوب چشم میں مبتلا تھے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے آپ کی آنکھوں میں لعاب دہن لگایو اور کچھ لوگ آپ کے ساتھ گئے۔ آپ کا اہل خیبر سے آمنا سامنا ہوا تو کیا دیکھتے ہیں کہ مرحب یہ رجزیہ اشعار پڑھ رہا ہے۔

خیبر جانتا ہے کہ میں مرحب ہوں ہتھیار بند ہوں اور ایک تجربہ کار بہادر ہوں جب شیر میری طرف آتے ہیں تو میں غضب ناک ہو کر کبھی نیزہ زنی اور کبھی شمشیر زنی کرتا ہوں۔

حضرت علی علیہ السلام سے اس کی دو چھڑپیں ہوئیں آپ نے اس کی کھوپڑی پر تلوار ماری جو اس کے سر سے پار ہو گئی سب اہل لشکر نے آپ کی تلوار کی ضرب کی آواز کو سُنا پس حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم کے لشکر کے آخری آدمی کو ابھی اونگھ بھی نہ آئی تھی کہ پہلے نے فتح کی نوید سُن لی۔

## نویں حدیث !

راویان . قتلیبہ بن سعید یعقوب بن عبد الرحمن الزہری

Marfat.com

حضرت ابو حازم کہتے ہیں کہ مجھے حضرت سہیل بن سعد رضی اللہ عنہ نے بتایا کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے خیبر کے روز فرمایا یہ جھنڈا میں اس شخص کو دوں گا جس کے ہاتھ پر اللہ تعالیٰ فتح عطا فرمائے گا وہ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول کا محبّ ہے اور اس کا رسول بھی اسے محبوب رکھتے ہیں جب صبح ہوئی تو لوگ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس گئے ہر آدمی اس بات کا آرزومند تھا کہ جھنڈا اُسے ملے۔

آپ نے فرمایا علی ابنِ ابی طالب کہاں ہیں؟

لوگوں نے کہا یا رسول اللہ علی آشوب چشم میں مبتلا ہیں

آپ نے فرمایا ! ان کی طرف پیغام بھیجو آپ آئے تو رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے آپ کی آنکھوں میں لعابِ دہن لگایا اور آپ کے لئے دعا فرمائی تو آپ تندرست ہو گئے گویا آپ کو کوئی تکلیف ہی نہ تھی پھر حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے آپ کو جھنڈا عطا فرمایا تو حضرت علی علیہ السلام نے عرض کیا یا رسول اللہ میں ان سے اس وقت تک جنگ کروں گا یہاں تک کہ وہ ہمارے جیسے ہو جائیں یعنی اسلام قبول کر لیں۔

اس کے جواب میں حضور رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا آرام اور وقار سے جایئے یہاں تک کہ آپ ان کے صحن میں اُتر جائیں پھر انہیں دعوت اسلام دیں اور اللہ تعالیٰ کی جانب سے جو فرائض ان پر عائد ہوتے ہیں وہ انہیں بتائیں اور خدا کی قسم اگر اللہ تعالیٰ آپ کے ذریعے ایک

Marfat.com

آدمی کو بھی ہدایت دیدے تو وہ آپ کے لئے سرخ اونٹوں سے بہتر ہے۔

# حضرت ابو ھریرہ کی، حدیث کے الفاظ میں نا قلین کا اختلاف

## پھلی حدیث !

**راویان : ابو الحسین ، احمد بن سلیمان الرھاوی یعلی بن عبید، یزید بن کیسان ، ابی حازم،**

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا آج میں اس شخص کو جھنڈا عطا کروں گا جو اللہ تعالیٰ اور اس کے رسولؐ سے محبت کرتا ہے اور اللہ تعالیٰ اور اس کا رسول بھی اس سے محبت کرتے ہیں تو لوگ گردنیں اٹھا اٹھا کر دیکھنے لگے کہ وہ کون شخص ہے آپ نے فرمایا علی ابن ابی طالب کہاں ہیں؟ لوگوں نے عرض کیا اُن کو آشوبِ چشم ہے۔

راوی کہتا ہے کہ اللہ تعالیٰ کے نبی نے اپنے دونوں ہاتھوں پر لعاب دہن لگایا اور انہیں حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم کی دونوں آنکھوں پر پھیر دیا اور انہیں جھنڈا عطا فرمادیا پس اللہ تعالیٰ نے ان کے ہاتھ پر فتح عطا فرمائی۔

## دوسری حدیث!

**راویان . قتیبہ بن سعید ، یعقوب، سھل، ابو سھل**

Marfat.com

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ، سے روایت ہے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جنگِ خیبر کے روز فرمایا میں اس شخص کو جھنڈا عطا کروں گا جو اللہ تعالیٰ اور اُس کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے محبت رکھتا ہے اللہ تعالیٰ اس فتح عطا فرمائے گا۔

حضرت عمر بن الخطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ، نے کہا کہ میں نے اس دن کے سوا کبھی امارت کو پسند نہیں کیا پس رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت علی ابن ابی طالب علیہ السلام کو بلایا اور فرمایا! جب تک اللہ تعالیٰ آپ کو فتح عطا نہ کرے کسی طرف توجہ نہ کرو۔

حضرت علی چل پڑے پھر کھڑے ہو گئے اور بلند آواز سے دریافت کرنے لگے یا رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں کس چیز پر اُن سے جنگ کروں۔ فرمایا اُن سے جنگ کرو یہاں تک کہ وہ لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ کی گواہی دیدیں۔ جب وہ ایسا کہہ دیں تو اُن کہ اموال اور خون آپ سے محفوظ ہو جائیں سوائے اس کے ان کا حاصل کرنا برحق ہو اور انکا حساب اللہ تعالیٰ کے ذمے ہے۔

## تیسری حدیث!

روایان : اسحاق بن ابراھیم راھویہ جریر .

جناب سہل اپنے باپ سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت ابو ہریرہ

Marfat.com

رضی اللہ تعالیٰ عنہ، نے کہا کہ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کل میں اس شخص کو جھنڈا دوں گا جو اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول سے محبت کرتا ہے وہ خیبر کو فتح کرے گا۔

حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کہتے ہیں کہ میں نے اس دن کے سوا کبھی امارت کو پسند نہیں کیا وہ فرماتے ہیں میں نے نظر اٹھا کر جھنڈے کو دیکھا تو حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم کو بلایا اور انہیں بھیجا پھر فرمایا جاؤ اور لڑو یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ آپ کو فتح دے اور کسی طرف متوجہ دے اور کسی طرف متوجہ نہ ہونہ۔

وہ فرماتے ہیں کہ جب تک اللہ تعالیٰ نے چاہا حضرت علی علیہ السلام چلے پھر کھڑے ہو گئے مگر کسی طرف متوجہ نہ ہوئے اور عرض کیا یا رسول اللہ ہم کس بات پر لوگوں سے جنگ کریں فرمایا ان سے جنگ کریں فرمایا ان سے جنگ کرو یہاں تک کہ وہ لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ کی گواہی دے دیں جب وہ ایسا کر دیں تو ان کے اموال اور خون آپ سے محفوظ ہو جائیں گے سوائے اس کے کہ ان کا حاصل کرنا برحق ہو اور ان کے حساب کی ذمہ داری اللہ تعالیٰ پر ہے۔

## چوتھی حدیث !

راویان : محمد بن عبد اللہ بن مبارک مخزومی ابو

Marfat.com

هاشم مخزومی ۔ وھب سھیل بن ابی صالح ابی صالح

حضرت ابو ہریرہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جنگ خیبر کے روز فرمایا کہ میں اُس شخص کو جھنڈا عطا کروں گا جو اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول سے محبت کرتا ہے اور اللہ تعالیٰ اُسے فتح عطا فرمائے گا۔

حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہٗ فرماتے ہیں میں نے اس دن سے پہلے کبھی امارت کو پسند نہیں کیا پس حضور رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جناب علی مرتضیٰ کرم اللہ وجہہ الکریم کو جھنڈا دے دیا

حضرت عمر کہتے ہیں!

کہ آپ نے حضرت علی سے فرمایا کسی طرف متوجہ نہ ہونا آپ نے تھوڑی دُور جا کر کہا یارسول اللہ ہم کس بات پر جنگ کریں ؟

فرمایا ! اس بات پر کہ وہ لا اِلٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ کی گواہی دے دیں جب وہ ایسا کر دیں تو وہ اپنے خون اور اموال کو محفوظ کرلیں گے سوائے اس کے کہ ان کا حاصل کرنا برحق ہو اور اُن کے حساب کی ذِمہ داری اللہ تعالیٰ پر ہے۔

Marfat.com

# اس بارے میں حضرت عمران بن حصین کی حدیث

راویان حدیث ! عباس بن عبدالحطیم عبدی بصری عمر بن عبد الوھاب ، معتمر بن سلیمان ، منصور ، ربعی

حضرت عمران بن حصین رضی اللہ تعالیٰ عنہٗ سے روایت ہے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ میں اس شخص کو جھنڈا عطا کروں گا جو اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول سے محبت کرتا ہے یا فرمایا اللہ تعالیٰ اور اس کا رسول اس سے محبت کرتے ہیں۔

پس آپ نے حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم کو بلایا اور آپ آشوبِ چشم میں مبتلا تھے پس اللہ تعالیٰ نے آپ کے ہاتھ پر فتح عطا فرمائی۔

# اِس بارے میں حضرت حسن بن علی علیہ السلام کی حدیث

## جبریل دائیں اور میکائیل آپکے بائیں

اسحاق بن ابراھیم بن راھویہ نفر بن شمیل یونس بن ابی اسحق ھبیرہ بن ھدیم

جب سیّدنا امام حسن علیہ السلام کے والد معظم شہید ہو گئے تو آپ سیاہ عمامہ باندھے ہوئے تھے آپ نے لوگوں کو جمع کر کے ارشاد فرمایا گذشتہ

Marfat.com

روز تم لوگوں نے اس شخص کو شہید کیا ہے جس سے پہلے لوگ سبقت لے جاسکتے ہیں اور نہ بعد میں آنے والے اس کے مقام کو پاسکیں گے۔

اور رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اُس کے لئے فرمایا ہے کہ کل میں اُس شخص کو جھنڈا عطا کرونگا جو اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول سے محبت کرتا ہے اور اللہ تعالیٰ اور اس کا رسول بھی اُس سے محبت کرتے ہیں اور جبریل اس کے دائیں اور میکائیل اس کے بائیں لڑتے ہیں پھر اس کا جھنڈا واپس نہیں آئے گا حتیٰ کہ اللہ تبارک وتعالیٰ اُسے فتح یاب فرمادے اُس نے سوائے نوسو کے کوئی درہم ودینار نہیں چھوڑا اور وہ بھی اس کے عیال نے عطیے سے لئے تھے آپ کا ارادہ تھا کہ آپ ان سے اپنے گھر والوں کے لئے ایک خادم خریدیں۔

# اللہ تبارک وتعالیٰ علی کو کبھی رسوا نہین کریگا

**ایک روایت کئی حدیثیں**

راویان ۔ میمون بن المثنیٰ ابو الوضاح یعنی ابو عوانہ ابو بلج بن ابی سلیم.

حضرت عمرو بن میمونہ سے روایت ہے کہ میں حضرت عبداللہ ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما کی خدمت میں بیٹھا ہوا تھا جب کہ وہاں نو گروہ

Marfat.com

آ ئے اور کہنے لگے کہ اے ابنِ عباس کیا آپ ہمارے ساتھ کھڑے ہونا پسند فرمائیں گے یا علیحدہ ہونا؟

حضرت ابنِ عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا بلکہ میں تمہارے ساتھ کھڑا ہوں گا اور اس وقت آپ تندرست تھے اور یہ واقعہ آپ کی بینائی ضائع ہونے سے پہلے کا ہے چنانچہ آپ نے ان لوگوں کو فرمایا کہ بات شروع کرو تو انہوں نے بات کی جسے ہم نہیں جانتے کہ کیا بات کی۔

پھر ایک شخص آیا اور کپڑے جھاڑتے ہوئے افسوس کرنے لگا اور وہ لوگ ایسے شخص کے متعلق جھگڑا کرنے لگے جس کیلئے عشر تھا، اور اُس شخص کے متعلق جھگڑنے لگے جس کے لئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہے۔

﴿1﴾ کہ میں ایسے شخص کو بھیجوں گا جو اللہ تعالیٰ اور اُس کے رسُول کا محبوب ہے اور اللہ عزَّ وجَلّ اُسے کبھی رسوا نہیں کرے گا۔

اِس فرمان کے بعد لوگ نظریں اُٹھا اُٹھا کر دیکھنے لگے تو آپؐ نے فرمایا جس نے دیکھنا تھا دیکھا پھر فرمایا! کہ علی ابنِ ابی طالبؑ کرم اللہ وجہہ الکریم کہاں ہیں؟ صحابہ نے عرض کیا کہ وہ آٹا پیس رہے ہیں آپ نے فرمایا کہ یہ کام کوئی دوسرا نہیں کرسکتا؟

پھر حضرت علی علیہ السلام تشریف لائے اور آپ کی آنکھیں دُکھ رہی تھیں پس رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان کی آنکھوں میں اپنا

Marfat.com

لعابِ دہن مبارک لگایا اور جھنڈے کو تین بار لہرا کر حضرت علی علیہ السلام کو عطا فرما دیا پس حضرت علی علیہ السلام صفیہ بنت حی کو لائے۔

# دوسری روایت

## سورۃ توبہ علی علیہ السلام لے کر جائیں

﴿۲﴾ کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو سورۃ توبہ دے کر بھیجا اور اُن کے پیچھے حضرت علیؑ کو روانہ فرمایا تو حضرت علی نے اُن سے سورۃ توبہ لے لی۔ اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا اسے صرف وہی شخص لے جا سکتا ہے جو مجھ سے ہے اور میں اس سے ہوں۔

# تیسری روایت

## دنیا و آخرت میں محبت کرنے والا

کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا اپنے چچا کے بیٹے حضرت علی علیہ السلام کے لئے یہ بھی فرمان ہے کہ !

جب آپ نے لوگوں سے پوچھا کہ تم میں کون ہے جو مجھ سے دنیا و آخرت میں محبت کرتا ہے؟

حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم آپ کے پاس بیٹھے ہوئے تھے انہوں نے عرض کیا! میں آپ سے دنیا و آخرت میں محبت کرتا ہوں۔

Marfat.com

# چوتھی روایت

## علی علیہ السلام سب سے پہلے ایمان لائے

کہا کہ حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم حضرت خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے بعد سب سے پہلے اسلام لائے۔

# پانچویں روایت

## اہل بیت کو رجس سے پاک کر دیا

کہا ! اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت علی و فاطمہ اور حسن و حسین علیہم السلام کو کپڑے میں ڈھانپ کر فرمایا کہ بیشک اللہ یہی چاہتا ہے کہ اے اہلِ بیت تم سے ہر برائی کو دور رکھے اور نہیں خوب خوب پاکیزہ فرمادے۔

# چھٹی روایت

## حضرت علی نے اپنی جان کو بیچ دیا

کہا ! اور حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم نے اپنی جان کو بیچ دیا اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی چادر مبارک اوڑھ لی اور آپ کے مکان پر سو گئے اور مشرکین مکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر پتھر برساتے تھے پس

Marfat.com

حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ تشریف لائے تو حضرت علی علیہ السلام سوئے ہوئے تھے حضرت ابو بکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے خیال کیا کہ یہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم آرام فرما ہیں تو حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم نے ان کو بتایا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بیر میمونہ کی طرف تشریف لے گئے ہیں آپ انہیں وہاں مل لیں چنانچہ حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ چلے گئے اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ غار میں داخل ہو گئے۔

کہا! کہ حضرت علی علیہ السلام پر کفار نے اُسی طرح پتھر برسانے شروع کر دئے جس طرح کہ وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر برساتے تھے اور حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم پیچ وتاب کھانے لگے۔

کہا! کہ آپ نے سر پر کپڑا لپیٹا ہوا تھا اور باہر نہ نکلے حتیٰ کہ صبح ہو گئی تو آپ نے سر سے کپڑا اتار دیا کفار نے حضرت علی علیہ السلام کو دیکھا تو کہا کہ تُو کمینہ ہے ﴿معاذ اللہ﴾ ہم تمہارے ساتھی کو پتھر مارتے تھے تو وہ خاموش رہتے تھے اور تم چلّاتے ہو اور یہ بات ہمیں عجیب معلوم ہوئی ہے۔

# ساتویں روایت

# علی تم میرے خلیفہ ہو

کہا ! کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم غزوۂ تبوک کے لئے لوگوں کے ساتھ نکلے تو حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم نے عرض کی کیا میں بھی

Marfat.com

آپ کے ساتھ چلوں گا؟

حضور رسالتمآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا نہیں یہ سُنا تو حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم رونے لگے تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کیا تم اِس پر خوش نہیں ہو کہ تم مجھے ایسے ہو جیسے موسیٰ علیہ السلام کو ہارون علیہ السلام؟

تجھے نبوت نہیں پہنچے گی البتہ تم میرے خلیفہ ہو۔

# آٹھویں حدیث

# تمام مومنوں کے ولی

کہا ! اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے لئے فرمایا کہ تم میرے بعد تمام مومنوں کے ولی ہو۔

# نویں حدیث

# سوائے علی کے تمام دروازے بند

کہا اور سوائے حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم کے دروازہ کے مسجد میں کھلنے والے تمام دروازے بند کر دیئے گئے۔

Marfat.com

# دسویں حدیث

# علی مسجد میں آسکتے ہیں

کہا پس فرمایا کہ حضرت علی علیہ السلام جنبی حالت میں بھی مسجد میں تشریف لے آتے اور آپ کے گھر کے لئے سوائے مسجد کے اور کوئی راستہ نہ تھا۔

# گیارھویں حدیث

# جس کا میں مولا ہوں اُس کا علی مولا ہے

﴿۱۱﴾ کہا کہ! رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا جس کا میں مولیٰ ہوں اُس کا علی مولیٰ ہے

# بارھویں حدیث

# اللہ راضی ہے

کہا کہ! قرآن مجید میں اللہ عَزَّ وَجَلَّ نے خبر دی ہے کہ بے شک ہم ''اصحاب الشجر ہ'' بیت الرضوان میں حصہ لینے والوں سے راضی ہوئے پس ہمیں معلوم ہے جو اُن کے دلوں میں ہے کیا اللہ تبارک وتعالیٰ نے ہمیں بتایا ہے کہ اس فرمان کے بعد وہ اُن پر ناراض ہوا؟

Marfat.com

اور جب حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اہل مکہ کے لئے جاسوسی کرنے والے بدری صحابی کی گردن مارنے کی اجازت طلب کی تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ تو یہ کام کرنے والا ہے اور کیا تو نہیں جانتا کہ مجھے اللہ تبارک وتعالیٰ نے اہل بدر کے لئے اطلاع فرما دی ہے کہ پس تم جو چاہو کرو۔

Marfat.com

# علی علیہ السلام کے لئے بخشش ھے

## پھلی حدیث !

راویان ! ھارون بن عبد الله جمال بغدادی محمد بن عبد الله زبیر الاسدی علی بن صالح، ابی اسحاق عمر دین مرۃ

حضرت عبداللہ بن سلمہ حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے میرے لئے ارشاد فرمایا یا علی علیہ السلام میں تجھے وہ کلمات نہ سکھاؤں کہ تو جب بھی انہیں کہے تو تیرے لئے بخشش ہو حالانکہ تم بخشے ہوئے ہو۔

پھر آپ نے یہ وظیفہ بتایا۔

لااِلـه الا الـلـه الحلیم الکریم .لا اِله الاالله العلی العظیم .الحمد لله رب العالمین

## دوسری حدیث!

## غم دور کرنے والے کلمات

راویان، احمد بن عثمان حکیم کوفی ، خالد ، علی

Marfat.com

بن صالح ابی اسحق همدانی عمر و بن مرة

حضرت عبداللہ بن سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت علی علیہ السلام کے لئے فرمایا یا علی! کیا میں تمہیں غم دور کرنے والے کلمات انبساط کی تعلیم نہ دوں پھر فرمایا

"لا اِلہ اِلا اللہ اعلی العظیم سبحان رب السموات السبع و رب العرش ا لعظیم الحمد لله رب العالمین،

## "تیسری حدیث"

راویان! صفوان بن عمر الحمصی احمد بن خالد اسرائیل ابی اسحق

عبدالرحمٰن بن ابی یعلی کہتے ہیں کہ حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم نے فرمایا کہ غم دور کرنے والے کلمات اور اس کے مثل ہی محمد بن عثمان بن حکیم ابوغسان، اسرائیل، ابی اسحٰق، عبدالرحمٰن بن یعلی سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی یہ حدیث مروی ہے۔

## "چوتھی حدیث"

# علی کے لئے بخشش کے کلمات

راویان! علی بن محمد بن علی المصیصی، خلف

Marfat.com

بن تمیم ، ابو اسحق عبد الرحمن بن ابی یعلی

حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مجھے فرمایا کہ یا علی! کیا میں تمہیں ایسے کلمات کی تعلیم نہ دوں کہ تو جب بھی انہیں ادا کرے تو تیرے لئے بخشش ہو حالانکہ تو بخشا ہوا ہے اور وہ کلمات یہ ہیں۔

لَا اِلٰہَ الا اللہ العلی العظیم لا اِلٰہَ الا اللہ الحلیم
الکریم سبحان رب العرش العظیم الحمد للہ
رب العالمین

## "پانچویں حدیث"

راویان حسین بن حارث، فضل بن موسیٰ حسین بن واقد ابی اسحق ، حرث

حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مجھے فرمایا کیا میں تجھے ایسی دعا کی تعلیم نہ دوں کہ تو جب بھی یہ دعا مانگے تو تیرے لئے مغفرت ہو حالانکہ تو پہلے ہی بخشا ہوا ہے ہے۔ میں نے عرض کیا ہاں تو آپ نے فرمایا۔

لَا اِلٰہَ الا اللہ العلی العظیم لا اِلٰہَ الا اللہ الحلیم
الکریم سبحان رب العرش العظیم الحمد للہ
رب العالمین

Marfat.com

ابو اسحٰق کہتے ہیں کہ حرث سے صرف چار حدیثیں سُنی گئی ہیں اور یہ حدیث اُن میں سے نہیں اور میں نے اسے حسین بن واقد اسرائیل علی بن صالح اور حرث الاعور کی مخالفت میں بیان کیا ہے اور یہ عاصم بن ضمرہ کی روایت میں نہیں ہے حالانکہ وہ اس سے زیادہ صالح ہے۔

## فرمانِ مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم

# اللہ تعالیٰ نے علی کے دِل کا امتحان لے لیا ھے

الحدیث! راویان ! ابو جعفر محمد بن عبد اللہ بن مبارک مخزومی اسود بن عامر شریک، منصور، ربعی،

حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں قریش کے کچھ لوگ آئے اور کہا کہ یا محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہم آپ کے ہمسائے اور حلیف ہیں ہمارے کچھ غلام آپ کے پاس آئے ہیں اور انہیں دین اور فقہ سے کچھ رغبت نہیں بلکہ وہ ہمارے نقصان اور ہمارے مالوں کی وجہ سے فرار ہوکر آپ کے پاس آگئے ہیں تو وہ ہمیں لوٹا دیجئے۔

حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہٗ سے پوچھا کہ ان کے متعلق تم کیا کہتے ہو ؟ جناب ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ

Marfat.com

عنہ نے عرض کیا کہ انہوں نے سچ کہا ہے کہ یہ آپ کے ہمسائے اور حلیف ہیں۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے یہ سُنا تو آپ کے چہرے پر غضب کے آثار نمایاں ہو گئے پھر آپ نے حضرت عمر سے یہی سوال کیا تو انہوں نے بھی یہی جواب دیا کہ یہ سچے ہیں اور آپ کے ہمسائے اور حلیف ہیں۔

پس رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے چہرے پر جلال برسنے لگا اور آپ نے فرمایا اے گروہ قریش خدا کی قسم میں تم میں سے تمہارے پاس ایسے آدمی کو بھیجوں گا جس کے دِل کا اللہ تبارک وتعالیٰ نے امتحان لے رکھا ہے اور وہ دین کے بارے میں تمہارے ساتھ جنگ کرے گا یا تم میں سے بعض کو مارے گا۔

حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے پوچھا ! یارسول اللہ کیا وہ میں ہوں؟ حضور رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا نہیں۔

پھر حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے پوچھا ! یارسول اللہ کیا وہ میں ہوں ؟ تو آپ نے فرمایا نہیں بلکہ یہ وہ شخص ہے جو جوتے مرمت کر رہا ہے اور اس وقت حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم جوتے مرمت کر رہے تھے۔

Marfat.com

# فرمان مصطفیٰ درشان مرتضیٰ
# خُدا تیرے دِل کی راھنمائی کرے گا

**راویان ! ابو جعفر عمرو بن البصری عمر و بن مرة ابو البحتری**

حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم نے فرمایا کہ مجھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے یمن کی طرف بھیجا اور میں اُس وقت جوان تھا چنانچہ میں نے آپ کی خدمت میں عرض کیا،

یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم آپ مجھے ایک قوم کی طرف فیصلے کرنے کیلئے بھیج رہے ہیں اور میں ناتجر کار جوان ہوں

جنابِ رسالتمآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا اللہ تبارک وتعالیٰ تمہارے دِل کی راہنمائی کرے گا اور تمہاری زبان کو ثقاہت عطا فرمائے گا۔

حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم فرماتے ہیں کہ مجھے دوآدمیوں کے درمیان فیصلہ کرتے وقت کبھی شک نہیں گزرا۔

Marfat.com

# اس حدیث کے نا قلین کے اختلاف کا بیان
# پھلی روایت

## اللہ تمھاری زبان کو ثابت رکھے گا

راویان ! علی ابنِ حسین المروزی، عیسیٰ بن الاعمش، عمرو بن مرۃ ،ابی البحتری

حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم نے فرمایا کہ مجھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے یمن کی طرف بھیجا تو میں نے آپ کی خدمت میں عرض کیا کہ آپ مجھے ایک قوم کی طرف بھیج رہے ہیں جو مجھ سے زیادہ تجربہ کار ہے اور میں جوان ہوں تو میں ان کے درمیان کیسے فیصلہ کروں گا۔

حضور رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا اللہ تعالیٰ آپ کے دل کی راہنمائی فرمائے گا اور تمہاری زبان کو ثابت رکھے گا۔

ابی البحتری کہتے ہیں کہ حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم نے مجھے فرمایا کہ اس کے بعد فیصلہ کرتے وقت مجھے کبھی شک نہیں گزرا۔

# " دوسری روایت "

## حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی دعا

راویان محمد بن المثنیٰ ابو معاویہ اعمش عمرو بن مرۃ ، ابی البحتری

Marfat.com

حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم نے فرمایا کہ مجھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اہل یمن کی طرف بھیجا اور ارشاد فرمایا میں اُن کے درمیان فیصلہ کروں میں نے آپ کی خدمت میں عرض کیا کہ یارسول اللہ میں فیصلہ کرنا نہیں جانتا تو آپ نے میرے سینے پر تھپکی دے کر ارشاد فرمایا یا اللہ اس کے دل کی راہنمائی فرما اور اس کی زُبان کو راستی پر رکھ۔

چنانچہ اس کے بعد دو آدمیوں کے درمیان جب کہ وہ میری مجلس میں ہوں فیصلہ کرتے وقت مجھے کبھی شک نہیں گزرا

امام ابوعبدالرحمٰن نسائی فرماتے ہیں یہ حدیث اُس نے عمرو بن مرۃ سے ابی البختری کے حوالہ سے سنی اور کہا کہ مجھے وہ خبر دی ہے جو حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم سے سُنی ابوعبدالرحمٰن نے کہا کہ ابوالبختری نے حضرت علی علیہ السلام سے کوئی چیز نہیں سُنی۔

# "تیسری روایت"

# اللہ تمھارے دل کی رھنمائی فرمائے گا

راویان ! احمد بن سلیمان الرھاوی، یحیی، بن آدم شریک سماک بن حرب جیش بن معتمر

حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم سے روایت ہے کہ مجھے رسول اللہ

Marfat.com

صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے یمن کی طرف بھیجا اور میں نوجوان تھا۔

چنانچہ میں نے حضور رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں عرض کیا کہ میں جوان ہوں اور آپ مجھے ایک تجربہ کار قوم کی طرف بھیج رہے ہیں کہ اُن کے درمیان فیصلہ کروں اور میں فیصلہ کرنے سے ناواقف ہوں پس رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے میرے سینے پر ہاتھ رکھ کر فرمایا بیشک اللہ تبارک وتعالیٰ تمہارے دِل کی راہنمائی فرمائے گا اور تمہاری زبان کو ثقاہت عطا فرمائے گا۔

نیز فرمایا یا علی ﴿علیہ السلام﴾ جب تک تم پہلے شخص کی طرح دوسرے شخص کی بھی بات نہ سُن لو اُن کے درمیان فیصلہ نہ کرنا جب تم دونوں کی بات سُن لو تو فیصلہ تم پر ظاہر ہو جائے گا۔

حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم فرماتے ہیں کہ اس کے بعد فیصلہ کرنے میں مجھے کبھی بھی مشکل درپیش نہیں آئی۔

## اس حدیث میں ابی اسحاق کے اختلاف کا بیان

## "پہلی روایت"

## حضرت علی علیہ السلام کا سوال

راویان ! احمد بن سلیمان، یحییٰ بن آدم، اسرائیل بن اسحاق حارثہ بن مضرب

Marfat.com

حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم نے فرمایا کہ مجھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے یمن کی طرف بھیجا تو میں نے آپ کی خدمت میں عرض کیا آپ مجھے اُس قوم کے درمیان فیصلہ کرنے کیلئے بھیج رہے ہیں جو مجھ سے زیادہ تجربہ کار ہے ؟

## " دوسری روایت "

## اللہ رہنمائی فرمائے گا

راویان ! ابو عبد الرحمن ذکریا بن یحییٰ محمد بن العلا معاویہ بن ہشام شیبان ، ابی اسحاق عمرو بن حبشی

حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مجھے یمن کی طرف بھیجا تو میں نے عرض کیا یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم آپ مجھے عمر رسیدہ اور تجربہ کار لوگوں میں بھیج رہے ہیں اور میں ڈرتا ہوں کہ میرا کوئی فیصلہ نادُرست نہ ہو تو آپ نے فرمایا اللہ تبارک وتعالیٰ تمہاری زبان ثابت رکھے گا اور تمہارے دِل کی راہنمائی فرمائے گا۔

Marfat.com

# سوائے علی علیہ السلام کے مسجد میں کُھلنے والے سب کے دروازے بند کر دئیے جائیں

## فرمانِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم

پھلی حدیث ! راویان محمد بن بشار بن بند البصری محمد بن جعفر ، عوف ، میمون ابی عبد اللہ

حضرت زید بن ارقم رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بعض صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم کے گھروں کے دروازے مسجد میں کھلتے تھے تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ سوائے حضرت علی کے دروازہ کے تمام دوازے بند کر دئے جائیں۔

اس پر لوگوں نے چہ میگوئیاں کیں تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کھڑے ہو کر اللہ تبارک وتعالیٰ کی حمد وثنا بیان کرنے کے بعد فرمایا کہ میں نے تمہیں حکم دیا ہے کہ سوائے حضرت علی کے دروازہ کے ان دروازوں کو بند کر دو اور تم میں سے کسی نے اس پر کچھ کہا ہے۔

خدا کی قسم میں نہ دروازے کھولتا ہوں اور نہ بند کرتا مگر اس کی اتباع کرتا ہوں جو حکم مجھے دیا جاتا ہے۔ میں نے نہ اُسے داخل کیا اور نہ تمہیں نکالا

Marfat.com

بلکہ اللہ نے اُسے داخل کیا اور تمہیں نکالا ہے۔

## ’’دوسری حدیث‘‘

## فرمان مصطفیٰ درشانِ مُرتضیٰ

راویان ، علی بن محمد بن سلیمان ابن عتیبہ عمرو ابن دینار ، ابی جعفر محمد بن علی

حضرت ابراہیم بن سعد بن ابی وقاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ اپنے والد گرامی حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے بغیران کا نام لئے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا کہ میں اور کچھ دوسرے لوگ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں بیٹھے ہوئے تھے کہ حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم تشریف لائے جب آپ آئے تو لوگ چلے گئے اور باہر آ کر ایک دوسرے کو ملامت کرنے لگے کہ خدا کی قسم علی کی آمد پر ہمیں نکالا نہیں گیا چنانچہ وہ لوگ لوٹ کر اندر آ گئے تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا،

’’خُدا کی قسم! نہ میں نے علی کو داخل کیا ہے اور نہ ہی تمہیں نکالا ہے بلکہ اللہ تعالیٰ نے اُسے داخل کیا ہے اور تمہیں نکالا ہے۔

ابوعبدالرحمٰن نسائی مولف فرماتے ہیں کہ یہ حدیث زیادہ درست

Marfat.com

ہے۔

## تیسری حدیث!

راویان احمد بن یحیی کوفی، علی ابن قادم اسرائیل

عبداللہ بن شریک

حرث بن مالک سے روایت ہے کہ میں مکہ معظمہ زاد اللہ شرفہا میں آیا اور حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ملاقات کی اور آپ کی خدمت میں عرض کیا کہ آپ نے حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم کی منقبت سنی ہے تو حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ ہم صحابہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ مسجد میں تھے اور ہمیں دروازے بند کرنے کے لئے کہا گیا اور کہا کہ سوائے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی آل اور حضرت علی کی آل کے سب لوگ مسجد میں سے نکل جاؤ یعنی اپنے دروازے مسجد کے باہر بناؤ پس ہم لوگ باہر آ گئے اور جب صبح ہوئی تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے چچا نے آپ کی خدمت میں عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم آپ نے اپنے ساتھیوں اور چچوں کو مسجد سے باہر نکال دیا اور اس لڑکے کو یہاں رہنے دیا ہے؟

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ نہ تو میں نے تمہارے اخراج کا حکم دیا ہے اور اس لڑکے کو یہاں رہنے کا فرمان کیا ہے

ہے

Marfat.com

بیشک اس کا حکم اللہ نے دیا ہے۔

## چوتھی حدیث!

## نہ میں نے کھولا نہ بند کیا

راویان قطر عبدہ اللہ بن شریک عبد اللہ بن ارقم سعد ان

حضرت عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہو کر عرض کیا آپ نے ہمارے دروازے بند کر دیئے ہیں مگر علی کا دروازہ بند نہیں کیا آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ نہ میں نے اُسے کھولا ہے اور نہ میں نے اُسے بند کیا ہے۔

## پانچویں حدیث!

## سب دروازے بند کر دئیے جائیں

راویان: زکریا بن یحییٰ سجستانی عبد اللہ بن عمر محمد بن وھب بن ابی کریمہ الحرانی، مسکین، شعبہ، ابی ملیح، عمرو بن میمون،

ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حکم فرمایا کہ مسجد میں کھلنے والے دروازے بند کر دیئے جائیں سوائے حضرت علی علیہ السلام کے دروازہ کے۔

Marfat.com

# "چھٹی حدیث"

# علیؑ جنبی حالت میں بھی مسجد میں آسکتے ہیں

راویان: محمدبن مثنیٰ ،یحییٰ بن معاذ، ابو وضاح، یحییٰ ، عمروبن میمون ،

حضرت عبد اللہ ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہٗ سے روایت ہے کہ سوائے حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم کے دروازہ کے مسجد میں کھلنے والے تمام دروازے بند کردیئے گئے۔

حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم جنبی حالت میں بھی مسجد میں تشریف لے آتے اور آپ کے گھر کو سوائے مسجد کے کوئی دوسرا راستہ نہیں تھا۔

Marfat.com

# علیؑ کا مقام دربارِ رسول میں

## پہلی حدیث !

### تم مجھے ایسے ہو جیسے موسیٰ کو ہارون

روایان : بشیر بن هلال البصری ، جعفر ابن سلیمان، حرب بن شداد، وساد ، سعید بن المسیّب،

حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ تعالیٰ عنہٗ سے روایت ہے کہ جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم غزوۂ تبوک کیلئے تشریف لے گئے تو حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم کو مدینہ منوّرہ میں خلیفہ بنا کر پیچھے چھوڑ گئے۔

لوگوں نے کہا کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم حضرت علی علیہ السلام سے اُکتا گئے ہیں اور ان کی صحبت کو ناپسند کرتے ہیں اس لئے پیچھے چھوڑ گئے ہیں پس حضرت علی علیہ السلام رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پیچھے پیچھے

Marfat.com

ہو لئے حتیٰ کہ راستے میں ملاقات ہوگئی تو آپ نے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم آپ نے مجھے اپنے ساتھ رکھنا پسند نہیں فرمایا۔

تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا یا علی ہم نے تمہیں اپنے اہل وعیال کی نگرانی کے لئے پیچھے چھوڑا ہے کیا تم خوش نہیں ہو کہ تم مجھے ایسے ہو جیسے موسیٰ کو ہارون سوائے اس کے کہ میرے بعد نبوت نہیں ہے۔

# دوسری حدیث!

**راویان: انقدیم بن زکریا بن دینار کوفی، ابو نعیم، عبد السلام یحییٰ بن سعید، سعید بن المسیّب،**

حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم کے لئے فرمایا کہ تم مجھے ایسے ہو جیسے موسیٰ کو ہارون

# تیسری حدیث!

**راویان: زکریا بن یحییٰ، ابو مصعب ما الدراوردی ہشام، سعید بن مسیّب،**

حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تبوک کیلئے نکلے تو حضرت علی علیہ السلام نے آپ کے پیچھے پیچھے آ کر شکایت کی

Marfat.com

کہ یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم آپ مجھے عورتوں میں چھوڑ رہے جارہے ہیں۔

تو رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا!

یاعلی تم اس پر خوش نہیں ہو کہ تم مجھے ایسے ہو جیسے موسیٰ کو ہارون سوائے نبوت کے

# اس حدیث میں محمد بن المنکدر کا اختلاف

## پہلی روایت

راویان : اسحق بن موسیٰ بن عبد اللہ بن یزید انصاری ، داؤد بن کثیر الرقی محمد بن المنکدر ،سعید بن مسیّب

حضرت سعد رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ یاعلی تم مجھے بمنزلہ ہارون کے ہو جیسے وہ موسیٰ کو تھے سوائے اس کے کہ میرے بعد نبی نہیں۔

## دوم

راویان : صفوان بن محمد ابن عمر و احمد بن خالد ، عبد العزیز بن ابی سلمہ، الماجشون ، محمد بن

Marfat.com

المنکدر،

حضرت سعید بن میسب فرماتے ہیں کہ خبر دی مجھ کو ابراہیم بن سعد نے اس نے اپنے باپ سعد کو فرماتے سُنا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ، کے لئے فرمایا کیا تم اس پر خوش نہیں ہو کہ تم مجھے بمنزلہ موسیٰ سے ہارون کے ہو مگر سوائے اس کے کہ میرے بعد نبوت نہیں

جناب سعید فرماتے ہیں!

کہ میں اس پر مطمئن نہیں ہوا بلکہ میں حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ، کی خدمت میں حاضر ہوا اور آپ سے پوچھا کہ کیا آپ نے اپنے بیٹے سے کوئی حدیث بیان کی ہے اور وہ کون سی حدیث ہے؟

جناب سعد رضی اللہ تعالیٰ عنہ، نے اس پر خبر دی کہ اے ابن اخی فلاں نے جو بات کی ہے وہ کیا ہے؟

میں نے عرض کیا کیا آپ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سُنا ہے کہ انہوں نے حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم کے لئے ایسا اور ایسا کہا ہے؟

فرمایا! ہاں اور پھر کانوں کی طرف اشارا کر کے فرمایا کہ میں نے اس حدیث کو ان کانوں سے سُنا ہے۔

یوسف بن ماجشون نے راویوں کے اس طریقہ کی مخالفت کی ہے اور محمد بن المنکدر سے سعید بن عامر بن سعد، علی بن زید بن جدمان کی روایت

Marfat.com

کی اتباع کی ہے۔

## دوسری روایت!

اس روایت کے راوی ہیں۔

**زکریا بن یحییٰ ابن شوارب حماد بن زید علی بن زید، سعید بن مسیب، عامر بن سعد بن ابی وقاص رضی اللہ تعالیٰ عنہٗ،**

حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ تعالیٰ عنہٗ فرماتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم کے لئے فرمایا کہ تم مجھے ایسے ہو جیسے موسیٰ کو ہارون سوائے اس کے کہ میرے بعد نبی نہیں۔

جناب سعید بن مسیّب کہتے ہیں کہ میں نے چاہا کہ میں حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ تعالیٰ عنہٗ سے بالمشافہ اس حدیث کے متعلق گفتگو کروں چنانچہ میں آپ کی خدمت اقدس میں حاضر ہوا اور پوچھا کہ کیا آپ سے یہ حدیث آپ کے بیٹے عامر نے سُنی ہے؟

تو آپ نے کانوں میں انگلیاں ڈال کر فرمایا کہ اگر یہ بات نہ ہوتو یہ کان بہرے ہو جائیں بیشک میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم سے یہ سُنا ہے۔

Marfat.com

## تیسری روایت!

راویان: . محمد بن وھب حرانی ، سکن بن سکن ،
شعبہ، علی بن زید سعید بن مسیّب.

حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم کو فرمایا اے علی کیا تم اس پر خوش نہیں ہو کہ تم مجھے ایسے ہو جیسے موسیٰ علیہ السلام کو ہارون علیہ السلام حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم نے ایک مرتبہ تو اُسی وقت فرمایا کہ میں خوش ہوں میں خوش ہوں اور دوسری مرتبہ میرے پوچھنے پر فرمایا کہ ہاں ہاں میں خوش ہوں۔

ابوعبدالرحمٰن نسائی فرماتے ہیں کہ میں نہیں جانتا اس روایت کے اس طریق پر ابن ماجشون کی کسی نے پیروی کی ہو جو محمد بن المنکدر کے طریقہ پر سعید بن مسیّب سے بیان کی گئی ہے حالانکہ ابراہیم بن سعد بن ابی وقاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے یہ حدیث اپنے باپ حضرت سعد رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے سُنی ہے۔

## چوتھی روایت!

راویان: . محمد بن بشار بصری ، محمد ابن جعفر
غندر ، شعبہ بن ابراھیم ، ابراھیم بن سعد

Marfat.com

حضرت سعد رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم کے لئے فرمایا کہ تم اس پر خوش نہیں ہو کہ تم مجھے ایسے ہو جیسے موسیٰ علیہ السلام کو ہارون علیہ السلام؟

## پانچویں روایت!

راویان :. عبد الله بن سعد بغدادی ، ابی ، ابن اسحاق محمد بن طلحه بن زید بن مکانه ، ابرهیم بن سعد بن ابی وقاص .

حضرت سعد رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو حضرت علی علیہ السلام کے لئے یہ فرماتے ہوئے اس وقت سُنا جب آپ اپنے اہل وعیال کی نگرانی کے لئے حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم کو چھوڑ کر غزوۂ تبوک کے لئے تشریف لے گئے تھے کہ یا علی کیا تم اس پر خوش نہیں ہو کہ تم مجھے ایسے ہو جیسے موسیٰ کو ہارون ؟

ابوعبدالرحمٰن امام نسائی فرماتے ہیں کہ اس حدیث کو سعید بن مسیّب کے علاوہ عامر بن سعید نے بھی اپنے والد حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے بیان کیا ہے۔

Marfat.com

## چھٹی روایت !

**راویان:۔ محمد بن بشار، محمد بن شعبہ، حکم، مصعب بن سعد،**

فرمایا کہ تبوک کے وقت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم حضرت علی کرم اللہ وجہہ کو مدینہ منورہ میں خلیفہ بنا کر چھوڑ گئے تو حضرت علی علیہ السلام نے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم آپ مجھے عورتوں اور بچوں کے درمیان چھوڑ کر جا رہے ہیں؟

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے یہ سُن کر فرمایا یا علی کیا تم اس پر خوش نہیں ہو کہ تم مجھے ایسے ہو جیسے موسیٰ کو ہارون سوائے اس کے کہ میرے بعد نبوت نہیں۔

ابوعبدالرحمٰن امام نسائی فرماتے ہیں کہ سعید بن میسّب کے علاوہ اس حدیث کو عامر بن سعد نے بھی اپنے والد سعد بن ابی وقاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے بیان کیا ہے۔

## ساتویں روایت!

**راویان:۔ محمد بن مثنیٰ، ابو بکر حنفی، بکر بن مسمار**

کہا کہ میں نے عامر سعد سے سُنا وہ فرماتے تھے کہ معاویہ نے سعد

Marfat.com

بن ابی وقاص کو کہا کہ تمہیں ابنِ ابی طالب کی برائی کرنے سے کس چیز نے روکا ہے انہوں نے فرمایا کہ میں علی علیہ السلام کو گالی نہیں دوں گا کیونکہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے اُن کے لئے تین باتیں ایسی سن رکھی ہیں کہ اگر اُن میں سے میرے لئے ایک بھی ہوتی تو مجھے سُرخ اُونٹوں سے زیادہ محبوب ہوتی۔

اور کہا کہ میں اس بات کی وجہ سے انہیں گالی نہیں دوں گا کہ

جب وحی نازل ہوئی تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت علی علیہ السلام اور ان کے بیٹوں اور حضرت فاطمۃ الزہرا سلام اللہ علیہا کو ساتھ لے کر کپڑا اوڑھ لیا اور دعا کی کہ اے میرے ربّ یہ میرے اہل ہیں۔

اور کہا کہ میں اس بات کی وجہ سے انہیں گالی نہیں دوں گا کہ۔

جب غزوات میں سے ایک غزوہ کے موقع پر حضور رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم حضرت علی کو پیچھے چھوڑ گئے تو حضرت علی نے عرض کیا کہ آپ مجھے عورتوں اور بچوں میں سے چھوڑ کر جا رہے ہیں تو آپ نے فرمایا کہ علی تو اس بات میں خوش نہیں کہ تو مجھے ایسے ہے جیسے موسیٰ کو ہارون مگر میرے بعد نبوت نہیں۔

اور فرمایا کہ میں اس بات کی وجہ سے بھی حضرت علی علیہ السلام کو گالی نہیں دوں گا کہ،

جب خیبر کے دِن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ میں

Marfat.com

اُس شخص کو جھنڈا عطا کروں گا جو اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول سے محبت کرتا ہے اور اللہ تعالیٰ اس کے ہاتھ پر خیبر کو فتح کرائے گا تو ہم لمبی گردنیں کر کے پرچم کی طرف دیکھ رہے تھے کہ حضور رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا علی کہاں ہے؟ لوگوں نے کہا کہ وہ آشوبِ چشم میں مبتلا ہیں آپ نے فرمایا کہ انہیں بلاؤ پھر جب حضرت علی آئے تو آپ نے ان کی آنکھوں میں لعابِ دہن مبارک لگایا اور انہیں جھنڈا عطا فرما دیا اور اللہ تعالیٰ نے اِس پر فتح عطا فرمائی۔

خُدا کی قسم جب معاویہ نے یہ باتیں سُنیں تو مدینہ منورہ زادہا اللہ شرفاً وتعظیماً سے نکل گیا۔

## آٹھویں حدیث!

**راویان:. محمد بن بشار ، محمد بن شعبہ حکم**

حضرت مصعب بن سَعد بن ابی وقاص فرماتے ہیں کہ جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم غزوہ تبوک کے وقت حضرت علی کو پیچھے چھوڑ کر جارہے ہیں؟

آپ نے فرمایا علی تو اس پر خوش نہیں کہ تو مجھے ایسے ہے جیسے موسیٰ کو ہارون مگر میرے بعد نبی نہیں لیث راویوں کے اس طریق کا مخالف ہے اور اس نے یہ روایت عائشہ بنت سعد بن ابی وقاص سے بیان کی ہے۔

Marfat.com

# نویں روایت!

**راویان ! حسن بن اسمعیل بن سلیمان مصیصی ،خالدی مطلب لیس ،حکم**

حضرت عائشہ بنتِ سعد اپنے باپ حضرت بن ابی وقاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کرتی ہیں کہ غزوۂ تبوک کے وقت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ اے ابنِ ابو طالب تم مجھے بمنزلہ موسیٰ کو ہارون کے ہو۔ مگر میرے بعد نبی نہیں

فرمایا کہ ابوعبدالرحمٰن اور شعبہ مضبوط حافظہ کے ہیں۔ اور ضعیف الحدیث نہیں ہیں ۔پس یقیناً یہ روایت حضرت عائشہ بنتِ سعد نے بیان کی ہے۔

# دسویں روایت

**راویان: . زکریا بن یحییٰ ابو مصعب در اور دی عبد المجید عائشہ بن سعد ،**

حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ تعالیٰ عنہٗ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم غزوۂ تبوک کے لئے نکلے حتیٰ کہ آپ مقامِ ثنیۃ الوادع پر تشریف لائے۔

تو حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم نے آپ سے شکایت کرتے

Marfat.com

ہوئے کہا کہ آپ مجھے عورتوں میں چھوڑ کر جا رہے ہیں؟

تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کیا تم اس پر خوش نہیں ہو کہ تم مجھے ایسے ہو جیسے موسیٰ کو ہارون ماسوا نبوت کے۔

## گیارھویں روایت!

**راویان:: فضل بن سهل بغدادی ، احمد بن زبیری عبد الله بن خبیب بن ابی ثابت حمزه بن عبد الله**

حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ تعالیٰ عنہٗ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم غزوۂ تبوک کے لئے نکلے اور حضرت علی کو پیچھے چھوڑ دیا۔

حضرت علی علیہ السلام نے عرض کی کیا آپ مجھے عورتوں میں چھوڑ کر جا رہے ہیں؟

تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا!

کیا تم اس پر خوش نہیں ہو کہ تم مجھے ایسے ہو جیسے موسیٰ کو ہارون سوائے اس کے کہ میرے بعد نبی نہیں۔

## عبد الله بن شریک کے اختلاف کا ذِکر

## "پهلی حدیث"

**راویان:. قاسم بن زکریا بن دینار کوفی ابو نعیم ،قطر**

Marfat.com

**عبد اللہ بن شریک عبد اللہ بن ارقم کنانی،**

حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم کے لئے فرمایا کہ تم مجھے ایسے ہو جیسے موسیٰ کو ہارون،

## دوسری حدیث

**راویان:. احمد بن یحییٰ کوفی، دعبل، نادم، اسرائیل م عبد اللہ بن شریک حرب بن سلک**

سعد بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم غزوہ کو جانے کے لئے اپنی ناقہ جدعا پر سوار تھے اور حضرت علی نے آپ نے پیچھے چھوڑ دیا تھا حتیٰ کہ حضرت علی آئے تو ناقہ دوڑ رہی تھی پس حضرت علی نے آپ کو مل کر عرض کیا کہ یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم قریش گمان کرتے ہیں کہ آپ نے مجھے اس لئے پیچھے چھوڑ دیا ہے کہ،

آپ مجھے ساتھ رکھنا پسند نہیں کرتے اور مجھے خود پر بوجھ محسوس کر تے ہیں اور یہ بات کرنے کے بعد آپ رونے لگے پس رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے لوگوں کو بلند آواز سے مخاطب فرمایا کہ تم میں ایک بھی ایسا نہیں جو علی کا محتاج نہ ہو اور پھر فرمایا یا علی کیا تم اس پر خوش نہیں ہو کہ تم مجھے ایسے ہو جیسے موسیٰ کو ہارون میں سوائے اس کے کہ میرے بعد نبی نہیں۔

Marfat.com

حضرت علی علیہ السلام نے عرض کیا کہ میں اللہ تعالیٰ عزوجل اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے خوش ہوں۔

## تیسری حدیث

راویان:۔ عمر بن علی ، یحییٰ بن سعید، موسیٰ جھنی۔

موسیٰ جھنی سے روایت ہے کہ میں حضرت فاطمہ بنت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہما کی خدمت میں حاضر ہوا اور پوچھا کہ آپ کے پاس اپنے والد گرامی کے متعلق کوئی حدیث ہوتو بیان فرمایئے آپ نے فرمایا کہ مجھ سے حضرت اسماء بنت عمیس رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے حدیث بیان کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم کے لئے فرمایا کہ تم مجھے ایسے ہو جیسے موسیٰ کو ہارون مگر میرے بعد نبی نہیں ہے۔

## چوتھی حدیث

راویان:۔ احمد بن سلیمان جعفر بن عون

موسیٰ الجھنی سے روایت ہے کہ میں نے سیّدہ فاطمہ بنتِ علی علیہا السلام کی زیارت کی آپ کی عمر اس وقت اسی سال تھی میں نے آپ سے پوچھا کیا آپ کو اپنے والد گرامی کے متعلق کوئی حدیث یاد ہے؟

آپ نے فرمایا کہ نہیں مگر میں نے اسماء بنت عمیس رضی اللہ تعالیٰ

Marfat.com

عنہا کو یہ فرماتے ہوئے سُنا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے حضرت علی علیہ السلام کے لئے فرمایا کہ تم مجھے ایسے ہو جیسے موسیٰ علیہ السلام کو ہارون علیہ السلام مگر سوائے اس کے کہ میرے بعد نبی نہیں۔

# پانچویں حدیث

**راویان:. احمد بن عثمان بن حکیم ابو نعیم حسن ابو صالح موسیٰ الجھنی، حضرت فاطمه بنت علی**

حضرت اسماء بنت عمیس رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے حضرت علی کے لئے فرمایا تم مجھے بمنزلہ موسیٰ سے ہارون کے ہو مگر سوائے اس کے کہ میرے بعد نبی نہیں۔

# چھٹی حدیث

**راویان:. محمد بن یحییٰ، عبد الله نیشا پُوری، احمد بن عثمان، حکیم دراوردی محمد، عمرو بن طلحه، اسباط، سماک، عکرمه،**

حضرت عبد اللہ ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی ظاہری حیاتِ مُبارکہ کے وقت فرمایا کرتے تھے خدا کی قسم! ہم ایڑیوں کے بل نہیں پھریں گے جب کہ ہمیں اللہ نے ہدایت دی ہے اور خدا کی قسم! اگر آپ

Marfat.com

رحلت فرما جائیں تو میں تاحینِ حیات اس بات پر لوگوں سے جنگ کروں گا جس پر آپ نے جنگ کی ہے،

خدا کی قسم! میں آپ کا بھائی ولی وارث اور چچا کا بیٹا ہوں اور مجھ سے زیادہ اس امر کا کون مستحق ہے۔

## ساتویں حدیث

**راویان:۔ فضل بن سہل ، ابن عفان بن مسلم، ابو عوانہ ، عثمان بن مغیرہ ابی صادق ربیعہ بن ماجد**

سے روایت ہے کہ ایک شخص نے حضرت علی ابن ابی طالب علیہ السلام کی خدمت میں عرض کیا کہ کیا آپ کو اپنے چچوں کے علاوہ وراثت نہیں ملی؟

اُس کے جواب میں حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بنوعبدالمطلب کو جمع فرمایا اور اُن کے لئے ایک مدطعام تیار کروایا اور سب نے کھایا حتیٰ کہ سب سیر ہو گئے مگر کھانا باقی بچ رہا اور یوں لگتا تھا جیسے اس کھانے کو کسی نے چھوا تک نہ ہو، اور پھر ایک پیالہ منگوایا جس سے سب نے شکم سیر ہو کر پیا مگر پیالہ ایسے ہی بھرا ہوا تھا جیسے کسی نے اُسے مس بھی نہ کیا ہو پھر آپ نے فرمایا یا نبی عبدالمطلب مجھے تمہاری طرف بالخصوص اور دوسروں کی طرف بالعموم مبعوث فرمایا گیا ہے اور بے

Marfat.com

شک تم نے اس معجزے کو دیکھا تو کیا تم میں سے کوئی اس امر میں میرا ساتھ دیتا ہے؟ تاکہ وہ میرا بھائی ساتھی اور وارث بنے مگر کوئی شخص بھی نہ اٹھا تو میں اٹھا اس وقت میری عمر چھوٹی تھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مجھے بیٹھنے کا ارشاد فرمایا۔

اور پھر آپ نے تین مرتبہ یہ ارشاد فرمایا اور میں ہر مرتبہ اٹھتا رہا اور آپ مجھے بٹھاتے رہے حتیٰ کہ میں تیسری مرتبہ کھڑا ہوا تو آپ نے میرے ہاتھ پر تھپکی دے کر ارشاد فرمایا کہ میں نے اپنے چچوں کے برعکس اپنے اس چچازاد کو وارث بنایا ہے۔

## آٹھویں حدیث

**راویان:. زکریا ابن یحییٰ ، عبد اللہ بن نمیر مالک بن مغول ، حرث بن حصین**

ابی سلیمان الجہنی کہتے ہیں کہ میں نے حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم کو منبر پر یہ فرماتے ہوئے سُنا کہ میں اللہ کا بندہ اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا بھائی ہوں میرے سوا اس بات کا مدعی صرف وہی ہوسکتا ہے جو کذاب اور افترا پرداز ہو۔

ابی سلیمان الجہنی کہتے ہیں پس مجھے خبر دی گئی کہ حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم اللہ کے بندے محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بھائی اور

Marfat.com

محبوب ہیں اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا فرمان ہے کہ علی مجھ سے ہے اور میں علی سے ہوں۔

## نویں حدیث

**راویان:۔ بشر بن ہلال ،جعفر بن سلیمان یزید الرشک، مطرف بن عبد اللہ**

عمران بن حصین رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا علی مجھ سے ہے اور میں علی سے ہوں اور علی میرے بعد تمام مومنوں کا ولی اور مددگار ہے۔

# اس حدیث میں ابی اسحق کے رواۃِ اختلاف کا ذکر

## دسویں حدیث

**راویان:۔ احمدبن سلیمان ، ابو اسحاق، حبشی بن جنادہ سلوی،**

حبشی کہتے ہیں میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے سُنا کہ علی مجھ سے ہے اور میں علی سے ہوں امام نسائی فرماتے ہیں میں کہتا ہوں کہ ابواسحٰق نے بزار کی روایت بیان کی ہے۔

Marfat.com

# گیارھویں حدیث

**راویان:۔ احمد بن سلیمان، عبد اللہ، اسرائیل، ابی اسحق**

حضرت براء بن عازب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول االلہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم کو فرمایا کہ میں تجھ سے ہوں اور تو مجھ سے ہے۔

# بارھویں حدیث

**راویان:۔ قاسم بن یزید مخزومی، اسرائیل، ابی اسحاق، ھبیرہ بن مریم،**

حضرت ہانی بن ہانی حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کر تے ہیں کہ جب ہم مکہ معظّمہ سے گزر رہے تھے تو حضرت حمزہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی صاحبزادی چچا جان چچا جان کہتی دوڑتی ہوئی آئی تو حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم نے اسے پکڑ لیا اور اپنی زوجہ محترمہ حضرت فاطمۃ الزہرا سلام اللہ علیہا کے حوالے کرتے ہوئے فرمایا کہ اپنے چچا کی بیٹی کو اٹھالیں۔

اس سلسلہ میں جعفر و علی اور زید رضی اللہ تعالیٰ عنہم کے مابین جھگڑا شروع ہو گیا حضرت علی فرماتے تھے کہ یہ لڑکی میرے چچا کی بیٹی ہے اسے میں اپنے پاس رکھوں گا حضرت جعفر فرماتے تھے کہ یہ میرے چچا کی بیٹی بھی

Marfat.com

ہے اور میری بیوی اس کی خالہ بھی ہے حضرت زید فرماتے تھے کہ یہ میرے بھائی کی بیٹی ہے جب یہ قصہ حضور رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دربار میں پیش ہوا تو آپ نے فرمایا کہ یہ لڑکی اپنی خالہ کے پاس رہے گی کیونکہ خالہ بمنزلہ ماں کے ہے اور حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم کو فرمایا کہ تم مجھے ایسے ہو جیسے موسیٰ کو ہارون علیہما السلام اور میں تجھ سے ہوں اور حضرت جعفر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو فرمایا کہ تم خَلق اور خُلق میں مجھ سے مشابہ ہو اور حضرت زید رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو فرمایا اے زید تم ہمارے بھائی اور مولا ہو۔

Marfat.com

# علی میری جان کی طرح ہے

## فرمانِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم

راویان:۔ عباس بن محمد الدوری احوص بن جواب یونس بن اسحق ابی اسحاق زید بن یشیغ

حضرت ابی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بنو ربیعہ کو انتباہ کرتے ہوئے فرمایا کہ تمہاری طرف ایسا شخص آئے گا جو میری جان کی طرح ہے وہ میرا حکم تم پر نافذ کرے گا اور لڑنے والوں کو قتل کرے گا اور تمہاری اولاد کو قیدی بنائے گا پس میں اس تعجب ہی میں تھا کہ حضرت عمر میرے پیچھے سے میرے کمرے میں آدھمکے ہیں نے کہا اس سے مراد آپ کا ساتھی ہے انہوں نے پوچھا کون؟ میں نے کہا جوتا مرمت کرنے والا انہوں نے کہا جوتوں کی مرمت تو علی کرتا ہے۔

Marfat.com

# علی کیلئے فرمانِ مصطفی که تو میرا امین اور صفی هے

## راویان حدیث!

ذکریا بن یحیی ، ابن ابی عمرو بن ابی مروان، عبد العزیز ، یزید بن عبد اللہ بن اسامہ بن هاد ، محمد نافع بن عجیز

اپنے باپ سے وہ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مجھے فرمایا اے علی تو میرا صفی اور میرا امین ہے میرا قرض یا میں ادا کروں گا یا علی ادا کرے گا

راویان حدیث، احمد بن سلیمان اسمعیل ابی اسحق جناب حبشی بن جنادہ سلولی سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا علی مجھ سے ہے اور میں علی سے ہوں میرا قرض کوئی نہیں ادا کرے گا مگر میں خود ادا کروں گا یا علی ادا کرے گا۔

# اپنا پیغام میں خود پهنچاؤں گا یا علی فرمان رسول

راویان حدیث ! احمد بن سلیمان ، اسمعیل،

Marfat.com

ابی اسحاق ، حبشی

ابن جنادہ سلولی سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ علی مجھ سے ہے اور میں علی سے ہوں میرا پیغام کوئی نہیں پہنچائے گا مگر میں اور علی

## حضرت علی کو سورہ براۃ دیے کربھیجنا

## پہلی حدیث

راویان :. محمد بن بشار ،عفان عبد الصمد حماد بن سلمہ سمائک بن حرب

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ حضور رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو سورۃ براۃ دے کر بھیجا اور پھر ان کو واپس بلا کر فرمایا کہ اسے نہیں پہنچائے گا کوئی شخص مگر وہ جو میرے اہل سے ہو پھر حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم کو بلا کر سورۃ براۃ انہیں عطا کردی،

## دوسری حدیث !

راویان:. عباس بن محمد الدو ری ابو نوح قداد یونس بن ابی اسحق ،ابی اسحق

زید بن سبیع حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم سے روایت کرتے ہیں

Marfat.com

کہ حضور رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے سورۃ براۃ دے کر حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو اہل مکہ کی طرف بھیجا پھر حضرت علی کو ان کے پیچھے بھیجا کہ وہ مکتوب ان سے خود لے لیں اور اہل مکہ کی طرف جائیں۔

فرمایا کہ پھر حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ حضرت ابوبکر صدیق رضی للہ تعالیٰ عنہ سے ملے اور ان سے وہ خط لے لیا پس حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ غم ناک حالت میں واپس آ گئے

لوگوں نے عرض کیا یا رسول اللہ کیا کوئی آیت نازل ہوئی ہے؟

آپ نے فرمایا نہیں بلکہ مجھے اللہ تبارک وتعالیٰ نے حکم دیا ہے کہ اس پیغام کو یا تو میں خود پہنچاؤں یا میرے اہل بیت پہنچائیں۔

## تیسری حدیث!

**راویان: ذکریا بن یحییٰ، عبد اللہ ابن عمر، اسباط، قطر، عبد اللہ بن شریک عبد اللہ بن اقیم**

حضرت سعد رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو سورۃ براۃ دے کر بھیج یہاں تک کہ وہ راستے پر تھے کہ آپ نے حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو بھیج کہ وہ سورۃ براۃ حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے واپس لے لیں پھ حضرت علی نے حضرت ابوبکر سے سورۃ واپس لی تو حضرت ابوبکر نے ۲۱

Marfat.com

بات کا غم اپنے دل میں محسوس کیا پس رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ اسے کوئی نہیں پہنچائے گا مگر میں خود یا وہ شخص جو مجھ سے ہو،

## چوتھی حدیث!

**راویان:۔ اسحاق بن ابراهیم راهویه موسی بن طارق، ابی صالح ،عبد الله بن خثیم ، ابی زبیر،**

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ جب حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ جعرانہ سے واپس آئے تو آپ نے حضرت ابوبکر کو حج کے لئے روانہ کیا ہم بھی آپ کے ساتھ تھے یہاں تک کہ مقام عرج پر صبح کی نماز کے لئے کپڑا اچھایا پس جب تکبیر کے لئے کھڑے ہوئے تو عقب سے بلبلاہٹ کی آواز سُنی چنانچہ تکبیر میں توقف کیا گیا کیونکہ یہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ناقہ مبارکہ جدعا کے بلبلانے کی آواز تھی۔

ہم نے خیال کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم خود بھی حج کے لئے تشریف لے آئے ہیں لہذا آپ کی معیّت میں نماز ادا کی جائے تو جب اس اونٹنی سے اتر کر حضرت علی تشریف لائے تو حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ان سے پوچھا کہ علی آپ امیر ہیں یا ایلچی؟ حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم نے فرمایا امیر نہیں بلکہ پیامبر ہوں مجھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

Marfat.com

نے بھیجا ہے کہ مواقف حج میں لوگوں پر سورت براۃ تلاوت کروں

پس ہم مکہ معظمہ میں داخل ہوئے تو ایام ترویہ سے قبل ایک روز

حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کھڑے ہوئے اور لوگوں کو خطاب

کرتے ہوئے ان سے گفتگو کی اور مناسک حج بیان کئے۔

یہاں تک کہ جب آپ فارغ ہوئے تو حضرت علی کرم اللہ وجہہ

الکریم کھڑے ہوئے اور آپ نے لوگوں پر سورۃ براۃ پڑھی یہاں تک کہ ختم

ہوگئی۔

پس پہلے آدمی حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ ہیں جنہوں

نے کھڑے ہوکر خطبہ دیتے ہوئے لوگوں کو بتایا کہ منیٰ سے واپس کیسے آنا ہے

اور رمی کیسے کرنی ہے اور انہیں مناسک حج سکھائے تو جب آپ فارغ ہوئے

تو حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ اٹھے اور لوگوں پر سورۃ براۃ تلاوت کی حتیٰ کہ

ختم ہوگئی۔

# جس کا میں ولی ہوں اس کا یہ ولی ہے

## فرمانِ مصطفیٰ برائے مرتضیٰ

## پہلی حدیث

راویان ! احمد بن مثنیٰ ، یحییٰ بن معاذ ، ابو عوانہ ،

سلیمان ، حبیب بن ابی ثابت طفیل ۔

Marfat.com

حضرت زید بن ارقم رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم حجۃ الوداع سے واپس آئے تو غدیر خم کے مقام پر نزول اجلال فرمایا اور لوگوں کو بھی قیام کرنے کا حکم دیا۔

اور پھر فرمایا یوں معلوم ہوتا ہے کہ مجھے اللہ کی طرف سے بلاوا آ گیا ہے اور میں نے اس کا جواب دیا ہے اور میں تم میں دو چیزیں چھوڑ رہا ہوں اور ایک دوسری سے بڑی ہے۔

اور وہ اللہ کی کتاب اور میری عترت واہل بیت ہے اب دیکھنا کہ تم میرے بعد ان کے ساتھ کیا سلوک کرتے ہو یہ دونوں کبھی الگ الگ نہیں ہوں گے حتیٰ کہ حوض کوثر پر مجھے آملیں گے۔

پھر فرمایا بے شک اللہ میرا مولا ہے اور میں تمام مومنوں کا ولی ہوں اور پھر حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا ہاتھ پکڑ کر فرمایا جس کا میں ولی ہوں پس اس کا یہ ولی ہے الٰہی جو اس سے دوستی رکھے اس سے دوستی رکھ اور جو اس سے دشمنی رکھے اس سے دشمنی رکھ۔

میں نے حضرت زید رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے کہا کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے یہ بات سُنی ہے کہ ان درجات میں جو کوئی شخص بھی ہے میں نے اسے اپنی آنکھوں سے دیکھا اور اس کے بارے میں اپنے کانوں سے سُنا ہے۔

Marfat.com

## دوسری حدیث!

**راویان: ابو کریب محمد بن العلاء الکوفی ، ابو معاویہ ، اعمش ،سعید بن عمیر ، ابن بریدہ**

حضرت بریدہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ ہمیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم کی زیر قیادت بھیجا پس جب ہم لوگ واپس آئے تو آپ نے پوچھا کہ تم نے اپنے ساتھی کہ صحبت کو کیسا پایا؟

پس میں نے اور ایک دوسرے شخص نے حضرت علی علیہ السلام کی شکایت کی اور میں نے جب سر اٹھا کر دیکھا تو وہ دوسرا شخص اہل مکہ سے تھا۔

اور جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے رُخ انور کی طرف نظر کی تو آپ کا چہرۂ اقدس غصے سے سُرخ تھا۔

اور آپ نے فرمایا!

جس کا میں ولی ہوں اس کا علی ولی ہے۔

## تیسری حدیث

**راویان: محمد بن المثنیٰ ابو احمد ، عبد المالک بن ابی عینیہ ، حکم ، سعید بن جبیر ابن عباس**

حضرت بریدہ رضی الہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ

Marfat.com

علیہ وآلہ وسلم نے مجھے حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم کی معیت میں یمن کی طرف بھیجا تو میں نے ان کی سختی دیکھی تو واپس آکر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے اس امر کی شکایت کی پس آپ نے سر اٹھا کر میری طرف دیکھا اور فرمایا اے بریدہ جس کا میں مولا ہوں اس کا علی مولا ہے۔

## چوتھی حدیث!

**راویان :. ابو داؤد ، ابو نعیم عبد الملک بن ابی عینیه الحکم ، سعید بن جبیر ، ابن عباس**

حضرت بریدہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ ہم حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم کے ساتھ یمن کی طرف گئے تو میں نے آپ کی سختی محسوس کی پس جب میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں واپس آیا تو حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم کے اس قصہ کا ذکر کیا تو آپ کے چہرۂ انور پر جلال برسنے لگا اور آپ نے فرمایا اے بریدہ کیا تو نہیں جانتا کہ میں مومنوں کی جانوں کا ان سے زیادہ مالک ہوں؟ میں نے عرض کیا ہاں یا رسول اللہ آپ زیادہ مالک ہیں تو آپ نے فرمایا جس کا میں مولا ہوں اس کا علی مولا ہے۔

## پانچویں حدیث!

Marfat.com

راویان:۔ زکریا بن یحیی ، نصر بن علی ، عبد اللہ بن داؤد، عبد الواحد بن ایمن۔ ایمن

حضرت سعد رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا جس کا میں مولیٰ ہوں اس کا علی مولیٰ ہے۔

## چھٹی حدیث!

راویان:۔ قتیبہ بن سعید ابن ابی عدی عوف میمون ابی عبد اللہ،

حضرت زید بن ارقم رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اللہ تبارک و تعالی کی حمد و ثنا بیان کرنے کے بعد فرمایا کیا تم نہیں جانتے کہ میں تمام مومنوں کی جانوں کا اُن سے زیادہ مالک ہوں؟

لوگوں نے عرض کیا کہ ہاں بے شک آپ ہر مومن کی جان کے اُس سے زیادہ مالک اور اقرب ہیں تو آپ نے فرمایا پس جس کا میں مولا ہوں اس کے یہ مولا ہیں اور پھر حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم کا ہاتھ تھام لیا۔

## ساتویں حدیث!

راویان! محمد بن یحییٰ بن عبد اللہ نیشا پوری احمد

Marfat.com

بن عثمان بن حکیم عبد اللہ بن موسی ، ھانی بن ایوب ،

طلحہ ،

حضرت عمرو بن سعد رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم کو دوران خطبہ یہ ارشاد فرماتے ہوئے سُنا کہ میں تم لوگوں کو قسم دے کر پوچھا ہوں کیا یہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا فرمان ہے کہ جس کا میں مولا ہوں اس کا علی مولا ہے۔

آپ کا یہ فرمان سن کر چھ آدمی اٹھے اور انہوں نے اس کی امر کی گواہی دی کہ ہم نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا یہ فرمان سُنا ہے۔

## آٹھویں حدیث !

راویان : محمد بن مثنی، محمد ، شعبہ ابی اسحق.

حضرت سعید بن وہب سے روایت ہے کہ حضرت علی کے فرمان کے جواب میں پانچ چھ اصحاب رسول نے اس کی بات کی گواہی دی کہ بیشک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہے کہ جس کا میں مولا ہوں اس کا علی مولا ہے۔

## نویں حدیث !

راویان :. علی بن محمد بن علی قاضی المصیصہ خلف، شعبہ ابی اسحاق.

Marfat.com

حضرت سعید بن وہب کی روایت ہے کہ اس امر کی گواہی دینے والے چھ صحابہ کرام تھے اور یزید بن یثیغ نے کہا کہ حضرت علی کہ منبر کے پاس کھڑے ہو کر چھ اشخاص نے گواہی دی کہ انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سُنا کہ جس کا میں مولا ہوں اس کے علی مولا ہیں۔

## دسویں حدیث!

راویان: ابو داؤد ، عمران بن ابان ، شریک ، ابو اسحاق

زید بن یثیغ سے روایت ہے کہ میں نے حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو کوفہ کے منبر پر یہ فرماتے ہوئے سُنا کہ میں تمہیں اللہ کی قسم دے کر پوچھتا ہوں اور اس سلسلہ میں سوائے اصحاب رسول علیہ الصلوۃ کے کوئی شخص گواہی نہ دے کہ یوم غدیر خم کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا تھا کہ جس کا میں مولا ہوں اس کا علی مولا ہے الٰہی اس کے دوستوں سے دوستی اور اس کے دشمنوں سے دُشمنی رکھ؟ آپ کے اس فرمان پر منبر کی طرف سے چھ آدمی اُٹھے اور انہوں نے گواہی دی کہ بے شک ہم نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سُنا ہے۔

Marfat.com

# علی میرے بعد ہر مومن کا ولی ہے

## "پہلی حدیث"

**احمد بن شعیب قتیبہ بن سعید جعفر ابن سلیمان یزید ، مطرف بن عبد الله ،**

حضرت عمران بن حصین رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ایک لشکر ترتیب دیا اور اس کا سپہ سالار حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم کو مقرر کیا اور سریہ کے لئے بھیجا اسلامی لشکر فتحیاب ہوا تو مال غنیمت سے ایک کنیز کو حضرت علی نے لے لیا جسے بعض لوگوں نے ناپسند کیا اور چار اصحاب نے عہد کیا کہ اس امر کی خبر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو دی جائے گی۔

چنانچہ جب مسلمان اس سفر سے لوٹے تو حسب معمول رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے کیونکہ مسلمانوں میں دستور تھا کہ جب کسی سفر سے واپس آتے تو سب سے پہلے حضور سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں حاضری دیتے۔

حضرت علی کے خلاف شکایت کرنے کا عہد کرنے والے چار اشخاص میں سے ایک شخص نے اٹھ کر عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کیا آپ نے علی کو دیکھا کہ اس نے ایسا اور ایسا کیا؟

Marfat.com

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس کی بات سنی تو اس کی طرف سے رُخ انور کو پھیر لیا پھر دوسرے آدمی نے اٹھ کر وہی بات دہرائی تو آپ نے اس کی طرف سے بھی چہرہ اقدس کو پھیر لیا پھر تیسرے نے بھی وہی مقالہ دہرایا اور پھر جب چوتھے نے بھی وہی بات کی جو پہلے تین کر چکے تھے تو آپ غضب ناک ہو گئے اور اس کے چہرے پر نظریں گاڑتے ہوئے فرمایا کہ کیا تم نہیں جانتے کہ علی مجھ سے ہے اور میں علی سے ہوں اور وہ میرے بعد تمام مومنوں کا مددگار ہے۔

## دوسری حدیث!

راویان حدیث ! شعیب ، واصل بن عبد العلی کوفی فضیل عن الجامع عبد الله بن بریده

حضرت بریدہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ہمیں خالد بن ولید کے ساتھ یمن کی طرف بھیجا اور دوسرے لشکر کے ساتھ حضرت علی کو روانہ کیا اور فرمایا کہ اگر تم اکٹھے جنگ کرو تو علی تم سب کے سپہ سالار ہوں گے اگر الگ الگ ہو کر لڑو تو اپنے اپنے لشکر کے امیر ہو گے پس ہم نے اہل یمن میں سے بنو زبید کے ساتھ جنگ کی اور مشرکین پر مسلمانوں کو فتح حاصل ہوئی پس ہم نے لڑنے والوں کو قتل کر دیا اور ان کی اولاد کو قید کر لیا اور حضرت علی نے قیدیوں میں سے اپنے

Marfat.com

لئے ایک کنیز کو پسند کیا چنانچہ خالد بن ولید نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اس ضمن میں خط لکھا اور مجھے حکم دیا کہ میں یہ خط آپ تک پہنچاؤں حضرت بریدہ فرماتے ہیں کہ میں خط لے کر آپ کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کی کہ علی نے ہمیں تکلیف پہنچائی ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے سنا تو آپ غضب ناک ہو گئے اور فرمایا اے بریدہ میرے لئے ہی علی سے بغض نہ رکھو کیونکہ علی مجھ سے ہے اور میں علی سے ہوں اور وہ میرے بعد تمہارا مددگار ہے۔

Marfat.com

# فرمان نبی
# علی کو گالی دینا مجھے گالی دیناھے

## پھلی حدیث

**احمد بن شعیب ، عباس بن محمد الدوری یحییٰ بن زکریا اسرائیل ابی اسحاق**

حضرت ابی عبد اللہ جدلی کہتے ہیں کہ میں اُم المومنین حضرت اُمِ سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی خدمت میں حاضر ہوا تو آپ نے مجھ سے پوچھا کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو گالی دی جا سکتی ہے؟

میں نے کہا سبحان اللہ یا کہا کہ اللہ اس سے پناہ دے تو آپ نے فرمایا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سُنا ہے کہ جو علی

Marfat.com

کو گالی دیتا ہے وہ مجھے گالی دیتا ہے۔

## دوسری حدیث!

راویان: احمد بن شعیب عبد العلی بن واصل بن عبد العلی الکوفی جعفر بن عون ، سعد بن ابی عبد الله ، ابو بکر بن خالد ،

خالد بن عرفطہ سے روایت ہے کہ میں نے حضرت سعد بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو مدینہ منورہ زاداللہ شرفہا واکراما میں دیکھا تو انہوں نے مجھے فرمایا کہ مجھے پتہ چلا ہے کہ تم حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم کو گالیاں دیتے ہو؟

میں نے کہا ہم ایسا کرتے ہیں تو انہوں نے فرمایا!

تم شاید اس بات کو نہیں جانتے جو میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سُنی ہے۔

# حضرت علی سے دوستی کی ترغیب اور عداوات سے ترھیب

## پھلی حدیث!

راویان :. احمد بن شعیب هرون بن عبد الله البغدادی ،الحبال ، مصعب بن مقدام قطر بن خلیفه، ابی

Marfat.com

الطفیل ، ابو داؤد کی حدیث کے راوی یہ ہیں محمد بن سلمان، قطر ابن الطفیل .

حضرت عامر بن واثلہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے میدان میں جمع ہونے والے لوگوں سے کہا کہ میں تمہیں اللہ تعالیٰ کا واسطہ دے کر پوچھتا ہوں جس جس نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے یہ حدیث سُنی ہے بیان کرے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے غدیر خم کے دن لوگوں کو ارشاد فرمایا کیا تم جانتے ہو کہ میں مومنوں کی جانوں کا ان سے زیادہ مالک اور اولیٰ واقرب ہوں؟ اور آپ کھڑے تھے پھر آپ نے حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم کا ہاتھ پکڑ کر فرمایا جس کا میں مولا ہوں اس کا علی مولا ہے الٰہی اس کے دوست سے دوستی فرما اور اس کے دشمن سے دشمنی رکھ۔

ابو طفیل کہتے ہیں کہ میں اس اجتماع سے باہر آیا تو میرے دل میں اس حدیث کے متعلق خلجان تھا چنانچہ میں نے حضرت زید بن ارقم رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ملاقات کی تو انہوں نے فرمایا تو شک کرتا ہے جب کہ میں نے اسے خود حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سُنا ہے اور یہ الفاظ ابو داؤد کے ہیں۔

## دوسری حدیث !

راویان : احمد بن شعیب، عبد الرحمن زکریا بن

Marfat.com

**یحییٰ السجستانی، محمد بن عبد الرحیم ابراھیم، معن، موسیٰ بن یعقوب مھاجر بن مسمار**

حضرت عائشہ بنت سعد رضی اللہ تعالیٰ عنہا اور حضرت عامر بن سعد رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت سعد رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے خطبہ ارشاد فرماتے ہوئے فرمایا اے لوگو میں تمہارا ولی ہوں؟

لوگوں نے عرض کیا آپ نے درست فرمایا ہے ؟

پھر آپ نے حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم کا ہاتھ پکڑ کر بلند کیا اور فرمایا کہ یہ میرا ولی ہے اور میری طرف سے ادائیگی کرنے والا ہے جو اس سے محبت کرے گا اللہ تعالیٰ اس سے محبت کرے گا جو اس سے دشمنی کرے گا اللہ تعالیٰ اس سے دشمنی کرے گا۔

# تیسری حدیث!

**راویان: احمد بن عمان بصری ابو الجوز، ابن عینیہ عائشہ بنت سعد.**

حضرت سعد رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے بیان کرتے ہیں کہ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم کا ہاتھ پکڑا اور خطبہ ارشاد کیا اور اللہ تعالیٰ کی حمد وثنا بیان کرنے کے بعد آپ نے فرمایا کیا تم کو معلوم

Marfat.com

نہیں کہ میں تمہاری جانوں کا تم سے زیادہ مالک ہوں؟

لوگوں نے جواب دیا، ہاں یا رسول اللہ! آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم درست فرما رہے ہیں۔

پھر آپ نے حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم کا ہاتھ پکڑ کر بلند کیا اور فرمایا، کہ جس کا میں ولی اور مددگار ہوں اس کا یہ بھی ولی اور مددگار ہے اور یقیناً اللہ تعالیٰ اس سے محبت کرے گا جو اس سے محبت کرے اور جو اس سے دشمنی کرے گا۔ اللہ تعالیٰ بھی اس سے دشمنی کرے گا۔

## چوتھی حدیث!

روایان ! احمد بن شعیب، زکریا بن یحییٰ ،یعقوب ، بن جعفر بن ابی کثیر ، مہاجر بن مسمار ، عائشہ بنت سعد

حضرت سعد رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ مکہ معظّمہ زاد اللہ شرفہا کے راستہ میں تھے اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مکہ معظّمہ تشریف لا رہے تھے۔ جب آپ مقام غدیر تک پہنچے تو آپ کھڑے ہو گئے۔ پھر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ساتھ آنے والوں اور پیچھے پیچھے آنے والے لوگوں کو اُن کی طرف واپس بھیجا جو پیچھے رہ گئے تھے۔ جب تمام لوگ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کہ پاس جمع ہو گئے تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا اے لوگو! تمہارا ولی کون ہے؟

Marfat.com

گے تھے۔ جب تمام لوگ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کہ پاس جمع ہو گئے تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا اے لوگو! تمہارا ولی کون ہے؟

لوگو نے تین مرتبہ کہا اللہ اور اس کا رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم۔

پھر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم کا ہاتھ پکڑ کر انہیں اٹھایا اور فرمایا، جس کا ولی، اللہ اور اس کا رسول ہے اس کا یہ بھی ولی ہے۔ اے اللہ اس سے بھی محبت رکھ جو اس سے محبت رکھتا ہے اس سے دشمنی رکھ جو اس سے دشمنی رکھتا ہے۔

# حضور کی علی کے محب کیلئے دعا اور دشمن کیلئے بد دُعا

## پهلی حدیث

راویان: احمد بن شعیب، اسحق بن ابراهیم بن راهویه، نضر بن شمیل، عبد الجلیل، عطیه، عبد الله بن بریده

حضرت بریدہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ میں حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے ساتھ تمام لوگوں سے زیادہ بغض رکھتا تھا حتیٰ کہ میں نے قریش کے ایک آدمی سے دوستی کی تو اس کی بنیاد بھی بغض علی پر تھی اس

Marfat.com

آدمی نے میری طرف ایک سوار بھیجا تو میں نے اس کی مصاحبت بھی بغض علی پر ہی کی راوی کہتا ہے کہ ہمیں ایک قیدی ہاتھ لگا تو ہم نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں لکھا کہ آپ ہماری طرف کوئی آدمی بھیجیں جسے ہم اس کا خُمس دے دیں تو آپ نے حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو ہماری طرف بھیجا اور قیدیوں میں ایک بہت اچھی خدمت گار لڑکی تھی جب آپ نے خُمس لگایا تو وہ حضرت نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اہل بیت علیہم السلام کے حصہ میں آ گئی پھر خُمس لگایا تو وہ آل علی کے حصہ میں آ گئی پھر جب آپ ہمارے پاس تشریف لائے تو آپ کے سر سے قطرے گر رہے تھے ہم نے کہا یہ کیا ہے؟ آپ نے فرمایا کیا آپ نے اس خدمت گار لڑکی کی طرف نہیں دیکھا کہ وہ خُمس میں آ گئی ہے پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اہل بیت کے حصہ میں آئی پھر آلِ علی کے حصہ میں آئی یہ سُنا تو میں نے اس سلسلہ میں جھگڑا شروع کر دیا۔

پھر حضرت علی نے حضور علیہ الصلوٰۃ کی خدمت میں چٹھی لکھی اور ہمارے ساتھ چٹھی میں لکھی گئی بات اور حضرت علی علیہ السلام کی باتوں کی تصدیق کے لئے ایک آدمی بھیجا، حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہو کر میں خط کا مضمون سنانے لگا تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرمانے لگے، دونوں نے درست کہا اور میں بھی کہنے لگا کہ اس نے سچ کہا۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مجھے دونوں ہاتھوں سے پکڑ کر

Marfat.com

فرمایا، اے بریدہ کیا تو علی سے بغض رکھتا ہے؟

میں نے جواب دیا، ہاں! آپ نے فرمایا اس سے بغض نہ رکھ، اگر تو اس سے محبت رکھتا ہے تو اس کی محبت میں اور اضافہ کر دے اس خدا کی قسم جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے کہ آل علی کا خمس میں حصہ دار ہونا اس خدمت گار لڑکی سے افضل ہے پس رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بعد مجھے حضرت علی علیہ السلام سے اور کوئی آدمی زیادہ محبوب نہ تھا عبداللہ بن بریدہ کہتے ہیں خدا کی قسم اس حدیث کے بیان میں میرے والد اور حضور رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے درمیان اور کوئی آدمی نہیں۔

## دوسری حدیث!

راویان: احمد بن شعیب، حسین بن حریث المروزی، فضل بن موسیٰ، العمش، ابی اسحاق۔

حضرت سعد بن وہبؓ کہتے ہیں کہ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ایک میدان میں فرمایا میں اس شخص کو اللہ تعالیٰ کا واسطہ دے کر پوچھتا ہوں جس نے غدیر خم پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے سنا کہ اللہ تعالیٰ اور اس کا رسول مومنین کے ولی ہیں اور جس کا میں ولی ہوں اس کا یہ بھی ولی ہے اے اللہ جو اس سے محبت رکھتا ہے اس سے محبت رکھ اور جو اس سے دشمنی رکھتا ہے اس سے دشمنی رکھ اور جو اس کی نصرت کرتا ہے اس کی نصرت

Marfat.com

فرمار اوی کہتا ہے کہ سعید نے کہا میرے پہلو سے چھ آدمی اُٹھے زید بن منیع کہتے ہیں میرے پاس سے بھی چھ آدمی اٹھے عمر اور ذومر کہتے ہیں جس نے ان سے محبت کی اس نے محبت کی اور جس نے ان سے بغض رکھا وہ مبغض ہے اور حدیث آئندہ کے راوی اسرائیل، اسحاق، عمر زی مر ہیں۔

## تیسری حدیث!

راویان : احمد بن شعیب ، علی بن محمد بن علی ، خلف بن تمیم، اسرائیل

ابو اسحاق نے عمر اور ذی مر سے بیان کیا ہے وہ کہتے ہیں کہ میں رحبہ میں حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہُ کی خدمت میں حاضر ہوا جو محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اصحاب کو اللہ تعالیٰ کا واسطہ دے رہے تھے کہ آپ لوگوں میں کس کس نے غدیر خُم کے روز رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سُنا تھا تو لوگوں نے کھڑے ہو کر گواہی دی کہ انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سُنا کہ جس کا میں مولیٰ ہوں علی بھی اس کے مولیٰ ہیں اے اللہ جو اس سے محبت رکھے اس سے محبت رکھ اور جو اس سے دُشمنی رکھے اس سے دُشمنی رکھ اور جو اسے محبوب رکھے اس کو محبوب رکھ اور جو اِس سے بُغض رکھے تو بھی اُس سے بُغض رکھ اور جو اِس کی نُصرت کرے تُو بھی اس کی نصرت فرما اور مومن اور کافر کے درمیان امتیاز پیدا کر دے۔

Marfat.com

# چوتھی حدیث!

**راویان حدیث احمد بن شعیب ، ابو کریب ، محمد بن العُلاالکوفی ، ابو معاویہ ، اعمش ، عدی بن ثابت .**

جناب زربن جیش، حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم سے بیان کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا اس خدا کی قسم جس نے جنت کو پیدا کیا اور رُوح کو خلق کیا کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے میرے لئے تاکیداً فرمایا ہے کہ مجھ سے صرف وہی محبت کرے گا جو مومن ہے اور مجھ سے وہی بغض رکھے گا جو مُنافق ہے۔

زربن جیش حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا کہ مُجھے حضور رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے وصیت فرمائی ہے کہ مومن مجھ سے محبت رکھے گا اور مُنافق مُجھ سے بُغض رکھے گا۔

عدی، زر سے بیان کرتے ہیں کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے میرے لئے تاکیداً منافق فرمایا ہے کہ تُجھ سے مومن محبت رکھے گا اور مناقق بغض رکھے گا۔

Marfat.com

# حضرت علی کی مثال فرمان رسول حدیث!

راویان:۔ احمد بن شعیب ابو جعفر محمد بن عبد اللہ بن مبارک مخزومی یحیی بن معین، ابو حفص الابار، حکم بن مالک، حرث بن حصین، ابی صادق

ربیعہ بن ناجذ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت بیان کرتے ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا اے علی! تجھ میں حضرت عیسیٰ علیہ السلام سے مماثلت پائی جاتی ہے یہودیوں نے ان سے بغض رکھا یہاں تک کہ ان کی والدہ ماجدہ پر بہتان باندھا اور نصاریٰ نے ان سے محبت کی اور انہیں وہ مقام دیا جو ان کے شایان شان نہ تھا۔

# دربار مصطفےٰ میں قُرب و مقام مُرتضیٰ

## "پہلی حدیث"

راویان:۔ احمد بن شعیب، اسماعیل بن مسعود بصری، شعبہ ابی اسحق

Marfat.com

حضرت العلاء سے روایت ہے کہ ایک آدمی نے حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے بارے میں پوچھا تو آپ نے فرمایا کہ حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ ان لوگوں میں سے تھے

جو دو لشکروں کے ٹکرانے کے دن پشت پھیر گئے تھے پس اللہ نے ان کے گناہ کو معاف فرما دیا پھر انہوں نے لغزش کی تو انہیں شہید کر دیا گیا پھر اس شخص نے حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے متعلق پوچھا تو آپ نے فرمایا ان کے بارے میں نہ پوچھئے کیا تو نہیں دیکھتا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ہاں ان کا کیا مقام ہے۔

## دوسری حدیث!

حدیث بیان کی احمد بن شعیب نے کہ ھلال بن العلاء نے حضرت عرارانہ سے بیان کیا ہے کہ انہوں نے حضرت عبداللہ ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے پوچھا کہ آپ مجھے حضرت علی علیہ السلام اور حضرت عثمان رضی اللہ عنہما کے متعلق کچھ بتائیں گے ؟

انہوں نے فرمایا کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ تو رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے گھرانے سے تعلق رکھتے تھے اس کے سوا آپ کو میں ان کے متعلق اور کوئی بات نہیں بتاؤں گا۔

Marfat.com

اور حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے جنگ اُحد کے روز ایک عظیم گناہ کیا اللہ تعالیٰ نے انہیں معاف فرما دیا اور انہوں نے تمہارا ایک چھوٹا سا گناہ کیا اور تم نے انہیں قتل کر دیا۔

## تیسری حدیث!

راویان: احمد بن شعیب، احمد بن سلیمان الرھاوی عبد اللہ ، اسرائیل ، ابی اسحق

حضرت العلاء بن عرار کہتے ہیں کہ میں نے اس بارے میں حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے پوچھا اور آپ اس وقت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی مسجد میں تھے آپ نے فرمایا حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم کے گھر کے سوا مسجد میں کوئی گھر نہیں اور حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے چھوٹا سا گناہ کیا تو تم نے اسے قتل کر دیا۔

## چوتھی حدیث!

راویان: احمد بن شعیب، اسماعیل ،بن یعقوب بن اسماعیل ، ابو موسیٰ محمد بن موسیٰ اعین ، ابی عطا

حضرت سعید بن عبید کہتے ہیں کہ ایک آدمی حضرت عبد اللہ ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے پاس آیا اور اس نے آپ سے حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم کے متعلق پوچھا تو آپ نے فرمایا ان کے بارے میں، میں تجھے کچھ

Marfat.com

نہیں بتاؤں گا لیکن ان کے گھر کی طرف دیکھ کے وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے گھروں میں سے ہے اس آدمی نے کہا میں ان سے بغض رکھتا ہوں حضرت عبداللہ ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا اللہ تعالیٰ تجھ سے بغض رکھے۔

## پانچویں حدیث!

**راویان: احمد بن شعیب ہلال بن العلاء بن ہلال، حسین، زہیر، اسحاق**

حضرت ابوعبدالرحمٰن بن خالد بن قثم بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہم نے پوچھا حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ، رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے کہاں سے وارث ہو گئے؟ فرمایا کہ وہ ہم سب سے پہلے حضور رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے ملنے والے تھے اور ہم سب سے زیادہ آپ سے تعلق رکھنے والے ہیں اس کی اسناد میں زید بن جبلہ نے اس کی مخالفت کی ہے اور کہا ہے کہ یہ روایت خالد بن قثم کے بیٹے کی بجائے خود خالد بن قثم نے بیان کی ہے۔

## چھٹی حدیث!

**راویان: احمد بن شعیب، ہلال بن العلاء، ابی عبید اللہ بن زید ابی اسحاق**

Marfat.com

حضرت خالد بن قثم رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے پوچھا گیا کہ کیا حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ تمہارے دادے حضرت عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو چھوڑ کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے وارث ہیں حالانکہ وہ تیرے چچا ہیں؟ تو اس نے کہا کہ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ ہم سب سے پہلے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے ملنے والے اور ہم سب سے زیادہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے تعلق رکھنے والے ہیں۔

## ساتویں حدیث!

راویان :: احمد بن شعیب عبدۃ بن عبد الرحیم المروزی ، عمر بن محمد،یونس بن ابی اسحاق عیزار بن حریث ،

حضرت نعمان بن بشیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کہتے ہیں کہ حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے اجازت طلب کی تو انہوں نے حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی بلند آواز کو سُنا کہ وہ آپ سے کہہ رہی تھیں کہ مجھے معلوم ہے کہ آپ کو حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ مجھ سے زیادہ محبوب ہیں۔

یہ سن کر حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ جناب عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو تھپڑ مارنے کے لئے جھکے اور انہیں کہنے لگے اے بنت فلاں میں دیکھ

Marfat.com

رہا ہوں کہ تیری آواز رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی آواز سے بلند ہے پس حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو حضور رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے پکڑ لیا اور حضرت ابوبکر غصے کی حالت میں باہر نکل گئے تو رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا!

اے عائشہ! تو نے دیکھا کہ میں نے تجھے کیسے ایک آدمی سے بدایت دلوائی ہے اس کے بعد پھر حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اجازت طلب کی تو اس وقت حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا اور حضور رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی صُلح ہو چکی تھی۔

چنانچہ حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے عرض کیا جیسے آپ نے مجھے جنگ میں شامل کیا تھا ایسے ہی مجھے صُلح میں بھی شامل فرمالیجئے تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ تم دونوں نے جھگڑا کیا تھا۔

## آٹھویں حدیث!

راویان: احمد بن شعیب، محمد بن آدم، بن سلیمان المصیصی، ابن عینیه، عینیه

حضرت جمیع ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں کہ میں اپنی والدہ کے ساتھ حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے ہاں گیا اور میں اس وقت نوعمر تھا میں نے آپ کے سامنے حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم کا ذکر کیا

Marfat.com

تو آپ نے فرمایا میں نے کسی مرد کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ہاں ان سے زیادہ محبوب نہیں دیکھا اور نہ ہی کسی عورت کو اُن کی بیوی سے زیادہ آپ کے ہاں محبوب دیکھا ہے،

## نوویں حدیث !

**راویان : احمد ب شعیب ، عمر و بن علی بصری ، عبد العزیز بن خطاب و و ثقه، محمد بن اسماعیل بن رجاء الزبیدی م ابی اسحاق شیبانی،**

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ میں اپنی والدہ کے ساتھ حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے ہاں گیا میں نے پس پردہ آپ سے حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے متعلق پوچھا تو آپ نے فرمایا تو مجھ سے اس آدمی کے متعلق پوچھتا ہے؟

میں نہیں جانتی کہ کوئی آدمی ان سے زیادہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو محبوب ہو اور نہ ہی کوئی عورت ان کی بیوی سے زیادہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو محبوب ہے۔

## دسویں حدیث !

**راویان : احمد بن شعیب، زکریا بن یحییٰ، ابراهیم بن سعد، شاذان ، جعفر ، حمزه، عبد لله بن عطا**

Marfat.com

حضرت ابن بریدہ کہتے ہیں کہ ایک آدمی میرے باپ کے پاس آیا اور اُس نے پوچھا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو لوگوں میں سب سے زیادہ محبوب کون تھا ؟

تو میرے باپ نے کہا عورتوں میں سے حضرت فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا اور مردوں میں سے حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔

## گیارھویں حدیث !

راویان : محمد بن مسلمہ ، عبد الرحیم ، زید ، حرث، ابی زرعہ بن عمرو بن جریر ،

حضرت عبداللہ بن یحییٰ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو فرماتے سُنا میں ہر شب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ہاں جاتا ہوں اگر آپ نماز پڑھ رہے ہوتے تو سبحان اللہ کہہ کر داخلے کی اجازت دے دیتے تو میں گھر میں داخل ہو جاتا اور اگر نماز نہ پڑھ رہے ہوتے تو مجھے اجازت دے دیتے اور میں داخل ہو جاتا۔

## بارھویں حدیث !

راویان : احمد بن شعیب، زکریا بن یحییٰ، محمد بن عینیہ وابو کامل ، عبد الواحد بن زیاد ، عمار بن القعقاع بن حرث عکی، ابی زرعہ ، عمر وبن جریر

Marfat.com

حضرت عبداللہ بن یحیٰی بیان کرتے ہیں کہ حضرت علی نے فرمایا کہ سحری کے وقت مجھے ایک ایسی ساعت میسّر تھی جس میں، میں رسول اکرم صلی للہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس چلا جاتا اگر آپ نماز میں ہوتے تو سبحان اللہ کہہ دیتے اور اگر نماز میں نہ ہوتے تو مجھے اجازت عنایت فرمادیتے،

# اس حدیث کے الفاظ میں اختلاف مغیرہ کا بیان

## تیرھویں حدیث !

راویان : احمد بن شعیب ،محمد بن قدامہ مصیصی، جریر ، مغیرہ، حرث، ابی زرعۃ بن عمرو بن جریر،

حضرت عبداللہ بن یحیٰی سے روایت ہے کہ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہٗ نے فرمایا کہ مجھے سحری کے وقت ایک ایسی ساعت میسّر تھی جس میں مَیں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس چلا جاتا تھا جب مَیں آپ کے پاس آتا تو اجازت طلب کرتا اگر میں آپ کو نماز پڑھتے پاتا تو آپ سبحان اللہ کہہ دیتے اور اگر فارغ ہوتے تو مجھے اجازت عنایت فرمادیتے۔

## چودھویں حدیث !

راویان : احمد بن شعیب، محمد بن عبید بن محمد الکوفی، ابن عباس، مغیرہ ، حرث العکی،

Marfat.com

حضرت ابی یحییٰ کہتے ہیں کہ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ مجھے رات اور دن کو رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس جانے کے لئے دو ساعتیں میسر تھیں۔ جب میں رات کو جاتا تو آپ میرے لئے کھانس دیتے شرجیل بن مدرک نے اس کی اسناد میں مخالفت کی ہے اور کھانسنے کے متعلق موافقت کی ہے۔

## پندرھویں حدیث !

راویان : احمد بن شعیب ، قاسم بن زکریا بن دینار، ابو اسامه ، شرجیل ابن مدرک الجعفری،

عبد اللہ بن بحر الحضرمی اپنے باپ سے روایت کرتے ہیں وہ حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم کا لوٹا اٹھایا کرتے تھے کہ حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم نے فرمایا کہ مجھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ہاں وہ مقام حاصل ہے جو مخلوقات میں سے کسی کو بھی حاصل نہیں پس میں ہر روز سحری کے وقت آپ کے پاس آتا تھا اور کہتا تھا السلام علیک یا نبی اللہ اگر آپ کھانس دیتے تو میں اپنے گھر واپس لوٹ جاتا وگرنہ آپ کے پاس چلا جاتا۔

## سولھویں حدیث !

راویان : احمد بن شعیب، محمد بن بشار، ابو

Marfat.com

المساور ، عوف بن عبد الله

عبد اللہ بن عمرو بن ہند الجملی حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم سے روایت بیان کرتے ہیں ۔ کہ آپ نے فرمایا کہ جب میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے مانگتا ہوں تو مجھے دیا جاتا ہے اور جب میں سکوت اختیار کرتا ہوں تو مجھ سے ابتداء فرماتے ہیں ۔

## سترھویں حدیث !

راویان : احمد بن شعیب، محمد بن المثنیٰ ، ابو معاویه ، اعمش، عمرو بن مرة

جناب ابو البختری حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت بیان کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا کہ جب میں مانگتا ہوں تو مجھے دیا جاتا ہے اور جب میں خاموش رہتا ہوں تو مجھ سے ابتداء کی جاتی ہے ۔

## اٹھارویں حدیث !

راویان : احمد بن شعیب ، یوسف بن سعید، حجاج بن خدیج ، ابو حرب،

ابو الاسود اور ایک دوسرے آدمی نے جناب زاذان سے بیان کیا ہے کہ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا خدا کی قسم جب میں مانگتا ہوں تو مجھے دیا جاتا ہے اور جب میں خاموش اختیار کرتا ہوں تو مجھ سے آغاز کیا جاتا

Marfat.com

ہے۔

# مُرتضٰے بر شانہ مصطفٰے
# خصوصیت حیدر کرار

## پہلی حدیث!

راویان : احمد بن شعیب ، احمد بن حرب، اسباط، نعیم ابن حکیم المدائنی ،

ابو مریم نے کہا ہے حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہٗ نے فرمایا کہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ چل رہا تھا یہاں تک کہ ہم کعبہ شریف میں آ گئے پس رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میرے کندھوں پر چڑھ گئے اور میں آپ کو لے کر اُٹھ کھڑا ہوا جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے میری کمزوری کو دیکھا تو مجھے فرمایا علی بیٹھ جاؤ میں بیٹھ گیا تو حضور رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میرے کندھوں سے اُتر کر میرے لئے بیٹھ گئے اور مجھے فرمایا کہ میرے کندھوں پر سوار ہو جاؤ۔

میں آپ کے کندھوں پر سوار ہو گیا تو آپ مجھے لے کر اٹھ کھڑے ہوئے حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ مجھے خیال آیا کہ میں آسمان کے کنارے تک پہنچا ہوا ہوں پس میں کعبہ پر چڑھ گیا وہاں تانبے یا

Marfat.com

پیتل کا ایک مجسمہ پڑا ہوا تھا میں اسے دائیں بائیں اور آگے پیچھے کرنے لگا یہاں تک کہ میں کامیاب ہو گیا حضور رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مجھے فرمایا کہ اسے پھینک دو میں نے اُسے پھینک دیا اور وہ مجسمہ شیشے کی طرح چور چور ہو گیا پھر میں نیچے اترا تو رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور میں دوڑنے لگے یہاں تک کہ ہم اس خوف سے کہ ہمیں کوئی آدمی نہ مل جائے گھروں کے پیچھے چھپ گئے۔

Marfat.com

حضرت علی کی وہ خصوصیت جو اولین و آخرین میں سے کسی کو حاصل نہیں

# جگر گوشۂ رسول سیّدہ فاطمۃ الزہرا سے شادی

## حدیث اوّل !

روایان : احمد بن شعیب، جریر بن حریث ،فضل بن موسیٰ ، حسین بن واقد ،

حضرت عبد اللہ بن یزید اپنے باپ سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت ابوبکر اور حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے حضرت فاطمۃ الزہرا رضی اللہ عنہا کے متعلق نکاح کا پیغام دیا تو رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جواب دیا کہ ابھی وہ چھوٹی ہیں پس حضرت علی رضی اللہ عنہ نے پیغام نکاح دیا تو آپ نے ان کے ساتھ حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کی شادی کردی۔

## دوسری حدیث !

راویان : ابو سعید اسماعیل بن مسعود، حاتم بن وردان ، ایوب السجستانی،ابی یزید المدنی

حضرت اسماء بنت عمیس رضی اللہ تعالیٰ عنہا بیان کرتی ہیں کہ

Marfat.com

حضرت فاطمۃ الزہرا بنت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی رخصتی میں شامل تھی جب میں صبح ہوئی تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے آ کر دروازہ کھٹکھٹایا تو حضرت ام ایمن نے آپ کے لئے دروازہ کھولا جب عورتوں نے حضور رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی آواز سُنی تو اُٹھنے کے لئے حرکت کرنے لگیں،

آپ نے فرمایا میں نے اچھا کیا ہے ہم ایک طرف ہو کر بیٹھ گئیں حضرت اسماء بنت عمیس کہتی ہیں کہ میں ایک کونے میں بیٹھی ہوئی تھی کہ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ تشریف لے آئے۔

حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے آپ کے لئے دعا فرمائی پھر آپ پر پانی چھڑکا پھر آپ باہر نکلے تو آپ نے سیاہی دیکھی آپ نے دریافت کیا یہ کون ہے؟ میں نے جواب دیا اسماء فرمایا بنت عمیس؟ میں نے جواب دیا ہاں فرمایا تو بھی حضرت فاطمہ بنت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی رخصتی میں شامل تھی تو اس کا اکرام کرتی ہے میں نے جواب دیا ہاں تو آپ نے میرے لئے دعا فرمائی۔

## تیسری حدیث !

**راویان : احمد بن شعیب ،زکریا بن یحیٰ محمد بن سدران ، سہیل بن جلاد العدی ، ابن سواد سعید بن ابی**

Marfat.com

## عروبہ، ایوب السجستانی، عکرمہ

حضرت ابنِ عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں کہ جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت سیّدہ فاطمۃ الزہرا رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی شادی مبارک حضرت علی علیہ السلام سے کی تو جو چیزیں آپ نے حضرت فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے ساتھ بھیجیں وہ یہ تھیں ایک بنی ہوئی چار پائی اور ایک تکیہ جس کے اندر چھال بھری ہوئی تھی اور ایک مشکیزہ حضرت ابن عباس فرماتے ہیں کہ بطحاء سے ریت لا کر گھر میں بچھادی گئی اور آپ نے حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے فرمایا جب تک میں نہ آؤں حضرت فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے بات نہ کرنا پس رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تشریف لائے اور آپ نے دروازہ کھٹکھٹایا تو حضرت ام ایمن باہر نکلیں تو آپ نے فرمایا میرے بھائی کو اطلاع کرو ام ایمن نے کہا کہ وہ یعنی حضرت علی آپ کے بھائی کیسے ہوئے آپ نے تو ان کے ساتھ اپنی بیٹی کی شادی کر دی ہے فرمایا وہ میرا بھائی ہے پھر آپ دروازے کی طرف آئے تو آپ نے سائے کو دیکھ کر دریافت فرمایا کہ یہ کون ہے؟

اس نے جواب دیا میں اسماء بنت عمیس ہوں آپ نے ان کی طرف متوجہ ہو کر فرمایا تم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بیٹی کے اکرام کے لئے آئی ہو یہودیوں میں رواج تھا کہ جب کسی کی بیوی اس کے ہاں جاتی تو غم محسوس کرتے تھے۔

Marfat.com

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے پانی کا ایک طباق منگوایا اور اس میں اپنا لعاب دہن مبارک شامل فرمایا پھر اس پر تعوذ پڑھی اور پھر حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم کو بلا کر آپ کے چہرے سینے اور کہنیوں پر اس پانی کو چھڑکا پھر حضرت فاطمۃ الزہرا رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو بلایا آپ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے حیا کے باعث اپنے کپڑوں میں لڑکھڑاتی ہوئی تشریف لائیں تو آپ نے ان پر بھی پانی چھڑکا اور جو حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم کو فرمایا تھا وہی انہیں فرمایا پھر فرمایا اے بیٹی خدا کی قسم میں نے اپنے اہل میں سے بہترین آدمی کے ساتھ تمہاری شادی کی ہے پھر آپ کھڑے ہو گئے اور باہر تشریف لے گئے۔

## چوتھی حدیث !

**راویان : احمد بن شعیب ، عمار بن بکار بن راشد ، احمد بن خالد**

محمد بن عبد اللہ بن ابی نجع اپنے باپ سے حضرت امیر معاویہ کے متعلق بیان کرتے ہیں کہ انہوں نے حضرت علی بن ابی طالب کا ذکر کیا تو حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کہا خدا کی قسم حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم کو ملنے والے ان تین خصائص میں سے حضور رسالت مآب

Marfat.com

صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے میرے لئے ایک بھی فرمایا ہوتا تو میرے نزدیک یہ محبوب ترین بات ہوتی۔

جب آپ نے تبوک سے حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو واپس کیا تو فرمایا کیا تو اس بات سے راضی نہیں کہ تم مجھے اس طرح ہو جس طرح موسیٰ علیہ السلام کو ہارون علیہ السلام مگر میرے بعد کوئی نبی نہیں ہے تو یہ بات مجھے زمانے بھر سے عزیز ہوتی یا آپ نے مجھے وہ بات کہی ہوتی جو آپ نے حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم کو خیبر کے روز فرمائی تھی کہ میں اس شخص کو جھنڈا دوں گا'' اللہ تعالیٰ اس کے ہاتھ پر فتح عطا فرمائے گا اور وہ فرار اختیار کرنے والا نہیں ہے'' تو یہ بات بھی مجھے زمانے بھر سے محبوب ہوتی یا ان کی بیٹی کی شادی مجھ سے ہوتی اور میرے ہاں اس سے اولاد ہوتی تو وہ مجھے زمانے بھر سے عزیز تر ہوتی۔

﴿ناممکن چیز کی خواہش رکھنا بیکار ہے۔مترجم﴾

## پہلی حدیث!

**راویان:. محمد بن بشار ، عبد الوهاب ، محمد بن عمرو ابی سلمه**

ام المومنین حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بیمار ہوئے تو حضرت فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا

Marfat.com

تشریف لائیں اور آپ کو اس حال میں دیکھ کر رونے لگیں آپ نے ان کے کان میں سرگوشی کی تو وہ رو پڑیں پھر وہ آپ پر جھکیں تو آپ نے سرگوشی کی تو وہ مسکرا دیں جب حضور علیہ الصلوٰۃ کا وصال مبارک ہو گیا تو میں نے حضرت فاطمۃ الزہرا سے ان سرگوشیوں کے متعلق پوچھا تو آپ نے مجھے بتایا جب میں آپ پر جھکی تو آپ نے مجھے بتایا کہ میرے اہل بیت میں سے آپ مجھے سب سے پہلے ملیں گی اور یہ کہ میں مریم بنت عمران کے سوا تمام جنتی عورتوں کی سردار ہوں تو میں سر اٹھا کر مسکرا دی،

## دوسری حدیث ! .

راویان:. علال بن بشیر ، محمد ابن خلف موسیٰ بن یعقوب ، ھاشم بن ھاشم

حضرت عبد اللہ بن وہب رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں کہ انہیں حضرت ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے بتایا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت فاطمۃ الزہرا رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو بلایا اور ان سے سرگوشی کی تو وہ رو پڑیں پھر ان سے کوئی بات کی تو وہ مسکرا دیں حضرت ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا فرماتی ہیں کہ میں نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے وصال مبارک کے بعد ان سے رونے اور مسکرانے کے متعلق پوچھا تو آپ نے

Marfat.com

جواب دیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مجھے بتایا کہ میں مریم بنت عمران کے بعد جنتی عورتوں کی سردار ہوں۔

## تیسری حدیث !

راویان :۔ اسحاق بن ابراهیم بن مخلد بن راهو یه ، جزیر یزید بن زیاد ، عبد الرحمن بن ابی نعیم ،

حضرت ابی سعید رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ حسن وحسین رضی اللہ تعالیٰ عنہما جنت کے جوانوں کے سردار ہیں اور فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا مریم بنت عمران کے سوا جنتی عورتوں کی سردار ہیں۔

## سیّدہ فاطمہ سلام اللہ علیھا
## کی
## اُمّت کی عورتوں پر سرداری! مسلّمہ احادیث

## «پھلی حدیث»

راویان ! محمد بن منصور الطوسی زهیری محمد بن عبد الله ابو جعفر محمد بن مر وان ابو حازم ،

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ ایک روز

Marfat.com

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پورا دن باہر تشریف نہ لائے جب شام ہوئی تو ہم میں سے ایک آدمی نے کہا یا رسول اللہ ہمیں یہ بات بہت شاق گذری ہے کہ آج دن بھر آپ کی زیارت نہ کر سکے آپ نے فرمایا کہ آسمان کے ایک فرشتہ نے ابھی تک میری زیارت نہ کی تھی اس نے اللہ تعالیٰ سے میری زیارت کے لئے اجازت طلب کی اور مجھے اس نے یہ اطلاع اور بشارت دی کہ میری بیٹی فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا میری امت کی عورتوں کی سردار ہیں اور حسنین کریمین جنت کے نوجوانوں کے سردار ہیں۔

## دوسری حدیث!

راویان : احمد بن سلیمان الفضل بن زکریا، زکریا فراس شعبی مسروق،

ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا فرماتی ہیں کہ حضرت فاطمہ الزہرا رضی اللہ تعالیٰ عنہ چلتی ہوئی تشریف لائیں تو آپ کے چلنے کا انداز حضور رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جیسا تھا آپ نے فرمایا میری بیٹی خوش آمدید پھر آپ نے انہیں اپنے دائیں یا بائیں پہلو میں بٹھالیا پھر ان سے کوئی خفیہ طور پر بات کی تو وہ رو پڑیں پھر آپ نے ان سے کوئی خفیہ بات کی تو آپ مسکرادیں۔

میں نے حضرت فاطمۃ الزہرا رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے کہا کہ میں نے

Marfat.com

آج کی طرح کوئی خوشی غم سے اتنی قریب نہیں دیکھی اور میں نے یہ بھی دریافت کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے آپ سے کیا کہا ہے تو آپ نے جواب دیا کہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے راز کو افشا کرنے والی نہیں پھر جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا وصال مبارک ہو گیا تو میں نے حضرت فاطمۃ الزہرا سلام اللہ علیہا سے اس بات کے متعلق پوچھا تو آپ نے جواب دیا کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے مجھے خفیہ طور پر یہ بات بتائی تھی کہ جبریل علیہ السلام ہر سال میرے ساتھ ایک بار قرآن کریم دہرایا کرتے تھے مگر اس سال انہوں نے دو دفعہ قرآن کریم دہرایا ہے ہمیں معلوم ہو رہا ہے کہ ہمارے وصال کا وقت قریب آ گیا ہے اور ہمارے اہل بیت میں سے آپ سب سے پہلے ہمیں ملیں گی اور ہم تمہارے لئے سب سے بہتر پہلے جانے والے ہیں سیّدہ فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا فرماتی ہیں کہ میں یہ بات سن کر رو پڑی پھر آپ نے فرمایا کیا تو اس بات سے راضی نہیں کہ تو اس امت کی عورتوں یا مومنین کی عورتوں کی سردار ہے؟ آپ فرماتی ہیں کہ پھر میں مسکرا دی۔

## تیسری حدیث!

راویان :. محمد بن معمر بحرانی ابو داؤد ابو عوانہ فراس شعبی ،

Marfat.com

حضرت مسروق کہتے ہیں کہ مجھے حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے بتایا کہ ہم سب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس موجود تھے کہ سید فاطمۃ الزہرا رضی اللہ تعالیٰ عنہا پیدل چلتی ہوئی تشریف لائیں خدا کی قسم ان کی چال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی چال سے ملتی تھی یہاں تک کہ وہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے پاس پہنچ گئیں آپ نے فرمایا میری بیٹی خوش آمدید پھر آپ نے انہیں اپنے دائیں یا بائیں پہلو میں بٹھالیا پھر آپ کے کان میں کوئی سرگوشی کی تو آپ بہت روئیں اس کے بعد آپ نے پھر ان کے کان میں کچھ کہا تو آپ مسکرادیں جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اٹھ کھڑے ہوئے تو میں نے حضرت فاطمۃ الزہرا رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ہم میں سے آپ کو سرگوشی کے لئے مخصوص کیا ہے اور آپ سے کیا کہا ہے ؟

سیدہ فاطمۃ الزہرا رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا کہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا راز افشا نہیں کرسکتی جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا وصال مبارک ہوگیا تو میں نے آپ سے کہا میں آپ کو اس ذات کا واسطہ دے کر پوچھتی ہوں جس کا آپ پر حق ہے کہ آپ کے ساتھ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کیا سرگوشی کی تھی؟ تو آپ نے فرمایا اب میں بتائے دیتی ہوں پہلی دفعہ آپ نے یہ سرگوشی کی کہ جبریل ہر سال میرے ساتھ ایک دفعہ قرآن مجید کا دور کیا کرتے تھے اور اس سال آپ نے میرے ساتھ

Marfat.com

دودور کیے ہیں میں سمجھتا ہوں کہ اب میرے وصال کا وقت قریب آ گیا ہے پس اللہ سے ڈریں اور صبر سے کام لیں پھر مجھے فرمایا اے فاطمہ کیا تو اس بات سے راضی نہیں کہ تو اس امت کی عورتوں اور دو جہان کی عورتوں کی سرادار ہو؟ تو میں مسکرا دی۔

# سیّدہ فاطمۃ الزہرا حضور کا ٹکڑا ہیں

## پہلی حدیث!

راویان : محمد بن شعیب ، قتیبہ ،لیث، ابن ابی ملیکہ ،

حضرت مسور بن مخرمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کہتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو منبر پر فرماتے ہوئے سُنا ہے کہ بنی ہاشم بن مغیرہ نے مجھ سے حضرت علی ابن ابی طالب کے ساتھ اپنی بیٹی کے نکاح کی اجازت طلب کی ہے میں اس کی ہرگز اجازت نہیں دوں گا پھر کہتا ہوں کہ مین اس کی اجازت نہیں دوں گا سوائے اس کے کہ علی ابن ابی طالب میری بیٹی کو طلاق دینے اور اُن کی بیٹی سے نکاح کرنے کے ارادے کا اظہار کرے فاطمہ تو میرا ٹکڑا ہے جو چیز اسے قلق واضطراب مین ڈالتی ہے وہ بات مجھے بھی

Marfat.com

مضطرب کرتی ہے اور جو چیز اُسے تکلیف دیتی ہے وہ مجھے بھی تکلیف دیتی ہے اور جس نے اللہ تعالیٰ کے رسول کو ایذاء دی اس کے عمل ضائع ہو گئے۔

# ناقلین کے اختلاف کا بیان

## دوسری حدیث

راویان : احمد بن سلیمان ، یحییٰ بن آدم ، بشر بن سری ، لیث بن سعید، ابن ابی ملیکه،

مسور بن مخرمہ کہتے ہیں کہ میں نے مکہ میں منبر پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سُنا کہ بنی ہاشم بن مغیرہ نے مجھ سے حضرت علی ابن ابی طالب کے ساتھ اپنی بیٹی کے نکاح کی اجازت طلب کی اور میں اس کی اجازت نہیں دوں گا سوائے اس کے کہ علی ابن ابی طالب میری بیٹی کو چھوڑ نا اور ان کی بیٹی سے نکاح کرنا چاہے پھر فرمایا فاطمہ میرا ٹکڑا ہے جو بات اُسے تکلیف دیتی ہے وہ مجھے بھی تکلیف دیتی ہے اور جو بات اسے مضطرب کرتی ہے وہ مجھے بھی مضطرب کرتی ہے اور ابن ابی طالب کے بس کی بات نہیں کہ وہ خدا کے نبی کی بیٹی اور خدا کے دشمن کی بیٹی کے درمیان اتفاق کرا دے۔

## تیسری حدیث!

راویان : احمد بن شعیب ، حرث بن مسکین، سفیان

Marfat.com

**عمرو ، ابن ابی ملیکه**

مسور بن مخرمہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

نے فرمایا کہ فاطمہ میرا ٹکڑا ہے جس نے اسے ناراض کیا اس نے مجھے ناراض کیا۔

## چوتھی حدیث!

**راویان : محمد بن خالد ، بشر بن شعیب ، شعیب زهری ، علی بن حسین**

مسور بن مخرمہ نے علی بن الحسین کو بتایا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ فاطمہ میرا ٹکڑا ہے اور میرے گوشت کا لوتھڑا ہے۔

## پانچویں حدیث!

**راویان : عبد الله بن سعد بن ابراهیم بن سعد ،ابی، ولید بن کثیر، محمد بن عمرو بن طلحه،ابن شهاب، علی بن حسین ،**

مسور بن مخرمہ کہتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

Marfat.com

کو اپنی بلوغت کے زمانہ میں اس منبر پر فرماتے ہوئے سنا ہے کہ فاطمہ میرا ٹکڑا ہے۔

## حسنین کریمین رسول اللہ کے بیٹے دُنیا کی خُوشبو جنت کے جوانوں کے سردار ہیں۔

## پہلی حدیث !

راویان :

احمد بن بکار حرانی ، محمد بن سلمہ، اسحاق ، یزید بن عبد اللہ بن قسیطہ، اسامہ بن زیدؓ،

حضرت زید رضی اللہ تعالیٰ عنہ اپنے باپ سے روایت کرتے ہیں کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا اے علی آپ میرے داماد اور میرے بیٹوں کے باپ ہیں، تو مجھ سے ہے اور میں تجھ سے ہوں۔

## حسنین میرے بیٹے ہیں

## دوسری حدیث

راویان : قاسم بن زکریا بن دینار، خالد بن مخلد موسیٰ ابن یعقوب زمعی ، عبد اللہ بن ابی بکر بن زید بن

Marfat.com

مھاجر مسلم بن ابی سھیل نبال حسن بن اسامه بن زید بن حارثه۔

حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے بتایا کہ میں کسی کام کے لئے رات کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس گیا آپ کسی چیز پر چادر لپیٹے ہوئے باہر تشریف لائے میں نہیں جانتا تھا کہ وہ کیا چیز ہے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے تشریف فرما ہونے کے بعد میں اپنی حاجت بیان کر چکا تو میں نے دریافت کیا کہ آپ کس چیز پر چادر لپیٹے ہوئے ہیں آپ نے چادر ہٹائی تو کیا دیکھتا ہوں کہ حضرات حسنین آپ کی دونوں رانوں پر بیٹھے ہوئے ہیں آپ نے فرمایا یہ دونوں میرے بیٹے اور میری بیٹی کے بیٹے ہیں اے اللہ تجھے علم ہے کہ میں ان سے دونوں سے محبت رکھتا ہوں پس تو بھی ان سے محبت رکھ۔

# جنت کے جوانوں کے سردار

## تیسری حدیث !

راویان : عمرو بن منصور ابو نعیم ، یزید بن مردانیه عبد الرحمن بن ابی نعیم ،

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول

Marfat.com

اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا حضرت حسن وحسین علیہما السلام جنت کے جوانوں کے سردار ہیں۔

## چوتھی حدیث !

راویان : احمد بن حرب ابن فضیل ،یزیدعبد الرحمن ابی نعیم ،

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا کہ حسنین کریمین جنت کے نوجوانوں کے سردار ہیں آپ نے کسی کو بھی اس سے مستثنیٰ نہیں کیا۔

## پانچویں حدیث ! .

راویان : یعقوب بن ابراھیم ، محمد بن آدم ، مروان حکم بن عبد الرحمن ابن ابن نعم ،نعم

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ حسنین کریمین عیسیٰ ابن مریم خالہ زاد اور حضرت یحییٰ بن زکریا علیہم السلام کے سوا تمام نوجوانان بہشت کے سردار ہیں۔

# حسنین میری خوشبو ھیں

## چھٹی حدیث

Marfat.com

راویان : محمد بن عبد الاعلی صنعانی ، خالد،

اشعث،حسن

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بعض صحابہ کا بیان ہے کہ حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں کہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا یا جب بھی میں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں حاضری دیتا تو جناب حسن وحسین آپ کے پیٹ مبارک پر لوٹ پوٹ ہو رہے ہوتے اور آپ فرماتے کہ اس اُمّت میں یہ میری خوشبو ہیں۔

## میری دُنیا کی خُوشبو

## ساتویں حدیث !

راویان : ابراھیم بن یعقوب جرجانی، وھب بن جریر ، محمد بن عبد الله ابی یعقوب

ابن ابی نعم کہتے ہیں کہ میں حضرت ابن عمرؓ کے پاس تھا تو ان کے پاس ایک آدمی نے آکر پوچھا کہ اس کے کپڑے میں مچھر کا خون لگ گیا ہے اور اس نے اس میں نماز پڑھی ہے؟ حضرت ابن عمرؓ نے پوچھا آپ کون ہیں؟

اس نے جواب دیا میں اہل عراق میں سے ہوں آپ نے فرمایا اس

Marfat.com

آدمی کی طرف دیکھو یہ مجھ سے مچھر کے خون کے بارے میں پوچھتا ہے حالانکہ ان لوگوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بیٹے کو قتل کیا ہے اور میں نے حضور رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے آپ کے اس بیٹے اور اس کے بھائی یعنی وہ حسن اور حضرت حسین علیہم السلام کے بارے میں سُنا ہے کہ یہ دونوں میری دنیا کی خوشبو ہیں۔

# علی و فاطمہ رسول اللہ کے عزیز و محبوب ہیں

راویان : حدیث ! زکریا بن یحییٰ بن ابی عمر ، سفیان ، ابی بحیح

ابی نجیح اپنے باپ سے روایت کرتے ہیں کہ ایک شخص نے بیان کیا کہ میں نے کوفہ میں حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم کو منبر پر فرماتے ہوئے سُنا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کی مجھ سے منگنی کی اور پھر مجھ سے ان کی شادی کر دی میں نے عرض کیا یا رسول اللہ میں آپ کو زیادہ محبوب ہوں یا فاطمہ؟ تو فرمایا وہ مجھے تجھ سے زیادہ محبوب ہے اور تو مجھے اس سے زیادہ عزیز تر ہے۔

Marfat.com

# جو اپنے لئے مانگا وہ علی کے لئے مانگا فرمانِ رسول

## پھلی حدیث!

راویان : عبد الاعلی بن واصل بن عبد الاعلی، علی بن ثابت ، منصور ابن الا سود ،یزید بن ابی زیاد ،سلیمان بن عبداللہ ، حرث ، جدہ

حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ میں بیمار ہوا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میری عیادت کے لئے تشریف لائے میں پہلو کے بل لیٹا ہوا تھا آپ نے میرے پہلو کے ساتھ ٹیک لگائی پھر مجھے اپنے کپڑے سے ڈھانپ دیا جب آپ نے دیکھا کہ میں تندرست ہو گیا ہوں تو آپ مسجد میں نماز پڑھنے کے لئے چلے گئے نماز سے فارغ ہونے کے بعد آپ پھر تشریف لائے اور کپڑا اٹھا کر فرمایا علی کھڑے ہو جاؤ میں کھڑا ہو گیا اور میں بیماری سے ٹھیک ہو چکا تھا گویا اس سے پہلے مجھے کوئی بیماری ہی نہ تھی آپ نے فرمایا نماز میں ، میں نے جو چیز بھی اللہ تعالیٰ سے مانگی ہے اس نے مجھے دی ہے اور جو چیز میں نے اپنے لئے مانگی ہے وہ تیرے لئے

Marfat.com

بھی مانگی ہے۔

## دوسری حدیث!

جعفر الاحمر نے اختلاف اسناد کرتے ہوئے کہا ہے کہ یزید بن ابی زیاد سے عبداللہ بن حرث نے یہ روایت بیان کی ہے۔

قاسم بن زکریا بن دینار کہتے ہیں کہ مجھے حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم نے بتایا کہ مجھے درد ہوا تو میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس آیا آپ نے مجھے اپنی جگہ پر کھڑا کر دیا اور اپنے کپڑے کا ایک کونہ مجھ پر ڈال کر نماز میں مصروف ہو گئے نماز سے فارغ ہو کر فرمایا علی کھڑے ہو جاؤ تم تندرست ہو گئے ہو اب تمہیں کوئی خوف نہیں میں نے اپنے لئے جس چیز کی دعا کی ہے تیرے لئے بھی ویسی ہی دعا کی ہے اور میں نے جس چیز کے متعلق دعا کی ہے وہ قبول ہو گئی ہے یا آپ نے فرمایا کہ وہ چیز مجھے دے دی گئی ہے جو میں نے اپنے لئے اور تیرے لئے مانگی ہے یاں البتہ میرے بعد کوئی نبی نہیں۔

## حضور ﷺ کا حضرت علی کو مخصوص کرنا

## پہلی حدیث!

راویان : احمد بن حرب، قاسم، ابن یزید ، ابو سفیان

Marfat.com

اسحاق ،ناصیہ بن کعب الا سدی ،

حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہو کر بتایا کہ آپ کی محبت میں مستغرق آپ کے چچا انتقال کر گئے ہیں ان کی تدفین کون کرے گا آپ نے فرمایا تم خود کرو گے اور واپس آنے تک کوئی نیا کام نہ کرنا دفنانے کے بعد میں آپ کی خدمت میں حاضر ہوا تو آپ نے مجھے غسل کرنے کا حکم دیا اور آپ نے ایسی دعائیں کیں کہ روئے زمین پر مجھے ان سے زیادہ خوش کرنے والی کوئی چیز نہیں۔

## دوسری حدیث !

راویان : محمد بن مثنیٰ ، ابی داؤد ، فضیل ابو معالی ، العشبی ،

حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں کہ جب میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس واپس آیا تو آپ نے مجھے ایک بات کہی کہ اگر مجھے اس کے بدلے میں تمام دنیا بھی مل جاتی تو میں اسے پسند نہ کرتا۔

# حضرت علی سے گرمی اور سردی دور ہونے کی خصوصیت

## پہلی حدیث !

Marfat.com

**راویان : محمد بن یحییٰ بن ایوب بن ابراھیم محمد بن یحییٰ ابراھیم صائغ ، ابی اسحاق ھمدانی**

حضرت عبدالرحمٰن بن ابی لیلیٰ بیان کرتے ہیں کہ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ شدید گرمی میں ہمارے پاس تشریف لائے تو آپ سردی کا لباس زیب تن کئے ہوئے تھے اور سردی میں ہمارے پاس آئے تو گرمی کا لباس پہنے ہوئے تھے پھر آپ نے پانی منگوا کر پیا اور اپنی پیشانی سے پسینہ صاف کیا جب وہ گھر کو لوٹ گئے تو میں نے اپنے باپ سے پوچھا کہ آپ نے امیر المومنین علیہ السلام کو دیکھا کہ وہ سردیوں میں ہمارے پاس آئے تو گرمیوں کا لباس پہنے ہوئے تھے اور گرمیوں میں تشریف لائے تو سردیوں کا لباس زیب تن کئے ہوئے تھے ابو لیلیٰ کہتے ہیں کہ میں نہ سمجھ سکا کہ یہ کیا معاملہ ہے چنانچہ وہ اپنے بیٹے عبدالرحمٰن کا ہاتھ پکڑے ہوئے حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے پاس آئے اور جو بات اس نے کی تھی وہ آپ کی خدمت میں عرض کر دی۔

حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے انہیں کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے میری طرف پیغام بھیجا تو میں شاید آشوب چشم میں مبتلا تھا آپ نے میری آنکھوں میں اپنا لعاب دہن مبارک لگا کر فرمایا اپنی آنکھیں کھولو میں نے اپنی آنکھیں کھولیں تو اس وقت تک انہیں کبھی کوئی تکلیف نہیں ہوئی اور آپ نے میرے لئے دعا فرمائی اے اللہ اس سے گرمی اور سردی کی

Marfat.com

تکلیف کو دور فرما دے پس مجھے آج کے دن تک سردی اور گرمی کی کبھی تکلیف نہیں ہوئی۔

# حضور کا حضرت علی سے مشورہ اور امت سے تخفیف

راویان حدیث :. محمد بن عبد الله بن عمار ، قاسم حرمی ، سفیان ، عثمان، ا بن مغیرہ سالم ، علی بن علقمه

حضرت علی رضی اللہ تعالی عنہ سے بیان کرتے ہیں کہ جب آیت کریمہ، یا ایها الذین آمنو اذا نا جیتم الر سول فقد موا بین یدی نجو اکم صد قةً۔

نازل ہوئی تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم سے فرمایا انہیں حکم دو کہ صدقہ دیں عرض کیا یا رسول اللہ کتنا صدقہ دیں فرمایا ایک دینار عرض کیا وہ اتنی طاقت نہیں رکھتے۔

فرمایا نصف دینار عرض کیا اس کی بھی طاقت نہیں رکھتے فرمایا پھر کتنا عرض کیا ایک جو تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا،

أ شفقتم ان تقد موا بین یدی نجو اکم صد قات

حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرمایا کرتے تھے کہ میری وجہ سے اس

Marfat.com

امت سے تخفیف ہوئی ہے۔

# بد بخت ترین آدمی کا بیان

**راویان حدیث:۔ محمد بن وہب بن عبد اللہ بن سماک محمد بن سلمہ ابن اسحاق یزید بن محمد بن خثیم ، محمد بن کعب قرظی ، محمد بن خثیم،**

حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ تعالیٰ عنہما بیان کرتے ہیں کہ میں اور حضرت علی بن ابی طالب کرم اللہ وجہہ الکریم غزوۃ العشیر ۃ میں جو بطن ینبع میں ہے دونوں ساتھی تھے جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وہاں تشریف لائے تو آپ نے ایک ماہ تک قیام فرمایا نیز آپ نے وہاں پر بنی مدلج اور ان کے حلیفوں سے جو بنی ضمر ۃ سے تھے مصالحت کی حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے مجھے فرمایا اے ابوالیقظان کیا تمہارے لئے ممکن ہے کہ ہم بنی مدلج کے اس گروہ کے پاس ہو آئیں جو اپنے ایک چشمے میں کام کر رہے ہیں تو ہم ان کے پاس ہو آتے ہیں چنانچہ ہم وہاں گئے اور کچھ دیر ان کے کام کو دیکھتے رہے پھر ہمیں نیند آنے لگی تو میں اور حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ وہاں سے چل دیئے یہاں تک کہ ہم کھجور کے چھوٹے درختوں کے سائے اور بنجر زمین میں لیٹ گئے اور سو گئے خدا کی قسم ہمیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جگایا آپ ہمیں اپنے پاؤں سے ہلا رہے تھے اور جس بنجر زمین پہ ہم

Marfat.com

سوئے اس سے ہمارے جسم خاک آلود ہو گئے اس وقت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم کو فرمایا اے ابوتراب تجھے کیا ہوگیا ہے؟ آپ نے یہ بات آپ پر مٹی دیکھ کر فرمائی۔

پھر آپ نے فرمایا کیا میں تم کو دو بدبخت ترین آدمیوں کے متعلق بتاؤں؟

ہم نے عرض کیا ! ہاں یارسول اللہ ضرور بتایئے

فرمایا ! ثمود کا احمیر جس نے اونٹنی کی کونچیں کاٹ ڈالی تھیں اور دوسرا وہ شخص ہے جو اے علی تجھے شہید کرے گا اور آپ نے اپنا ہاتھ اپنے سر پر رکھا یہاں تک کہ اس سے یہ کھوپڑی تر ہو جائے گی اور آپ نے اپنی ریش مبارک کو پکڑا یعنی سر سے خون بہہ کر داڑھی کو تر کر دے۔

# حضور کو سب سے آخر میں ملنے والے شخص کا بیان

## پہلی حدیث !

راویان : ابو الحسن علی بن حجر مروزی ، جریر مغیرہ ،

Marfat.com

ام المومنین حضرت ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا بیان فرماتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سب سے آخر میں ملاقات کرنے والے حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم ہیں،

## دوسری حدیث !

راویان : محمد بن قدامہ ، جریر مغیرہ ام موسی

ام المومنین حضرت سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے قسم کھا کر بتایا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سب سے آخر میں ملاقات کرنے والے حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ تھے آپ نے مزید فرمایا کہ جس صبح کو حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا وصال مبارک ہوا اس دن آپ نے حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی طرف پیغام بھجوایا آپ فرماتی ہیں میرا خیال ہے آپ کا پیغام بھجوانا کسی ضرورت کے باعث تھا۔

کیونکہ آپ نے تین بار پوچھا کہ علی آ گئے ہیں؟

حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم طلوع آفتاب سے قبل تشریف لائے چنانچہ جب وہ آئے تو ہمیں معلوم ہو گیا کہ آپ کو ان سے کوئی کام ہے، ہم گھر سے باہر نکل گئیں ہم ان دنوں حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے گھر میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس رہتی تھیں حضرت ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا فرماتی ہیں کہ گھر سے نکلنے والوں میں سب سے آخر پر تھی پھر میں

Marfat.com

دروازے کے پیچھے بیٹھ گئی اور میں ان سب سے دروازے کے زیادہ قریب تھی حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ آپ کے اوپر جھکے ہوئے تھے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے ملاقات کرنے والوں میں سب سے آخری آدمی تھے پس رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے سرگوشیاں فرمائیں اور رازکی باتیں کہنے لگے۔

## علی تو تنزیل قرآن کی طرح تاویل قرآن پر بھی جنگ کریگا

راویان:. احمد بن شعیب اسحاق بن ابراھیم و محمد بن قدامہ، حرب، اعمش اسماعیل بن رجا، رجاء.

Marfat.com

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے انتظار میں بیٹھے ہوئے تھے کہ آپ ہمارے پاس تشریف لائے آپ کی نعلین مبارک کا تسمہ ٹوٹا ہوا تھا آپ نے اسے حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی طرف بڑھا دیا اور فرمایا یقینا تم میں وہ آدمی موجود ہے جو لوگوں سے تاویل قرآن پر اسی طرح جنگ کرے گا جیسے اس نے تنزیل قرآن پر کی ہے حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے عرض کیا وہ آدمی میں ہوں؟

فرمایا! نہیں

حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے عرض کیا میں ہوں؟ فرمایا نہیں بلکہ وہ جوتا مرمت کرنے والا ہے۔

## حضرت علیؓ کی نصرت کی ترغیب

راویان حدیث : یوسف بن عیسیٰ فضیل بن موسیٰ اعمش ابی اسحاق

حضرت سعید بن وہب بیان کرتے ہیں کہ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے لوگوں کے بیٹھنے کی کھلی جگہ میں فرمایا میں اس شخص کو اللہ تعالیٰ کا واسطہ دیتا ہوں جس نے غدیر خم کے روز رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو یہ فرماتے سُنا ہے کہ اللہ تعالیٰ میرا ولی ہے اور میں مومنوں کا ولی ہوں اور جس کا میں ولی

Marfat.com

ہوں اس کا یہ ﷺ حضرت علی ﷺ ولی ہے اے اللہ جو اس سے محبت رکھتا ہے اس سے محبت رکھ اور جو اس سے دشمنی رکھتا ہے اس سے دشمنی رکھ اور جو اس کی نصرت کرتا ہے اس کی مدد فرما۔

سعید کہتے ہیں کہ میرے پہلو سے چھ آدمی اُٹھے اور حارثہ بن نصر کہتے ہیں کہ چھ کھڑے ہوئے اور زید بن یثیغ کہتے ہیں کہ میرے پاس سے چھ آدمی کھڑے ہوئے

اور عمرو ذومر کہتے ہیں جو اس سے محبت رکھتا ہے میں اس سے محبت رکھتا ہوں اور جو اس سے بغض رکھتا ہے میں اس سے بغض رکھتا ہوں۔

# حضرت عمار کو باغی گروہ قتل کرے گا

## پھلی حدیث !

راویان : عبد الله بن محمد بن عبد الرحمن و زهری غندر، شعبه ، خالد ، سعید بن ابی حسن ، ام سعید،

Marfat.com

حضرت ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت عمار رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے فرمایا تجھے ایک باغی گروہ قتل کرے گا۔

## دوسری حدیث!

راویان : شعبہ ، ایوب، خالد، حسن ابو الحسنیہ راوی ابو داؤد کے ھیں

ام المومنین حضرت ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت عمار رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے فرمایا تجھے ایک باغی گروہ قتل کرے گا۔

## تیسری حدیث!

راویان : ابن عون حسن حمید،بن مسعدہ ، یزید، ابن زریع ابن عون

حسن اپنے باپ سے روایت کرتے ہیں کہ ام المومنین حضرت ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا کہ غزوۂ خندق کے روز آپ لوگوں کو دودھ عطا کر رہے تھے اور آپ کے سینے کے بال مٹی سے اٹے ہوئے تھے آپ فرماتی ہیں خدا کی قسم میں نہیں بھولی آپ نے فرما رہے تھے اے اللہ

Marfat.com

اصل بھلائی تو آخرت کی ہے پس تو انصار اور مہاجرین کو بخش دے آپ فرماتی ہیں کہ حضرت عمار رضی اللہ تعالیٰ عنہ آ گئے تو فرمایا ابن سمیہ کو باغی گروہ قتل کرے گا۔

## چوتھی حدیث!

راویان : احمد بن شعیب محمد بن عبد الاعلی خالد بن عنبر

حضرت حسن بیان کرتے ہیں کہ حضرت ام المومنین ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے مکہ معظمہ میں یوم خندق کی تالیف کا ذکر کیا کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم لوگوں کو دودھ عطا کر رہے تھے اور آپ کے بال غبار سے اٹے ہوئے تھے اور آپ فرما رہے تھے اے اللہ اصل بھلائی تو آخرت کی بھلائی ہے پس انصار و مہاجرین کو بخش دے اور حضرت عمار ابن سمیہ آئے تو فرمایا تجھے ایک باغی گروہ قتل کرے گا۔

## پانچویں حدیث!

راویان : احمد بن شعیب ، نضر ابن شمیل ، شعبہ ابی سلمہ ابی نضرہ ابو سعید خدری ،

حضرت ابوقتادہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنے سر سے غبار کو صاف کرتے ہوئے حضرت عمار

Marfat.com

رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو فرمایا اے ابن سمیہ عنقریب تجھے باغی گروہ قتل کردے گا۔

## چھٹی حدیث!

راویان : احمد بن سلیمان، یزید، العوام، الاسود بن مسعود حنظلہ بن خویلد

حنظلہ بیان کرتے ہیں کہ میں امیر معاویہ کے پاس تھا کہ ان کے پاس دو آدمی حضرت عمار رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے سر کے بارے میں جھگڑا کرتے ہوئے آئے ان میں سے ہر ایک یہی کہتا تھا کہ میں نے اُسے قتل کیا ہے تو حضرت عبداللہ ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے کہا کہ تم دونوں میں سے ایک اپنے آپ کو اپنے ساتھی سے اچھا سمجھے گا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے سُنا ہے کہ عمار تجھے باغی گروہ قتل کرے گا۔

شعبہ نے اختلاف اسناد کرتے ہوئے کہا۔

عن العوام عن رجل عن حنظلة بن سوید

حضرت حنظلہ سے روایت ہے کہ حضرت عمار رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا سر لایا گیا تو حضرت عبداللہ ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کہا کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے سُنا ہے کہ تجھے باغی گروہ قتل کرے گا۔

## ساتویں حدیث!

راویان : احمد بن شعیب، محمد بن قدامہ، جریر،

Marfat.com

اعمش . عبد الرحمن

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالٰی عنہ نے بیان کیا کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے سُنا ہے کہ اے عمار تجھے باغی گروہ قتل کرے گا ابو معاویہ نے اس روایت کو اعمش سے روایت کیا ہے۔

## آٹھویں حدیث!

راویان عبد اللہ بن محمد ابو معاویہ الا عمش بن عبد الرحمن بن ابی زیاد احمد بن شعیب عمر و بن منصور شیبانی سفیان، الا عمش عبد الرحمن بن ابی زیاد

حضرت عبداللہ بن الحرث بیان کرتے ہیں کہ میں حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص اور حضرت معاویہ کے ساتھ چل رہا تھا کہ حضرت عبداللہ بن عمرو نے کہا اے معاویہ کیا تو نے وہ بات نہیں سُنی جو لوگ کہہ رہے ہیں کہ اسے باغی گروہ نے قتل کیا ہے۔

تو حضرت معاویہ نے کہا تو ہمیشہ اپنی بات میں باطل پر ہوگا کیا ہم نے اُسے قتل کیا ہے؟ اسے تو ان لوگوں نے قتل کیا ہے جو اسے ہمارے پاس لائے تھے۔

Marfat.com

# ایک خارجی گروہ نکلے گا
# خارجیوں کو قتل کرنے والا گروہ حق پر ہوگا ٭ فرمان رسول ﷺ ٭

## پہلی حدیث

راویان : محمد بن مثنی عبد الاعلی، داؤد، ابی نضرہ

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا لوگوں میں سے ایک خارجی گروہ نکلے گا اور اس خارجی گروہ کو وہ گروہ قتل کرے گا جو دونوں فریقوں میں حق سے بہت زیادہ قریب ہوگا۔

## دوسری حدیث

راویان : احمد بن شعیب، قتیبہ بن سعید، ابو عوانہ قتادہ،

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ لوگوں میں ایک خارجی گروہ نکلے گا ان سے قتل وہ گروہ متصرف ہوگا جو دونوں میں سے بہتر ہوگا۔

Marfat.com

# تیسری حدیث

راویان : احمد بن شعیب، قتیبہ بن سعید، ابو عوانہ،

قتادہ ابی نضرہ

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ میری امت دو فرقوں میں بٹ جائے گی ان کے درمیان سے ایک خارجی گروہ نکلے گا اور خارجی گروہ کو وہ گروہ قتل کرے گا جو دونوں گروہوں میں حق کے بہت زیادہ قریب ہوگا۔

# چوتھی حدیث

راویان : احمد بن شعیب عمرو بن علی، یحیی ابو نضرہ

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ میری امت دو گروہوں میں بٹ جائے گی ان میں سے ایک خارجی گروہ نکلے گا اسے وہ گروہ قتل کرے گا جو دونوں میں سے حق کے زیادہ قریب ہوگا۔

# پانچویں حدیث

راویان : احمد بن شعیب، سلیمان بن عبد اللہ بن عمرو، بهز، قاسم، ابن الفضل، ابو نضرہ،

Marfat.com

حضرت ابوسعید رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ لوگوں کے دو گروہوں میں بٹ جانے کے وقت ایک خارجی گروہ نکلے گا دونوں گروہوں میں جو گروہ حق کے زیادہ قریب ہوگا وہ اس سے جنگ کرے گا۔

## چھٹی حدیث

راویان : احمد بن شعیب، محمد بن عبد العلی، معتمر ابی ابو نضرہ،

حضرت ابوسعید رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کچھ لوگوں کا ذکر کیا کہ وہ لوگوں کے بٹ جانے کے وقت نکلیں گے ان کی علامت سر منڈانا ہوگی وہ دین سے اس طرح نکل جائیں گے جیسے تیر کمان سے نکل جاتا ہے وہ لوگ بہت بُرے یا بدترین مخلوق ہوں گے انہیں وہ گروہ قتل کرے گا جو حق کے زیادہ قریب ہوگا راوی کہتا ہے کہ آپ نے ایک اور بات بھی فرمائی کہ میرا دین اس کا دین ہوگا اور کہا کہ اے اہل عراق تم نے انہیں قتل کیا ہے۔

## ساتویں حدیث

راویان : عبد العلی بن واصل بن عبد العلی، محاضر بن المورع اجلح حبیب ضحاک المشرقی، سعید بن

Marfat.com

جبیر، میمون بن شعیب، ابو البحتری، والو ضاح، الھمدانی حسن العربی،

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا کہ اس امت میں کچھ لوگ پیدا ہوں گے پھر آپ نے ان کے صوم وصلوۃ اور زکوۃ کا ذکر کیا پھر فرمایا کہ وہ لوگ اسلام سے اس طرح نکل جائیں گے جس طرح تیر کمان سے نکل جاتا ہے قرآن ان کے حلق سے نیچے نہیں اترے گا وہ لوگوں کے دو گروہوں میں بٹ جانے کے وقت نکلیں گے اور ان سے وہ گروہ جنگ کرے گا جو اقرب الی الحق ہوگا۔

# خارجیوں سے جنگ کرنا حضرت علی کی خصوصیت

## پہلی حدیث!

راویان : یونس، ابن شہاب ابو سلمہ عبد الرحمن،

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں کہ ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس بیٹھے تھے اور آپ کچھ تقسیم فرما رہے تھے کہ آپ کے پاس ذوالخویصرہ آیا جو بنو تمیم کا ایک آدمی ہے اس نے کہا

Marfat.com

یارسول اللہ انصاف سے کام لیجئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا اگر میں انصاف نہیں کرتا تو کون انصاف کرے گا؟ اگر میں نے انصاف سے کام نہ لیا تو میں غائب و خاسر ہو جاؤں گا حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے عرض کیا یارسول اللہ مجھے اس کے قتل کی اجازت دیجئے فرمایا اسے چھوڑ دو اس کے کچھ ساتھی ہوں گے جن کے سامنے تم اپنے صوم وصلوٰۃ کو حقیر سمجھو گے وہ قرآن پڑھیں گے مگر قرآن ان کے حلق سے نیچے نہیں اترتا اور وہ لوگ اسلام سے یوں نکل جائیں گے جیسے شکار میں سے تیر پس وہ اس کے پر کو دیکھتا ہے تو اس میں خون وغیرہ کوئی چیز نہیں پاتا پھر وہ اس کی نوک کو دیکھتا ہے تو اس میں بھی کچھ نہیں پاتا پھر اس کے پیکان کو دیکھتا ہے تو اس میں بھی کچھ نہیں پاتا وہ گوبر اور خون سے آگے نکل جاتا ہے۔ ان کی نشانی ایک سیاہ فام آدمی ہے جس کا ایک بازو عورت کے پستان یا چبائے ہوئے گوشت کی طرح ہے وہ لوگوں کے بہترین گروہ کے خلاف خروج کریں گے حضرت ابو سعید رضی اللہ تعالیٰ عنہ کہتے ہیں کہ میں گواہی دیتا ہوں کہ میں نے یہ بات رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سنی ہے اور یہ گواہی بھی دیتا ہوں کہ حضرت علی ابن طالب رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے ان سے جنگ کی اور میں آپ کے ساتھ تھا آپ نے اس آدمی کی تلاش کا حکم دیا تلاش کے بعد وہ آدمی مل گیا تو اسے آپ کے پاس لایا گیا یہاں تک کہ میں نے اس کی وہ تمام صفات دیکھیں جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس کے متعلق بیان کی

Marfat.com

تھیں۔

## دوسری حدیث!

راویان : محمد بن المصطفی بن بھلول ولید بن مسلم ، قتیبہ بن ولید ، اوراعی ، زھری ، ابی سلمہ، ضحاک

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک روز رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مال غنیمت تقسیم فرما رہے تھے تو ذوالخویصرہ تمیمی نے کہا یارسول اللہ انصاف سے کام کیجئے آپ نے فرمایا تیرا برا ہو اگر میں انصاف نہیں کرتا تو کون عدل کرے گا ؟

حضرت عمر بن الخطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کہا۔

یارسول اللہ! مجھے اس کے قتل کی اجازت دیجئے

تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا!

اس کے کچھ ساتھی ہیں جن کے سامنے اپنے صوم وصلوٰۃ کو تم نبظرِ حقارت دیکھو گے اور وہ لوگ دین دے یوں نکل جائیں گے جیسے تیر کمان سے نکل جاتا ہے۔ یہاں تک کہ ان کا ایک آدمی اپنے تیر کے پر کو دیکھتا ہے تو گوبر اور خون سے آگے کوئی چیز نہیں پاتا وہ لوگوں کے بہترین گروہ کے خلاف خروج کریں گے ان کی نشانی ایک سیاہ فام اور بڑی آنکھ والا آدمی ہے

Marfat.com

جس کا ایک ہاتھ عورت کے پستان یا چبائے ہوئے گوشت کی طرح ہے

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ کہتے ہیں کہ میں گواہی دیتا ہوں کہ میں نے یہ بات رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سنی ہے اور میں گواہی دیتا ہوں کہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ تھا آپ نے مقتولوں کی طرف آدمی بھیجا تو اس نشانی والا ایک آدمی لایا گیا جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس آدمی کے متعلق بیان کی تھی۔

## تیسری حدیث!

راویان : حرث بن مسکین ابن وهب عمرو بن حرث بکر بن اشج بکر بن سعید ،

عبد اللہ بن رافع رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ جب حروریوں نے خروج کیا تو وہ لوگ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے ساتھ تھے انہوں نے کہا " لا حکم الا الله " حکم صرف اللہ تعالیٰ کے لئے ہے حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ کلمہ حق سے باطل مراد لیا جا رہا ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کچھ لوگوں کی صفت بیان کی ہے اور میں جانتا ہوں کہ وہ صفت ان لوگوں میں پائی جاتی ہے جو زبان سے حق بات کہتے ہیں لیکن وہ ان کے حلق سے آگے نہیں جاتی ان میں مخلوق الٰہی میں سے مبغوض ترین آدمی وہ سیاہ فام شخص ہے جس کا ایک ہاتھ بکری کے تھن یا

Marfat.com

پستان کے سرے کی طرح ہے جب حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ان سے جنگ کی تو آپ نے فرمایا اس آدمی کو تلاش کرو لوگوں نے تلاش کیا تو انہیں کچھ پتہ نہ چلا آپ نے فرمایا دوبارہ جا کر تلاش کرو خدا کی قسم میں نے جھوٹ نہیں بولا اور نہ ہی مجھے دو یا تین بار جھٹلایا جائے گا پھر لوگوں نے اسے ایک ویرانے میں پایا تو اسے لا کر آپ کے سامنے رکھ دیا عبداللہ کہتے ہیں کہ میں حضرت علی کے اس فرمان اور ساتھیوں کو حکم دینے کے وقت موجود تھا۔

## چوتھی حدیث!

راویان : احمد بن شعیب محمد بن معاویه ابن یزید علی بن هشام ، اعمش ، خیثمه ،

حضرت سوید بن غفلہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو یہ فرماتے سنا کہ جب میں تمہیں اپنے متعلق بتاؤں تو جنگ ایک چال ہے۔اور جب میں تمہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی طرف سے کوئی بات بتاؤں تو مجھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے متعلق جھوٹ بولنے کی نسبت آسمان سے نیچے گر پڑنا زیادہ محبوب ہے میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے سنا ہے کہ آخری زمانے میں ایک نوعمر اور بے وقوف قوم اٹھے گی وہ مخلوق کو اچھی باتیں بتائے گی وہ لوگ قرآن کو پڑھیں گے ان کا ایمان ان کی شہ رگ سے نیچے نہیں جائے گا وہ دین سے یوں نکل

Marfat.com

جائیں گے جیسے تیر کمان سے نکل جاتا ہے تم انہیں جہاں پاؤ قتل کردو ان کے قتل کرنے کا اجر اس شخص کے اجر کے برابر ہے جس نے انہیں قیامت کے روز اللہ کے ہاں قتل کیا۔

# راویان حدیث کے متعلق ابو اسحاق کے اختلاف کا بیان

## پہلی حدیث!

راویان: احمد بن سلیمان ،قاسم بن زکریا عبد اللہ اسرائیل ، ابی اسحاق،

سوید بن غفلہ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے بیان کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ آخری زمانے ایک قوم پیدا ہوگی وہ لوگ قرآن پڑھیں گے اور قرآن اُن کے حلق سے نیچے نہیں اترے گا وہ اسلام سے یوں نکل جائیں گے جیسے تیر کمان سے نکل جاتا ہے ہر مسلمان کے لئے ان سے جنگ کرنا فرض ہے،

یوسف بن ابی اسحاق نے راویوں کے اختلاف بیان کرتے ہوئے ابی اسحاق اور سوید بن غفلہ کے درمیان عبدالرحمن للہ مروان کو داخل کیا ہے،

Marfat.com

## دوسری حدیث!

**راویان:۔ زکریا بن یحییٰ محمد بن العلاء ابراھیم بن یوسف، یوسف، اسحاق، ابی قیس ازدی**

سوید بن غفلہ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے بیان کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا کہ آخری زمانے میں ایک قوم ہوگی وہ لوگ قرآن پڑھیں گے اور قرآن ان کے حلق سے نیچے اترے گا وہ دین سے اس طرح نکل جائیں گے جیسے تیر کمان سے نکل جاتا ہے ہر مسلمان کے لئے ان سے لڑنا فرض ہے ان کی نشانی یہ ہے کہ وہ سر منڈاتے ہوں گے۔

## تیسری حدیث!

**راویان ! احمد بن شعیب ، محمد بن بکار حرانی مخلد اسرائیل ، ابراھیم العلی ،**

طارق بن زیاد کہتے ہیں کہ ہم حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے ساتھ خوارج کی طرف نکلے آپ نے انہیں قتل کرنے کے بعد فرمایا تلاش کرو حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہے کہ عنقریب ایک قوم پیدا ہو گی جو حق بات کہے گی مگر وہ ان کے حلق سے آگے نہیں گزرے گی وہ حق سے اس طرح نکل جائیں گے جس طرح تیر نشانے سے نکل جاتا ہے ان کی نشانی یہ ہے کہ ان میں ایک سیاہ فام اور ہاتھ کٹا آدمی ہوگا اس کے ہاتھ پر سیاہ بال

Marfat.com

ہوں گے اسے تلاش کرو اگر وہ وہی ہے تو تم نے مخلوق کے بدترین آدمی کو قتل کر دیا ہے اور اگر وہ نہیں ہے تو تم نے لوگوں سے بہتر آدمی کو مار دیا ہے ہم رو پڑے پھر آپ نے فرمایا تلاش کرو ہم نے تلاش کر کے اس ٹنڈے کو پا لیا پس ہم سجدے میں گر گئے اور حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ بھی ہمارے ساتھ ہی سجدے میں گر گئے سوائے اس کے کہا'' یتکلمون کلمة ''

## چوتھی حدیث!

راویان : حسن بن مدرک یحییٰ بن حماد ابو عوانہ ، ابو سلیمان الجہنی کہتے ہیں کہ میں جنگ نہروان میں حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے ساتھ تھا اور وہ ایک آدمی کو پچھاڑ رہے تھے میں نے کہا اس کی کیا بات ہے فرمایا کیا سب کی؟ پس جب جنگ نہروان ہوئی اور حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حروریوں کو قتل کیا جس وقت آپ ان سے جنگ کے لئے نکلے تو آپ نے پستان والے کو نہ پایا آپ نے چکر لگایا تو اسے اپنی دونوں پنڈلیوں کے درمیان پایا اور فرمایا خدا کے رسول نے سچ فرمایا ہے اور مجھے مسکنہ نے بتایا کہ پستان کے سرے کے اگلے حصے میں تین بال تھے۔

## پانچویں حدیث

راویان : علی بن منذر ابی عاصم بن کلیب الحرمی .

Marfat.com

کلیب الحرمی روایت کرتے ہیں کہ میں حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے پاس بیٹھا ہوا تھا کہ ایک آدمی آیا جس نے سفر کا لباس پہنا ہوا تھا اس وقت حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ لوگوں سے باتیں کر رہے تھے اور لوگ آپ سے باتیں کر رہے تھے اس آدمی نے کہا امیر المومنین کیا آپ مجھے گفتگو کی اجازت دیں گے؟ آپ نے اس کی طرف کوئی التفات نہ کیا اور مصروف گفتگو رہے وہ شخص ایک آدمی کے پاس بیٹھ گیا تو اس نے پوچھا کیا بات ہے اس نے کہا کہ میں عمرہ کے لئے جا رہا تھا کہ ام المومنین حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے میری ملاقات ہوگئی آپ نے فرمایا یہ وہ لوگ ہیں جو تمہارے علاقے میں پیدا ہوئے ہیں جنہیں حرور کہا جاتا ہے میں نے جواب دیا کہ حرور مقام پر پیدا ہوئے ہیں اور اسی نام سے معروف ہیں تو آپ نے فرمایا خوشخبری ہو اسے جو تم میں سے وہاں حاضر ہوگا! اگر ابن ابی طالب رضی اللہ تعالیٰ عنہ چاہیں گے تو ان کے متعلق تم لوگوں کو بتا دیں گے میں حضرت علی سے ان کے بارے میں دریافت کرنے کے لئے آیا ہوں جب حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ گفتگو سے فارغ ہوئے تو فرمایا اجازت طلب کرنے والا کہاں ہے پس آپ نے اسے بھی وہ بات بتائی جو انہیں بتائی تھی آپ نے

فرمایا کہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ہاں گیا اور آپ کے پاس سوائے حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے اور کوئی آدمی نہ تھا آپ نے

Marfat.com

مجھے فرمایا علی تیرا اور اس قوم کا کیا حال ہے جو ایسی اور ایسی ہے میں نے جواب دیا اللہ اور اس کا رسول ہی بہتر جانتے ہیں پھر آپ نے ہاتھ سے اشارہ کیا اور فرمایا مشرق سے ایک قوم نکلے گی وہ قرآن کو پڑھیں گے مگر قرآن ان کے حلق سے نیچے نہیں اترے گا وہ دین سے اس طرح نکل جائیں گے جیسے تیر کمان سے نکل جاتا ہے ان میں ایک ٹنڈا آدمی ہے اس کا ہاتھ حبشی عورت کے پستان کی طرح ہے حدیث بیان کرنے کے بعد حضرت علی علیہ السلام نے فرمایا میں تمہیں اللہ کا واسطہ دیتا ہوں کہ میں نے تمہیں اس کے متعلق بتا دیا ہے؟

لوگوں نے جواب دیا ہاں بتا دیا ہے فرمایا میں تم سے اللہ کا واسطہ دے کر پوچھتا ہوں کہ وہ ان میں ہے لوگوں نے جواب دیا نہیں آپ نے فرمایا پس تم نے میرے پاس آ کر مجھے بتایا ہے کہ وہ ان لوگوں میں سے نہیں ہے میں اللہ کی قسم کھا کر تم سے کہتا ہوں کہ وہ انہی لوگوں میں ہے پھر تم اسے میرے پاس گھسیٹتے ہوئے لائے جیسا کہ میں تمہارے پاس اس کی نشانی بیان کی تھی انہوں نے کہا ہاں اللہ اور اس کے رسول نے سچ فرمایا ہے۔

## چھٹی حدیث!

راویان محمد بن العلاء ابو معاویہ اعمش زید ابن وھب

Marfat.com

حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ جب جنگ نہروان ہوئی تو آپکی خارجیوں سے مڈبھیڑ ہوئی مگر وہ آپ کے مقابلہ میں ٹھہر نہ سکے یہاں تک کہ نیزے مار مار کر اُن سب کو ہلاک کر دیا پس حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا پستان جیسے ہاتھ والے کو تلاش کرو تلاش کے باوجود جب وہ نہ ملا تو حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا نہ میں نے جھوٹ بولا ہے اور نہ جھٹلایا جاؤں گا اسے تلاش کرو تلاش کرنے پر وہ ایک گڑھے میں پڑا ہوا مل گیا اس پر مقتولوں کا ڈھیر لگا ہوا تھا کیا دیکھتے ہیں کہ ایک آدمی جس کے ہاتھ پر بلی کی مونچھوں کی طرح بال ہیں وہاں پڑا ہوا ہے حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور لوگوں نے نعرہ تکبیر بلند کیا اور اس بات سے بہت متعجب ہوئے

## ساتویں حدیث !

راویان : عبد الاعلیٰ بن واصل بن عبد الاعلیٰ فضل بن وکین موسیٰ بن قیس حضرمی سلمہ بن کھیل .

زید ابن وہب کہتے ہیں کہ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے دبرخان کے پل پر خطبہ دیا اور فرمایا کہ مجھے ایک خارجی گروہ کے متعلق بتایا گیا ہے جو مشرق کی طرف سے نکلے گا اور ان میں ایک آدمی ہوگا جسے ذو الثدیہ کہا جائے گا پس آپ نے ان سے جنگ کی حروریوں نے ایک دوسرے سے کہا اس نے تمہیں حرور کی جنگ کی طرح واپس لوٹا دیا ہے پس

Marfat.com

انہوں نے ایک دوسرے کو نیزے مارے تو حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے اصحاب میں سے ایک شخص نے کہا انہوں نے نیزے توڑ دیئے ہیں پس انہوں نے چکر لگایا اور حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے لشکر میں سے بارہ یا تیرہ آدمی مارے گئے آپ نے فرمایا ٹنڈے کو تلاش کرو اور یہ ایک سرد دن کی بات ہے لوگوں نے کہا ہم تو اس بات کی طاقت نہیں رکھتے تو حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی چتکبرے خچر مبارک پر سوار ہوئے اور فرمایا یہ ہے وہ زمین ان لوگوں میں اسے تلاش کرو پس اسے نکالا گیا آپ نے فرمایا نہ میں نے جھوٹ بولا ہے اور نہ میں جھٹلایا جاؤں گا کام کرو اور رُک جانے پر اکتفاء نہ کرو اگر مجھے یہ خوف نہ ہوتا کہ آپ لوگ کام چھوڑ دیں گے تو میں تمہیں وہ بات بتا تا۔ جس کا فیصلہ اللہ تعالیٰ نے حضرت نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زبان سے کرایا ہے میں نے یمن میں کچھ لوگوں کو دیکھا انہوں نے کہا امیر المومنین وہ کیا فیصلہ ہے فرمایا ان کے لئے ہے۔

## آٹھویں حدیث!

راویان : عباس بن عبد العظیم ، عبد الرازق عبد الملک بن ابی سلیمان سلمہ بن کھیل،

ابن وہب کہتے ہیں کہ میں حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے اس

Marfat.com

لشکر میں شامل تھا جو خارجیوں کی طرف گیا تھا حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا اے لوگو میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے سُنا ہے کہ عنقریب میری اُمت میں ایک قوم پیدا ہوگی وہ لوگ قرآن پڑھیں گے مگر تمہاری قرأت اور نماز، روزہ ان کی قرأت اور نماز، روزوں سے کوئی نسبت نہ رکھیں گے وہ قرآن پڑھیں گے اور خیال کریں گے کہ اس کا ثواب انہیں ملے گا، حالانکہ وہ پڑھنا ان کے لئے وبال جان اور عذاب بن جائے گا قرآن ان کے حلق سے نیچے نہیں اترے گا، وہ اسلام سے اس طرح نکل جائیں گے جیسے تیر کمان سے نکل جاتا ہے اگر اُس لشکر کو جو ان سے لڑنے جارہا ہے، یہ علم ہوتا کہ اللہ تعالیٰ نے ان کے نبی کی زبان سے ان کے متعلق کیا فیصلہ فرمایا ہے تو وہ اسی عمل پر توکل کر بیٹھتے، اس قوم کی نشانی یہ ہے کہ ان میں ایک آدمی ہے جس کا بازو تو ہے مگر کہنی سے ہاتھ تک کا حصہ موجود نہیں اور اس کا بازو عورت کے پستان کی بھٹنی کی طرح ہے جس پر سفید بال ہیں،

سلمہ کہتے ہیں کہ زید نے مجھے ایسی جگہ اتارا کہ ہم پل پر سے گزرے، زید کہتے ہیں کہ ہماری اور خوارج کی مڈبھیڑ ہوئی تو خوارج کا لیڈر عبداللہ بن وہب الرسبی تھا، اس نے انہیں کہا کہ اپنے نیزے پھینک دو اور میانوں سے تلواریں نکال لو، پس لوگوں نے انہیں نیزے سے مارا اور بعض نے بعض کو قتل کیا اور سوائے دو آدمیوں کے کسی کو کوئی گزند نہ پہنچا، حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا۔ اس میں ٹنڈے کو تلاش کرو، مگر وہ نہ ملا حضرت

Marfat.com

علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ بنفس نفیس اٹھ کر گئے، یہاں تک کہ ایسے مقتولوں کے پاس آئے جو ایک دوسرے پر پڑے ہوئے تھے، فرمایا، انہیں کھینچو، لوگوں نے اسے زمین کے ساتھ لگے ہوئے مقتولوں کے ساتھ پایا تو حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے نعرہ تکبیر بلند کیا اور فرمایا کہ خدا کے رسول نے سچ فرمایا اور پہنچایا ہے، عبیدہ یمانی نے آپ کے پاس آ کر کہا!

امیر المومنین اس ذات کی قسم ہے جس کے سوا کوئی معبود نہیں۔ آپ نے یہ بات رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سنی ہے؟ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ، نے کہا میں اس خدا کی قسم کھا کر کہتا ہوں جس کے سوا کوئی معبود نہیں کہ میں نے یہ بات رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سُنی ہے یہاں تک کہ اس نے آپ سے تین بار حلف کا مطالبہ کیا اور آپ اس بارے میں حلف اٹھاتے رہے۔

## نویں حدیث!

راویان:۔ قتیبہ بن سعید ابن عدی، ابن عون

محمد بن عبیدہ بیان کرتے ہیں کہ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا اگر تم تکبر نہ کرتے تو میں تمہیں بتاتا کہ ان لوگوں کے ساتھ لڑنے والوں کے لئے اللہ تعالیٰ نے حضرت نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زبان سے کیا وعدہ کیا ہوا ہے میں نے کہا! کیا آپ نے یہ یہ بات رسول اللہ صلی اللہ علیہ

Marfat.com

وآلہ وسلم سے سُنی ہے؟ آپ نے فرمایا! ہاں ربّ کعبہ کی قسم میں نے یہ بات آپ سے سُنی ہے۔

## دسویں حدیث!

**راویان : احمد بن شعیب ، اسماعیل بن مسعود معتمر بن سلیمان محمد بن سیرین،**

عبیدہ سلمانی کہتے ہیں کہ جب میں ان لوگوں کے پاس آیا جنہیں جنگ نہروان میں زخم لگے تھے تو حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا ان میں تلاش کرو اگر یہ اس قوم میں سے ہیں جن کا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ذِکر فرمایا ہے تو اِن میں ایک ٹنڈا آدمی ہوگا یا چھوٹے ہاتھ والا آدمی ہوگا ہم اس کے پاس آئے اور ہم نے اسے پالیا پس ہم نے حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو اُس کے متعلق بتایا۔

جب آپ نے اسے دیکھا تو فرمایا! اللہ اکبر اللہ اکبر اللہ اکبر اگر وہ اِترا نہ جائیں۔ تو میں انہیں وہ بات ضرور بتاتا جس کا فیصلہ اللہ تعالیٰ نے اُن لوگوں سے جنگ کرنے والوں کے بارے میں حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زبان مبارک سے کیا ہے میں نے کہا آپ نے وہ فیصلہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سُنا ہے؟ آپ نے تین بار رب کعبہ کی قسم اٹھا کر فرمایا ہاں میں نے خود سُنا ہے۔

Marfat.com

# گیارھویں حدیث!

راویان : محمد بن عبید ،ابو مالک عمرو بن قیس منہال بن عمرو،

زر بن جیش سے روایت ہے کہ میں نے حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو فرماتے سُنا کہ میں نے فتنے کی آنکھ پھوڑ دی ہے اگر میں نہ ہوتا تو اہل نہروان اور اہل جمل سے جنگ نہ ہوتی اور اگر مجھے یہ خوف دامن گیر نہ ہوتا کہ تم عمل کرنا چھوڑ دو گے تو میں تمہیں اس فیصلے کے متعلق بتاتا جو اللہ تعالیٰ نے اپنے رسول مکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زبان سے اس آدمی کے بارے میں فرمایا ہے جو ان کی ضلالت کو دیکھتے ہوئے اور اس ہدایت کا عرفان رکھتے ہوئے ان سے لڑتا ہے جس پر ہم قائم ہیں۔

# خارجی حضرت علی کی جن باتوں کو ناپسند کرتے تھے

حضرت ابن عباس کا مناظرہ

## پہلی حدیث

راویان : عمر بن عنی عبد الرحمن بن مہدی عکر مہ ب عمار ابو زمیل

حضرت عبداللہ ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں کہ جب حروریوں نے خروج کیا تو وہ دراہم میں الگ ہو کر بیٹھ گئے ان کی

Marfat.com

تعداد چھ ہزار تھی میں نے حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے کہا آپ ظہر کی نماز کو ٹھنڈا کر کے پڑھیں میں اس قوم کے پاس جا کر ان سے گفتگو کرتا ہوں آپ نے فرمایا مجھے تمہاری جان کے متعلق خدشہ ہے ابن عباس فرماتے ہیں کہ دو پہر کے وقت جب کہ وہ قیلولہ کر رہے تھے میں ان کے پاس گیا انہوں نے مجھے خوش آمدید کہا اور کہنے لگے آپ کا آنا کیسے ہوا؟

میں نے جواب دیا کہ میں حضور رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اصحاب اور آپ کے داماد کے پاس سے آیا ہوں ان پر قرآن نازل ہوا وہ تم میں سے اس کی تاویل کے زیادہ عالم ہیں تم میں ان کے مقابلے کا ایک آدمی بھی نہیں کہ میں تم تک وہ باتیں پہنچاؤں جو وہ کہتے ہیں اور جو تم کہتے ہو اسی کو اچھا سمجھتے ہو مجھے بتاؤ کہ تم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے صحابہ کبار اور آپ کے چچازاد بھائی سے کیوں ناراض ہو؟ انہوں نے کہا کہ تین باتوں کی وجہ سے ہم ان سے ناراض ہیں حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کہا وہ تین باتیں کون سی ہیں؟

خارجی ! ایک یہ کہ انہوں نے امر الٰہی میں آدمیوں کو حکم بنایا جب کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے ان الحکم الا للہ یعنی اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی حکم نہیں حکم اور آدمیوں کی کیا شان ہے؟

حضرت ابن عباس! یہ تو ایک بات ہوئی؟

خارجی! دوسری بات یہ ہے کہ انہوں نے جنگ کی ہے مگر نہ تو کسی

Marfat.com

کو قیدی بنایا اور نہ غنیمت لی ہے اگر مخالفین کافر ہیں تو ان سے ان کا مال چھینا چاہیئے تھا اور اگر وہ مومن ہیں تو ان سے جنگ کرنا جائز نہیں۔

حضرت ابن عباس ! یہ دو باتیں ہوئیں تیسری بات کون سی ہے

خارجی ! تیسری بات یہ ہے کہ انہوں نے اپنے نام سے امیر المومنین کا لفظ مٹا دیا ہے تو امیر الکافرین ہوئے۔

حضرت ابن عباس ! ان تین باتوں کے علاوہ بھی تمہارے پاس کوئی بات ہے؟

خارجی ! ہمارے لئے یہی تین باتیں کافی ہیں۔

حضرت ابن عباس ! اگر اللہ کی کتاب اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سنت مبارکہ سے وہ باتیں سناؤں جن سے تمہاری باتوں کی تردید ہوتی ہے تو کیا تم اسے پسند کرو گے۔

خارجی !ہاں ہم یہ باتیں پسند کریں گے

حضرت ابن عباس ! تمہارا یہ کہنا کہ حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم نے امر الٰہی میں آدمیوں کو حکم ثالث بنایا ہے تو میں تمہیں قرآن مجید سے سُناتا ہوں کہ اللہ تبارک وتعالیٰ نے اپنے حکم چوتھائی درہم کی قیمت میں آدمیوں کے حکم میں تبدیل فرمادیا ہے پس اللہ تعالیٰ نے لوگوں کو حکم دیا ہے کہ اس کے متعلق فیصلہ کریں۔

یا ایھا الذین آمنوا لاتقتلوا الصید و انتم حرم ومن

Marfat.com

**قتلہ منکم متعمدا فجزا مثل ما قتل من النعم**

**یحکم بہ ذوا عدل منکم ﴿الآیۃ﴾**

**ترجمہ!**

یعنی اے مومنو! حالت احرام میں شکار کو قتل نہ کرو تو جس نے جان بوجھ کر اسے مارا تو اس کے بدلہ کے متعلق تم میں انصاف کرنے والے فیصلہ کریں گے میں تمہیں اللہ کا واسطہ دے کر پوچھتا ہوں کیا خرگوش یا اس قسم کے شکار کے متعلق انسانوں کا فیصلہ افضل ہے یا ان کے اپنے خون اور آپس کی خرابیوں کے دور ہونے کے بارے میں ان کا حکم اچھا ہے اور تم جانتے ہو کہ اگر اللہ تعالیٰ چاہے تو وہ خود فیصلہ کرسکتا ہے اور اسے اس بات کی حاجت نہیں کہ وہ اسے انسانوں کے حکم میں تبدیل فرمادے؟

خارجی ! ہاں انسانوں کا فیصلہ افضل ہے۔

حضرت ابن عباس ! اللہ تعالیٰ مرد اور اس کی بیوی کے متعلق فرماتا ہے۔

**وان خفتم شقاق بینھما فابعثوا حکما من اھلہ**

**وحکما من اھلھا ان یریدا اصلاحا یوفق اللہ**

Marfat.com

بینهما.

ترجمہ!

میں تمہیں خدا کا واسطہ دے کر پوچھتا ہوں کہ
آپس کی اصلاح اور خون کی حفاظت کے بارے میں
انسانوں کا فیصلہ کرنا افضل ہے یا عورت کے بارے
میں تم اس بات کو چھوڑتے ہو؟

خارجی !ہاں انسانوں کا فیصلہ افضل ہے۔

حضرت ابن عباس !تمہارا یہ کہنا کہ حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم نے جنگ کی اور کسی کو قیدی نہیں بنایا اور نہ ہی غنیمت لی ہے کیا تم اپنی ماں حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو قیدی بنانا چاہتے ہو اور اس کے لئے بھی وہی چیز حلال قرار دیتے ہو جو اس کے غیر کے لئے حلال قرار دیتے ہو حالانکہ وہ تمہاری ماں ہے۔

اگر تم یہ کہو کہ جو چیز ہم ان کے غیر سے حلال سمجھتے ہیں ان سے بھی حلال سمجھتے ہیں تو تم کافر ہو اور اگر تم کہو کہ وہ ہماری ماں نہیں ہیں تو پھر بھی تم کافر ہو اس لئے کہ اللہ تبارک وتعالیٰ نے فرمایا ہے۔

النبی اولیٰ بالمو منین من انفسهم و ازواجه
امهاتهم

ترجمہ!

Marfat.com

یعنی نبی مومنوں کی اپنی جانوں سے بھی زیادہ

